بعون صانع مکین و مکان و فضل خلاق زمین و آسمان

تاریخ سندیلہ

مطبع کارنیشن واقع لکھنؤ میں بحلیۂ طبع مزین ہوئی

تاریخ سندیلہ

مشتمل بر

حالات سندیلہ و واقعات خاندان روسا و سکنای این قصبہ از ابتدای
آبادی این خطہ تا زمان عہد معدلت مہد حضرت شہنشاہ عالم پناہ
جارج پنجم خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ

مصنفہ

مسند نشین ایوان ریاست متکی ارایکٔ دولت و امارت راجہ درگا پرشاد
صاحب بہادر متخلص بہ مہر تعلقدار و آنریری مجسٹریٹ درجہ اول و چیرمین
مینوسپل بورڈ سندیلہ ضلع ہردوئی

جسکو

مصنف معزی الیہ نے نہایت محنت و عرق ریزی کے ساتھ کتب ہائے
تواریخ و اسناد ہائے قدیم سے تحقیق و تصدیق فرماکر طبع کرایا

حسب فرمائش حضرت مصنف معزی الیہ بار اول

کارونیشن پریس واقع حسن گنج لکھنؤ طبع شد

تواریخ سندیلہ

میری سوانح عمری مین جب ناظرین ایک نگاہ باریک بین ڈالیں گے تو انہیں
میری زندگی کے زیادہ حصّہ کا صرف کاروبار ریاست کے ساتھ علمی شوق مین
پاوینگے - مین یہ دعویٰ نہین کرتا کہ مین نے تمام علوم وفنون کے مسائل حل کرلیے
ہین - لیکن جہان تک مجھ سے ہوسکا مین نے اِس پھولے پھلے باغ کے ہر چمن کی سیر
کی ہے ہر شاخون سے پھُول توڑے اور اُنکی بُو سونگھی ہے - خدمت احباب مین
بھی اِسکا تحفہ مختلف صورتون مین پہونچایا ہے کہین غزل سرائی مین اُنکی محفلون کو
رنگ و بو سے بھر دیا ہے کہین قصیدہ گوئی کے غلغلے زمین سے آسمان تک پہونچاے
ہین مثنویون کی بھی تصنیف سے ہنگامہ حسن وعشق کو گرم رکھا ہے - مناجاتون اور
رباعیات سے اپنا دردِ دل جناب باری مین پہونچایا ہے اور اُس بزم کے باریابان
سے طلب امداد کی ہے - تاریخ نگاری کا بھی حصّہ کم نہین رہا ہے - مُردگان ہزار
سالہ زندہ ہوگئے ہین - پُرانی روحین انجمن ہستی مین خرامان نظر آرہی ہین اب مین
کچھ خدمت اہلِ وطن کرنا چاہتا ہون - بڑے بڑے صاحبان دولت واقبال اور

بزرگان باعلم وکمال اِس سرزمین پرگذر گئے ہین اور امتداد ایام نے اُنکے واقعات کو بھی انکے ساتھ صفحہ ہستی سے مٹا دیا ہے - میری آرزو ہے کہ اُن کے ذکر سے پھرانکی زندگی کو نوید تازگی دون اور اِس زمانہ کے لوگون پرثابت کردون کہ انکی ترقیان ہم لوگون کی ترقیون سے کہین بلند تھین - خدا میری امداد کرے اور میری اِس آرزو کو سرمایۂ قبولیت عطا فرمائے اب مین قبل اِسکے کہ بزرگان قصبہ کا حال شروع کرون - پہلے خود قصبہ کو بزرگان قصبہ کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہون -

ذکر قصبہ سندیلہ

عہد معدلت مہد انگلیشیہ مین یہ قصبہ شامل ضلع ہردوئی ہوا طول البلد سے (۲۷) ڈگری ۴۲ پوانٹ پر بجانب شمال اور عرض البلد سے (۸۰) ڈگری ۳۰ پوانٹ پر بجانب مشرق درمیان لکھنؤ اور ہردوئی واقع ہے - ہردوئی بجانب مغرب اِس سے (۳۴) میل اور لکھنؤ بجانب مشرق (۳۲) میل ہے سڑک ملئے خام ہر چہار طرف یہانسے نکلی ہین اُتر مین بینی گنج و سیتاپور دکھن مین اُونام پورب مین بھٹ پور - پچھم ملانوان کو گئی ہے اودھ روہیلکھنڈ ریلوے بھی آبادی کے دکھن نکلی ہے - جو مغلسرائے سے سہارنپور تک گئی ہے اودھ کے قصبون مین سندیلہ بلحاظ آبادی ساتوان قصبہ ہے مردم شماری حال کے روسے اُسکی آبادی ۱۵۲۴۱ نفر ہے بمقابلہ مردم شماری گذشتہ ۱۶۸۴۳ کے ہے وجہ اِسکی متواتر طاعون اور ملیریا کے حملہ ہین - نامی اور مقدس مقامات قرب وجوار مین ہیتاہرن دس میل

نیمسار (۲۲) میل مصر کہ ۲۲ میل شمال کیطرف واقع ہے بجانب لکھن مراد آباد کا قصبہ ۲۴ میل پر ہے جو ذات بابرکت مولانا فضل الرحمان صاحب مرحوم ومغفور قدس سرہ سے معروف ومشہور ہے۔ کوئی دریا یہاں نہیں ہے لیکن متعدد تالاب ہر اطراف وجوانب مین سرزمین قصبہ کو شاداب کیے ہوئے ہین اور قصبہ کے اُتر جانب بفاصلہ ۲ میل ایک نالہ بہتا واقع ہے۔ عمارتین زیادہ تر پختہ ہین از انجملہ راقم کی املاک ایک نامی املاک اور واقعات غدر کے رو سے ایک تاریخی عمارت ہے مذہبی عمارات مین للتا پرشاد کا بنوایا ہوا سیتلا دیبی کا تالاب اور چودھری مندعلی صاحب کی مسجد قابل پسند اور خوبصورت چیزین ہین قدیم عمارتون مین سیتلا دیبی کا مندر اور بارہ کھمبہ کا مقبرہ ہے۔ تختہ آبادی کا ہموار ومسطح ہے ہوا معتدل چاہات کا پانی شہر کے اندر جا بجا کھارا اور اکثر ٹھنڈا اور بیرون آبادی کا شیرین اور سبک ہے ثمرات کے لئے یہان کی زمین موافق اور میوۂ نبہ کے واسطے مشہور نزدیک و دور ہے پان کا پیداوار اس قصبہ اور اُسکے نواح مین بکثرت ہوتا ہے جو اضلاع مغربی مین نہایت قدر وقیمت سے دیکھا جاتا ہے دہلی تک یہ نادر تحفہ پہونچتا ہے۔ گھی کے واسطے یہان کی سرزمین اور قرب وجوار کے دیہات مشہور ہین اور لکھنؤ مین اُسکے بیچنے والون کا بہت ذوق وشوق سے خیر مقدم کیا جاتا ہے۔ گذشتہ حالات مین متعلق بنیاد وبانی قصبہ کوئی مستند تحریری ثبوت نہین ملتا ہے بندوبست کی ریورٹون اور افسران بندوبست کی بیخ کی تواریخون مین لکھا گیا ہے کہ سلہا اور ملہا دو حقیقی بھائی قوم آرکھ سے تھے ایک نے سندیلہ دوسرے نے ملیح آباد آباد کیا۔ دوسرے طور پر کہا جاتا ہے کہ مخدوم حضرت سید علاء الدین صاحب کو اس سرزمین

کی معافی کی سند دربار دہلی یا ایک قول پر اُنکے پیرو مرشد حضرت نصیر الدین چراغ دہلوی سے ملی تھی اُنھوں نے قریب سندیلہ پہونچکر وہ نوشتہ دریا مین ڈبو دیا اور کہا کہ سند اللہ ہے اور اُس سے سندیلہ بنگیا کوئی مورخ یا پرانا واقف کار جو اُسکی قدامت کو جانتا ہے اِن دونون روایتون سے تسکین نہین حاصل کرسکتا۔

مخدوم صاحب ۸۰۹ھ مین پیدا ہوے اور یہی لفظ مخدوم اُنکا سال پیدایش ہے اُنھون نے ۸۶۴ھ مین وفات پائی سید مخدوم کے الفاظ سے تاریخ وفات نکلتی ہے سندیلہ اس سے بہت پیشتر کا آباد ہے تقریبًا ۰ سال اِس سے پہلے میران معزالدین صاحب بعہد شمس الدین التمش جنکی سلطنت درمیان ۶۰۷ھ و ۶۳۳ھ گذری ہے یہان آکر آرام فرما چکے ہین اور اُنکی قبر قریب تالاب شرا حوض آبادی سندیلہ کے پچھم جانب موجود ہے یہ بزرگ بموجب مضمون کتاب مراۃ الاسرار جو بعہد شاہجہان بادشاہ تصنیف ہوئی ہے حضرت شہاب الدین سہروردی کے مرید وخلیفہ تھے جنکے مرید شیخ سعدی علیہ الرحمہ تھے اُنکا ذکر کتاب مذکور مین حسب ذیل ہے۔

حضرت سید میران معز الدین قدس سرہٗ از اکمل خلفائے حضرت شہاب الدین سہروردی است مردے عظیم القدر حالے بغایت قوی داشت از ابدال ہفت گانہ کہ موسوم بہ صفت اسم القہاری باشد او بود بولایت ہندستان بطریق قہر وغلبہ بامر حق تصرف میکرد در زمان قطب الاسلام بختیار اوشی قدس سرہٗ

از بغداد بهندوستان تشریف آورده ودر قصبهٔ سندیله متوطن گشت ومرقد متبرکه او نیز در قصبهٔ مذکور زیارت گاه خلائق است - این کاتب الحروف در ماه ذی الحجه ۱۳۰۵ھ بشرف زیارتش مشرف گشته است شیر بیشه حقیقت دریافته شد که از قوت ولایت تا امروز تصرفات میکند نعمت ها درحق این نیازمند ارزانی داشته که به تحریر راست نیاید

بہر حال یہ لکھنا دلچسپ نہوگا کہ سندیلہ مخدوم صاحب نے آباد کیا یہ ہوسکتا ہے کہ اپنے سلسلہ کے لوگون کو اُنھون نے یہان آباد کیا ہو اور اسوجہ سے وہ سمجھتے ہین کہ سندیلہ اُن سے آباد ہوا - اسکے علاوہ مخدوم صاحب عہد سلطنت فیروزشاہ باربک مین یہان تشریف لائے ہین مگر اُس عہد مین بھی سندیلہ موجود تھا - جیسا کہ تاریخ فرشتہ مطبوعہ مطبع منشی نولکشور کے صفحہ ۱۴۸ سے ثابت ہے کہ فتورات ملکی کے پیش آنے پر بادشاہ نے بروقت انتظام وتقسیم ممالک کے سندیلہ - حصام الملک کو دیا - اگر اُسوقت اوس کا وجود نہوتا تو اوس انتظام مین اُسکا نام کیونکر آسکتا تھا - اور جبکہ ایسا ہی عظیم الشان یہ قصبہ تھا تب حسام الملک کی جاگیر مین داخل ہوا -

(از کتاب تاریخ فرشتہ صفحہ ۱۴۸)

درین ایام بادشاہے فیروز شاہ باربک ہیچکس از حکام غیر شمس الدین دمعانی باغی نشد و بعد از کشتہ شدن او حکومت گجرات بملک مفرح کہ از تربیت یافتگان آن دولت بود مقرر شدہ فرحت الملک خطاب یافت و بادشاہ بعد ازین قضیہ سرحد ہا

با مراے معتبر سپرده خاطر جمع ساخت چنانکہ کٹره و مہوبہ و آن نواحی را بملک شمس الدین سلیمان پسر ملک مردانِ دولت داد و اقطاع برودہ و سندیلہ و کول را حوالہ حسام الملک کرد و اقطاع جونپور و ظفر آباد بملک بہروز و پنجاب تا سرحد کابل براے وردیت نفیۃ الملک ولد ملکِ مردان دولت مفوض ساخت الغرض تا آخر عہداو حدے از نوکران عصیان نورزیدند۔

ارکھ اور بھرون کی نسبت بھی بانی قصبہ کا ہونا قابل قبول نہین ہے سلطان محمود غزنوی کے تباہ کن حملون کے بعد بھرون کا عروج ہوا ہے جسکو نو سو برس سے زیادہ نہین گذرا ہے اور یہان ایسے ایسے پرانے مقامات موجود ہین اور زمین کے نیچے سے ایسی ایسی پرانی چیزین نکلتی ہین جنسے کہین زیادہ قدامت کا زمانہ بھرون سے ثابت ہوتا ہے دراصل یہ بہت پرانا قصبہ ہے سانڈل رکھ کی عبادت کا یہ مقام ہے اور اسی مرد خدا کا نام اس قصبہ کے نام کا مخرج ہے یعنی سانڈل سے سندیلہ ہوا ہے اور پرانی تاریخ نیمسار سے ظاہر ہو گا کہ ۸۸۰۰۰ رکھ یعنی خدا کی عبادت کرنیوالے انسان تارک الدنیا اُس مقام پر جمع ہوے یاد آلہی اور الوہیت ذات پاک ابدی کا چرچا پھیلایا اُسکے بعد تین جوجن یعنی بارہ کوس کے حلقہ مین یہ لوگ منتشر ہو گئے اور اپنی اپنی پسند کی ہوئی جگہ پر عبادت کرنے لگے چنانچہ اُس بزرگ سانڈل رکھ نے یہ جگہ خاص اپنی عبادت کے واسطے پسند کی تھی جس پر اب سندیلہ آباد ہے۔ ایک بہت پرانا اشلوک اِس جگہہ پر درج کرتا ہون۔

نقل اشلوک

सारिडल्येन पुरा प्रकल्पितमिदं साणि डल्याग्रा
माऽभिधम्पुण्य स्वस्त्य यनंयशस्य मथवा श्री कल्पद्रु
म्रोयमम्मुगंगा नैमिष मध्य गंच परिता वार्या   तड़ागैर्यु
तम्म विद्वाड्ः परिवेष्टित सुमनसा काश्याः समं भूतले ॥१॥

ترجمہ

یہ قصبہ اگلے زمانے مین سانڈل رکھیشر نے آباد کیا ہے بید کے موافق یہان کے
لوگ عمل کرنیوالے ہین اور اُن کے اِس طریق عمل سے جس طور سے کہ کلپ برچھ
یعنی درخت طوبی کا خواص ہے اُس طور سے اِس قصبہ کا خواص ہے نیمسار اور
گنگا کے درمیان مین یہ قصبہ واقع ہے چھوٹے چھوٹے بڑے بڑے تالاب
یہان موجود ہین علماء اور فضلاے یہ قصبہ آباد ہے جس طور سے کہ کاشی ہے فقط
یہ اشلوک پشتہا پشت سے یہان کے باشندون کی زبان پر ہے۔

سندیلہ کے پچھم تین میل ایک موضع بھدینہ ہے۔خیال کیا جاتا ہے کہ وہان
تک سابق آبادی سندیلہ کی تھی اُسی زمین پر ایک ڈھیہ جے پال جوگی کا بھی ہے
جسکی کوئی ابتدا اور انتہا نہین بتلا سکتا ہے یہ سب علامتین قصبہ کے پرانے ہونیکی

ہین ایک پُرانا ویران قلعہ وسط آبادی سندیلہ مین ہے اِسکے بھی بانی اور بنا کا
ذکر صفحات تاریخ سے مبرّا ہے۔ چھوٹے چھوٹے بھرون کی عملداری مین قریب
قریب ہر قصبہ و دیہات مین گڈھیان اور قلعہ تیار ہوئے تھے اور انکی زوال
عملداری مین وہ سب مسمار ہو گئے اونچے ٹیلے باقی رہ گئے ہین جو اب بھی دیہات
مین بھرادیہہ کے نام سے مشہور ہین مگر اِس قلعہ کو کوئی اِس نام سے بھی نہین پکارتا
ہے اوسی اونچے مقام پر ایک مدرسہ اردو ڈسٹرکٹ بورڈ کا ہے اُسکے ہیڈماسٹر
وقت مولوی فیاض علی سندیلوی مرحوم نے سنہ۱۹۰۸ع مین باغیچہ بنانے کی ضرورت
سے ایک ٹکڑا زمین قلعہ کا کھدوایا اُسمین ایک دروازہ پتھر کا دیوتاؤن کیصورتون
سے منقش نکلا۔ وہ صورتین ہزار پانچسو برس اسطرف کی مورتون سے نہین ملتی ہین
بلکہ بودھ مذہب کے قبل کی ظاہر ہوتی ہین۔

کتاب حقیقت جمع عہد شاہی سے ثابت ہوتا ہے کہ ([illegible])
موضع سندیلہ کے متعلق تھے دام کی تحصیل ہوتی تھی۔

آئین اکبری مین لکھا ہے کہ سندیلہ کی جمع ([illegible] لاکھ) دام تھی
جو حساب سکّہ انگریزی ([illegible]) ہوتے ہین۔

عہد حضرت سلطان عالم واجد علیشاہ بادشاہ اودھ مین جمع چکلہ سندیلہ
([illegible]) تھی لیکن اسمین ملیح آباد اور بانگرمؤ بھی شامل تھا۔

اب اس عہد دولت انگلیشیہ مین بانگرمؤ ضلع اناو اور ملیح آباد ضلع لکھنؤ

ہین شامل ہوگیا لہذا جمع تحصیل ہذا (للعہ ۱۱/۴ لاکھ) ہے۔

اس قصبہ کے اندر کھتریون کی آبادی بہت زیادہ تھی مگر اب وہ قدیم باشندے بالکل باقی نہین ہین سب نکل گئے اُنکی ویرانی کا زمانہ اُنکے مکانات اور آراضیات کے بیعنامون سے جو ہمارے بزرگون اور دیگر اشخاص مندیلہ کے نام صدہا قطعات سے متجاوز ہین قریب دو سو برس تک پایا جاتا ہے اس حساب سے اُنکی آبادی اور ترقی کا زمانہ بہت اوپر پہونچ جاتا ہے اُنکا پروہت وہ سارست کا خاندان ہے جنکی سرخی مہنت بالگوبند کے نام سے قائم کی گئی ہے اُنکی بھی آبادی ایکہزار برس سے زائد کی ثابت ہوتی ہے غرضکہ یہ قصبہ پُرانا قصبہ ہے اور ہنود و قوم دعویدار ہزارہا سال کی آبادی قصبہ ہذا کی ہے اس قصبہ مین چار محلہ ہین۔ اشراف ٹولہ ملکانہ منڈی۔ مہتوانہ۔ زمانہ شاہی مین اس تحصیل کے پرگنہ جات انھین محلون کے نام سے موصوف تھے جن محلہ جات کے اطراف مین واقع سمجھے جاتے تھے وہ اسی محلہ کے نام مین داخل کئے گئے تھے۔ جملہ اندراجات مجھے ایک پُرانی کتاب سے ملی ہین جو میرے دفتر مین ہے۔ ایسے اندراجات خالی از دلچسپی نہین ہین۔ کیونکہ تقسیم پرگنہ جات بلحاظ محلہ جات واقعی ایک نہایت عمدہ اور آسان طریقہ تھا۔ یہ قصبہ اب تو سب ڈویزن کا خاص مقام ہے سرکاری تحصیل۔ تھانہ ڈاکخانہ شفاخانہ ٹاون ہال کا نجی ہاوس یہان قائم ہے ایک انگریزی اسکول مڈل کلاس تک زیر انتظام راقم ہے جسکے لئے جدید

عمارت کی طیاری کا انتظام ہو رہا ہے امید کہ بفضل خدا کامیابی ہو۔ جس سے بہت زیادہ فائدہ طلباء اہل شہر کو پہونچتا ہے علاوہ اسکے ایک اردو لوئر پرائمری اسکول اور تین (نسوان) اسکول ہیں۔ منگل اور سنیچر کو دو بازار لگتے ہین غلہ کی درآمد برآمد کا بہت بڑا منظر ہے قصبہ کے پچھم جانب تخمیناً دو میل کے فاصلہ پر ایک دمس ہے جو جنرل بارکر کی فوج نے بنایا تھا جسوقت وہ سندیلہ مین تھے اسکے نشانات اب تک پائے جاتے ہین جنرل سلیمن نے ۱۸۵۰ء مین اس قصبہ کو نہایت خرابی کی حالت مین پایا تھا لیکن اسکی آب و ہوا اور سواد کی تعریف کی تھی اب اسمین میونسپلٹی قائم ہے جس کا چیرمین راقم ہے۔ میزان آمدنی سال ۱۹۱۱-۱۲ء (للعہ ۹ / ۱۱۸۹) ہے الحاق اودھ کے بعد جو بندوبست سرکار انگریزی کا ہوا اسمین صدر مقام ملانوان قائم ہوا اور منجملہ چار تحصیلات کے ایک تحصیل سندیلہ بھی قائم ہوئی اور ضلع کے ڈپٹی کمشنر مسٹر ڈبلو سی کیپر مقرر ہوے اُنھون نے بندوبست سرسری ضلع کا شروع کیا۔ لیکن ہنوز انکے کام کا تکملہ نہ ہونے پایا تھا کہ یکایک غدر ہو گیا۔

واقعات غدر کا لکھنا ہماری کتاب کا اصلی مقصود نہین ہے مگر اُن واقعات کو ہم ترک بھی نہین کرسکتے جنکا خاص سندیلہ سے تعلق ہے۔ ابتدائے بغاوت کی تاریخ اہل تاریخ نے ۱۰ مئی ۱۸۵۷ء قرار دی ہے جسکا آغاز شہر میرٹھ سے ہوا تھا اسی سلسلہ مین دیگر مقامات مین بدمعاشان نے بلوہ کر دیا ازانجملہ ایک مقام ملیح آباد بھی ہے۔ سر ہنری لارنس نے کپتان گولڈ ولسن سپرنٹنڈنٹ ملٹری پولیس کو بغرض

رفع شر و فساد مقرر کیا - یکم جون کو یہ فوج سندیلہ پہونچی یہان آکر انکو لکھنؤ کے بلوہ کی خبر ملی
چونکہ اسی روز یکم تاریخ مہینہ کی تھی اس لیے جیکسن صاحب نے خزانہ سے روپیہ
نکال کر اپنی فوج کی تنخواہ تقسیم کردی اور خزانہ مین صرف ڈالنے کے روپے رہنے دیا
مسٹر کیبرا اپنے ہیڈ کوارٹر مین بہت دن مقیم رہے قبل اس کے کہ انکو اپنی فوج کے
بلوہ کرنے کا حال معلوم ہو جب انکو یہ بھی معلوم ہوا کہ سیتاپور مین بلوہ ہو گیا ہے تو سوائے
موقع چھوڑ دینے کے انکے پاس کوئی چارہ کار نہ تھا - لفٹنٹ انگلن اسوقت تک
موجود رہے جبتک کہ انکی فوج نے انکے خلاف خزانہ پر قبضہ نہ کر لیا افسران کے
بھاگ گئے اور محصورین کی بغاوت سے تمام ضلع مین یورش پھیل گئی یکوار ٹھاکران
موضع روسیہ اور پروا مئو ملانوان پر چڑھ دوڑے کچہریان جلا دین اور دفتر غارت
کر دیا - مسٹر کیونا صاحب ملیح آباد مین مقیم تھے - مسلمانان سندیلہ جو قلعہ ملیح آباد پر
قبضہ کئے تھے متواتر ان پر حملہ آور ہوے - ۳ جولائی کو مسٹر کیونا نے مع لفٹنان
ڈاسن صاحب اس مقام پر حملہ کیا اور باغیون کو بھگا دیا - وہ لوگ وہان سے
بھاگ کر سندیلہ آئے - بماہ اپریل ۱۸۵۸ء تھربرن صاحب بہادر مع فوج ظفر موج
سندیلہ مین داخل ہوے - میرے والد نامدار راجہ دہنپت رائے اسوقت موضع
بھوتی مین تھے صاحب بہادر ممدوح نے ایک خط راجہ صاحب کو بھیجا جسکی نقل
درج ذیل ہے -

نقل پروانہ تھربرن صاحب بہادر

مہربان دوستان راجہ دنہپت رائے سلمہ اللہ تعالیٰ

بعد شوق ملاقات کے واضح ہو کہ حسب الحکم چیف کمشنر بہادر اودھ راقم واسطے تشفی و تسلی رعایا کے مع فوج ظفر موج مقرر ہوا جس شخص نے کہ ہماری سرکار پر یلغار نہیں کی وہ بدستور زمینداری پر بحال رہیگا۔ اگر آپنے کسی طرح بلوائیون کی شراکت نہیں کی تو بہتر ہے کہ ہمارے پاس کیمپ مین آج یا کل ملاقات کیجیے۔ ہم بنام چیف کمشنر بہادر آپکو چٹھی خیرخواہی کی دینگے فقط تحریر ۱۲۔ اپریل ۱۸۵۸ء

چنانچہ راجہ صاحب فوراً مبوتی سے روانہ ہوئے اور غوث گنج کے کیمپ مین جاکر صاحب بہادر سے ملاقات کی اور بہت رعایا اور زمینداران کو ساتھ لیجاکر حاضر کر دیا۔ صاحب ممدوح نے ایک چٹھی سفارشی بنام چیف کمشنر بہادر راجہ صاحب کو دی جسکی نقل یہ ہے۔

ترجمہ چٹھی تھربرن صاحب مُنمقام غوث گنج مورخہ ۱۴۔ اپریل ۱۸۵۸ء

مہربان من۔ حامل تحریر ہذا دنہپت رائے سابق چکلہ دار سندیلہ و خیرآباد مین اُنھون نے یہ خدمت اپنے ذمہ ہمت پر لی ہے کہ اِس ضلع کے نیک نہاد زمیندارون کو ہمارے جانب آمادہ و مائل کرین اور مین نے اِس خدمت کو منظور کرلیا ہے۔ غالباً جبتک یہ لکھنؤ پہونچینگے کوئی نہ کوئی امر نسبت اِس مُلک کے جسمین اب ہم

گذر رہے ہین طے ہوجاوے بدین خیال کہ صاحب ضلع کیواسطے اپنے ضلع کی رعایا مین سے عمدہ قسم کے چند لوگ بہم پہونچنے سے معاملات مین آسانی ہو اور نیز اس لحاظ سے کہ اس کارروائی سے مشتبہہ لوگون پر بھی عمدہ اخلاقی اثر پڑے مین نے خواہ مخواہ اس تدبیر کو منظور کرلیا - قبل غدر حکام مقامی نے دہنپت راے کے بعض حقوق مالکانہ کو تسلیم کرلیا ہے - دستخط تھربرن صاحب -

ہنوز راجہ صاحب روانہ لکھنؤ نہین ہونے پائے تھے کہ فیروز شاہ شہزادہ دہلی مع فوج باغی داخل سندیلہ ہوا اور یہ سنکر کہ راجہ صاحب خیرخواہ سرکار انگریزی ہین اور ہمارا خیرمقدم نہین کیا - بہت مخالفت سے پیش آیا - دروازے مکان کے توڑ ڈالے اور راجہ صاحب کو گرفتار کرلیا - تمام اسباب اور سرمایۂ ریاست لوٹ لیا - بہت مشکل سے جان بری ہوئی - بعد ازان لکڑشاہ یہان کا ناظم مقرر ہوا - اُسنے چند ماہ یہان حکومت کی - مگر بہت ظلم و تعدی امرا و رؤسا و غربا کے ساتھ کرتا رہا - آخر کو فوج سرکاری ملیح آباد سے آئی اور یہان قیام کرکے لکڑشاہ کو مع گلاب سنگھ کارندۂ بروا اُسکے ساتھی کے مارکر بھگا دیا - موسم برسات کے بعد ماہ اکتوبر سنہ مذکور مین راجہ ہرپرشاد چکلہ دار خیرآباد بجمعیت چھ ہزار فوج باغی و آٹھ ضرب توپون کے اترسے چلا اور دریاے گومتی اترا بہت سے زمیندار ان باغی کیساتھ جمعیت تخمیناً پچاس ہزار فوج روانہ سندیلہ ہوا - ۴ - اکتوبر ۵۸ء کو قصبہ سے تین میل کے فاصلہ پر آکر ٹھہرا - اسوقت کپتان ڈاسن صاحب بہادر نے میر ولی الدین مدار راجہ دہنپت راے کو طلب فرمایا اور بعد بیان حالات موجودہ

ارشاد فرمایا کہ آپ اپنی کل املاک ہماری فوج کیواسطے خالی کردیں تو ہماری جان بچ سکتی ہے اور یہ بھی فرمایا کہ آپ اپنے عیال و اطفال کو ایک مکان میں کردیجئے اُنکی ہم حفاظت کرینگے۔ راجہ صاحب نے عرض کیا کہ میرا جان و مال حاضر ہے۔ اور عیال و اطفال کو روانہ موضع بھوتی کرکے اپنی کل املاک خالی کردی اور خود بذات خاص اُس پُرآشوب وقت میں رفاقت سرکاری اختیار کی۔ اُسیوقت کپتان ڈاسن صاحب بہادر فوراً معہ فوج پیادہ و سامان حرب و ضرب داخل مکانات راجہ صاحب ہوئے اور اپنے سواروں کی فوج کو ملیح آباد بھیجدیا۔ ۶۔ اکتوبر ۱۸۵۸ء تک اُن مکانات عالیشان نے قلعوں کا کام دیا اور روک تمام دشمنوں کے حملے کی ہوتی رہی۔ ۷۔ اکتوبر کی شام کو جنرل بارکر معہ فوج ظفر موج لکھنؤ سے سندیلہ پہونچے۔ دوسرے دن باغیان پر حملہ کردیا اور بفضل خدا فتح نمایان حاصل کی۔ باغی بھاگ گئے اور تا مقام موضع جاموں تعاقب ہوا اور بہت اُنمیں سے مارے گئے۔ اسکے بعد بغرض تسخیر اضلاع قرب وجوار افسران فوج نے سندیلہ کو اپنا صدر مقام بنایا اور تسلط ہوتا گیا۔ انتظام ضلع شروع ہونے پر بجائے ملانوان ہردوئی صدر مقام قرار پایا۔ یہ بنیاد ضلع ہردوئی کی ۱۸۵۹ء میں قائم ہوئی۔

ذکر خاندان مہنت بالگوبند

یہ لوگ چوبیس پشت سے سندیلہ میں آباد ہیں جنکے نام یہ ہیں۔

سوامی اودھوانند۔ سوامی رامانند۔ سوامی نندلال۔ سوامی کرشن داس
سوامی اگرجی ۔ سوامی رام بھگوان ۔ سوامی لچھمن داس ۔ سوامی مست رام ۔
سوامی نندلال ۔ سوامی چرنداس ۔ سوامی جودھارام۔ سوامی رام سیوک ۔
سوامی سرجوداس ۔ سوامی بالگوبند۔ مہنت رام پرشاد ۔

سوامی نندلال بعہد حضرت جلال الدین محمد اکبر تھے یہی زمانہ مہاراج تلسی داس کا ہے جنکی تصنیفات مین رامائن تلسی کرت ہے جو اسوقت تمام ہندوستان مین شایع ہے لاکھون چھپتی ہین اور لاکھون فروخت ہوتی ہین ۔ سوانح عمری مہاراج تلسی داس کی جو رامائن ہر پرشاد بھاگیرتھ مبئی مین چھپی ہے اُسمین صفحہ ۲۷ پر درج ہے

کہ ایک عارف کامل نندلال جو رام جی کے بھگت تھے وہ سندیلہ مین رہتے تھے جب وہ سری سرجا اجودھیا کو جارہے تھے پہلے ملیح آباد پہونچے جو پٹھانون کی بستی ہے ایک پٹھان نے انکو بلایا ۔ جب یہ نہ گئے تو اُسنے گرفتار کرنے کا حکم دیا ۔ چنانچہ پٹھانون نے انکو گھیر لیا اور دارو گیر شروع کی ۔ اُسوقت افغانی افسر کے منھ سے خون جاری ہوگیا وہان سے پھر تھوڑی دور آگے سوامی جی چلے تھے وقت شام کا ہوگیا سوامی جی نے وہان ٹھاکر جی کی آرتی شروع کی اور سنکھ بجایا جسکی آواز سنتے ہی چند مسلمان لڑکے آپکے مارنے کو دوڑے ۔ اور قریب تھا کہ سوامی جی پر حملہ کرین ۔ لیکن اُن جماعت طفلان سے ایک لڑکے نے کہا کہ اِن سے مت بولو اور سب کو روکا سوامی جی نے اشیرباد دیا ۔ وہی لڑکا

تھوڑے دنون کے بعد خنجر خان کے نام سے مشہور ہوا۔ جسکی گدی ابتک ٹیلچ آباد مین موجود ہے۔ سوامی جی وہین پر بیٹھ کر رامائن کا پاٹ کرنے لگے۔ ایک بھاٹ نے دو روٹیان کپڑے مین لپیٹ کر بنظر مذاق پشتک پر چڑھا دین۔ اُسیوقت وہ بھاٹ دیوانہ ہو گیا وہان سے کچھ فاصلہ پر ایک سیوک سوامی جی کا چیلا رہتا تھا جسکے یہان برمہ بھوج تھا مجمع کثیر ہو گیا۔ سامان برمہ بھوج کم تھا سوامی جی کی خبر پاکر وہان سے روانہ ہوا اور آکر قدمون پر گر پڑا اور مشرح حال عرض کیا۔ تب آپنے اپنا انگوچھا عطا کیا اور کہا کہ اِسکو سامان برمہ بھوج پر ڈالدینا رام رچھا کرینگے۔ اُسنے ایسا ہی کیا۔ چنانچہ سامان برمہ بھوج پورا پڑ گیا۔ سوامی جی وہان سے سری اجودھیا جی ہوتے ہوے چترکوٹ کو جہان مہاراج تلسی داس براجمان تھے تشریف لیگئے اور چھ ماہ تک وہان مقیم رہے اُسوقت گوسائین جی نے آپکو اپنی خاص تحریر کی پوتھی ایک پشتک (رام رچھا) اور ایک سالک رام کی مورت جسکا نام (رام سندرم) تھا مرحمت فرمائی۔

سوامی جودھا رام اِن سے تیسری پشت مین اورنگ زیب عالمگیر کے وقت مین تھے یہ بھی بڑے صاحب کمال ہوے انھون نے اور اس کی ندی کے کنارے جاکر تپشیا کی۔ بارہ برس تک وہین مشغول عبادت رہے بابا رام پرشاد مہنت کے نام نامی سے کوئی فرقہ اہل ہنود ناواقف نہ ہوگا جو آسمان ریاضت اجودھیا پر آفتاب عالمتاب گذر گئے ہین انکے درشن کو آئے اور سکھہ یعنی مرید ہوے

اُنکی گدی اجودھیا مین ابتک بڑی گدی کہلاتی ہے اور ہر فرقہ ہنود کی واجب التعظیم ہے پھر سوامی جی وہان سے اُٹھکر سندیلہ آئے اور کھتری تالاب پر بیٹھکر رام بھجن کرنے لگے اِسی کھتری تالاب کا دوسرا نام رام تالی ہوا - مین نے بروقت تحریر کتاب ہذا بہت سے کاغذات پارینہ اُنکے یہان کے دیکھے - پشت نامہ اُنکا دیکھا جو سلسلہ وار تھا - پرانی تحریرون مین ایک بعینامہ بنام سوامی جودھارام تھا جو ۱۱۳۱ھ مطابق ۱۷۱۳ء کا لکھا ہوا تھا -

ایک نقل بلا تاریخ عرضی مہنت بالگوبند کی بنام بادشاہ اودھ اُسمین مجھ کو ملی جو غالباً ۱۲۳۶ھ مطابق ۱۸۱۸ء کی تھی اُسمین لکھا تھا کہ انعام اللہ چودھری سندیلہ باعانت راجہ گوردھن لال ہماری ملکیت مین دست اندازی کرتے ہین اور ہمارا ٹھاکردوارہ پانسو برس سے سندیلہ مین بطرف مہتوانہ ہے امیدوار ہون کہ راجہ گوردھن لال کو ممانعت کی جاوے کہ ایسی تعدی نہ کرین - ایک پروانہ مظہر حسین خان بہادر ناظم سندیلہ عہد نواب آصف الدولہ کا مین نے انکے کاغذات مین دیکھا جو ۱۱۹۳ھ مطابق ۱۷۷۵ء کا لکھا ہوا تھا اُسمین بھی اُنکے خاندان کی قدامت پائی جاتی ہے

نقل پروانہ

درینولا پروانہ بمہر خانصاحب مشفق و قدردان مرزا حیدر بیگ خان بنام این جانب بدین مضمون رسید سیوک رام مہنت از قدیم در پرگنہ سندیلہ سکونت دارند کسے از عاملان پیشین نوعی بدعت از مشارٌ الیہ بعمل نہ آوردہ بلکہ مدد و

معاون بوده اند درینولا ظاہرا نانبان آن متفق در باغ مشار الیہ بعلت انبہ مزاحم میشوند لازم کہ بہ نانبان خود باید نوشت و تاکید باید کرد کہ نوعے و سنجے از باغ مشار الیہ مزاحمت نہ سازند۔

اِن سب کاغذات سے انکی قدامت سکونت سندیلہ پائی جاتی ہے مہنت بالگوبند کو مین نے دیکھا ہے (۷۵) سال کی عمر مین اُنھون نے انتقال کیا اور ان کی اُن کے بیٹے کی عمر ۶۰ سال کی ہوئی۔ مہنت سرجو پرشاد کی عمر ۸۰ برس کی زبانی لوگون کے دریافت ہوئی۔ اِن تینون عمرون کا اوسط نکالا جاے تو ایک ایک شخص کی عمر بہتر بہتر سال کی ہوئی۔ اِس حساب سے ۱۴ پشتون کا زمانہ (۱۰۰۸) سال کا ہوا۔ اور معمولی حساب اوسط عمر طبعی فی کس ۶۰ سال کے حساب سے ۸۴۰ سال ہوتے ہین پس اسی قیاسی حساب سے اِس خاندان کا وجود سندیلہ مین اتنی مدت سے پایا جاتا ہے۔ اب اُن کے خاندان مین دو لڑکے ہین اور بہت مفلسی کی حالت مین ہین ابھی باغات اور املاک ٹوٹی پھوٹی موجود ہے۔ لڑکون کی بے علمی سے آیندہ امید نہین معلوم ہوتی کہ اِس قدیم خاندان کو آیندہ زمانہ تک کچھ قیام حاصل ہو۔

خاندان پنڈت گوری شنکر خورد خلف پنڈت ٹھاکر پرشاد مصر

یہ خاندان مصرون کا بھی یہان قدیم ہے اور تیرہ پشتون کا سلسلہ صاف طور پر

پشت نامہ سے ثابت ہے۔ نند رام مصر اور انکے بیٹے رام بھگوان ۱۶۵۴ء
مین تھے نند رام بہت بڑے بزرگ تھے اُنکے زمانہ مین مہاراج تلسی داس گوسائین
سندیلہ مین اُنکے مکان پر تشریف لائے جس کا ذکر رامائن مطبوعہ سمبت ۱۹۴۷ بکرمی
صفحہ ۲۷ مطبع ہرپرشاد بھاگیرتھ بمبئی مین درج ہے۔

رام بھگوان مصر نے نیمسار مین جاکر عبادت کی وہان ایک روز
خواب مین دیکھا کہ کوئی کہتا ہے کہ ایک مورت بھگوان کی دریائے گومتی مین
ہے اُسکو نکال کر اپنے گھر مین لیجاؤ اور پوجا کرو۔ صبح اُٹھ کر دریائے گومتی پر گئے
اور دریا مین جال ڈلوایا۔ مورت نکلی نہایت عمدہ چتربھوجی مورت سنگی تھی جو اتبک
اُنکے گھر مین بہ حیثیت اصلی موجود ہے۔ نند رام کے دوسرے بیٹے بنسی دھر مصر
تھے یہ بھی بہت کامل ہوے۔ ایک روز مہنت سندیلہ کے یہان نرہس تھا ایک
پد معرفت کا گایا گیا۔ اُسکے سنتے ہی حالت بیہوشی ان پر طاری ہوئی اور پھر ہوش
مین نہ آے۔ خیرآباد مین ایک سدھا حلوائی رہتا تھا وہ بھی اپنے وقت کا مرتاض
اور کامل تھا بروز واقعہ مصر جی رامائن پڑھ رہا تھا حاضرین سے اُسنے کہا کہ سندیلہ
مین مصر بنسی دھر مرگئے اور بیوان پر سرگ جاتے ہین۔ یہ واقعہ کتاب کلاب نگرہ
مطبوعہ مطبع نولکشور سنہ ۱۹ء صفحہ ۱۳۵ مین درج ہے۔ اِس خاندان کو (۱۰۰۰)
سالانہ شہر و دیہات پرگنہ سندیلہ سے ملتے تھے وہ بروے حکم کارکنان سلطنت
دہلی قائم رکھے گئے تھے۔ مگر اب کچھ نہین ملتا ہے لب اِس خاندان مین

بنڈت گوری شنکر و بنڈت درگا پرشاد موجود ہین بنڈت گوری شنکر ہمارے خاندان کے بنڈت ہین -

ذکر بنڈت جانکی پرشاد

یہ خاندان تیواریون سے ہین انکے جد امجد جیت رام تھے - (رام کشن مصر کے بزرگون کے نام) پرشاد نند رام - رام بھگوان تھا جنکا ذکر ہم خاندان بنڈت گوری شنکر خورد مین لکھ چکے ہین چونکہ جیت رام نے حصہ اپنے نانا رام کشن کا پایا اسوجہ سے تمام کاغذات اور اسناد اسوقت کے انکے قبضہ مین ہین معلوم ہوتا ہے کہ اسوقت رام کشن کے پاس یہ سب کاغذات تھے جو انھون نے اپنے نواسہ جیت رام کو اپنے حصہ کے ساتھ دیدیئے - ان جملہ اسناد کے ایک فرمان نورالدین جہانگیر کا مورخہ ۹ سنہ جلوس مطابق ۱۰۲۳ء ہے جسمین دوسو دس بیگہ زمین لائق زراعت خارج جمع پرگنہ لہربور مین بنام لالہ مصر عطا فرمائی گئی ہے - دوسرا فرمان شاہجہان بادشاہ کا ہے جسمین بعد وفات لالہ مصر وہ آراضی بنام بھگوان وغیرہ ورثائے متوفین قائم رکھی گئی - یہ دونون فرمان ابتک بہت اچھی حالت مین ہین اور سندیہ مین بھی معافی زمین اور نقدی کے پروانہ جات حکام انکے پاس موجود ہین یہ خود بذات خاص بنڈت ہین نہایت خوشخط اور عمدہ فہم کے آدمی ہین جو علم جوتش کے لئے نہایت ضروری بات ہے -

نقل فرمان نورالدین محمد جہانگیر بادشاہ غازی

دریں وقت فرمان عالیشان سعادت نشان شرف اصدار و عزایراد یافت۔ کہ
موازی دویست دہ بیگہ زمین افتادہ لائق زراعت خارج جمع بگزآلہی از پرگنہ لہرپور
سرکار خیرآباد بطریق ابتدائی از ابتدائے فصل خریف درو جہ مدد معاش لالہ مصر وغیرہ
بموجب ضمن مقرر و مفوض باشند کہ حاصلات آنرا فصل بفصل سال بسال در وجہ
معیشت خود خرچ و تصرف نمودہ بدعائے گوے دوام دولت ابد قرین اشتغال می
نمودہ باشند می باید کہ حکام و عمال و جاگیرداران و کروریان حال و استقبال در
استمرار و استقلال این حکم اقدس و اعلی کوشیدہ آراضی مذکور را پیمودہ و چک بستہ
بتصرف مشارالیہم بازگذاشتہ اصلا تغیر و تبدل بدان راہ ندہند و بعلت بالوجہات
و اخراجات مثل قلغہ و پیشکش و جریبانہ و ضابطانہ و مہرانہ و دارو غگانہ محصلانہ
بیکار و شکار دہمی مقدمی و صد و دی قانون گوئی و ضبط ہر سالہ بعد از تشخیص چک و تکرار زراعت
و کل دیوانی مطالبات سلطانی مزاحمت نرسانند و مطالبتے نکنند و از جمیع وجوہات معاف
مسلم و مرفوع القلم شمرند و درین باب ہر سال فرمان و پروانجات مجدد نہ طلبند و اگر در محلے
دیگر زمین داشتہ باشند آنرا اعتبار نہ کنند و از فرمودہ درنگذرند در عہدہ شناسند۔

فی التاریخ امان ۹ سنہ جلوس۔

ذکر ٹبے گوری شنکر

تین سو سال سے اس خاندان کا سلسلہ قصبہ سندیلہ مین اکثر کا غذات سندیلہ سے پایا جاتا ہے ممکن ہے کہ اس سے بھی زیادہ ہو پنڈت گوری شنکر کے چوتھے دادا کا نام ہنس رام تھا جو سنہ ۱۱۱۱ء مین احکامات نجوم سے ناموری حاصل کر رہے تھے پنڈت شیو غلام اُنکے دادا بھی نامی گرامی نجومی اس سرزمین پر گذرے ہین خوشنویسی مین بھی ید طولی حاصل تھا۔ بہت کتابین انکی لکھی ہوئی ابتک ان کے خاندان اور حلقہ شاگردان مین یادگار باقی ہین۔ پنڈت گور دیال اُنکے والد برکھ پھل کے حاکم تھے ہمارے عم نامدار کنور جمیعت رائے اور منشی فضل رسول تعلقدار بہت اُنکی قدر کرتے تھے اور اُنکے علم سے فائدہ اُٹھاتے تھے اب پنڈت صاحب کا دور دورہ ہے جنکے نام کی سرخی سے ہمارا یہ بیان شروع ہوا ہے۔ یہ وجیہہ اور تشکیل قد آور جوان ہین۔ اور خلیق و شیرین زبان و نیک مزاج ہین برکھ بنانے مین خاص ملکہ انکو حاصل ہے انکے احکام بیشتر صحیح اور حکمی ہوتے ہین اس کمال کے ساتھ قناعت اور عاجزی اور ہمدردی کا زیور بھی کارکنان قضا و قدر نے اُنکی طبیعت کو پنہا دیا ہے غریب اور امیر کسی کا کام ان سے نہین رکتا ہے ویاکرن شاستر بقدر ضرورت اُنکا پڑھا ہوا ہے مگر تعلیم سے زیادہ اسپر قدرت اور قبضہ حاصل ہے۔ پنڈت ودیا دھر آپکے حقیقی بھتیجے ہین یہ بھی ذہین پنڈت اور نجومی ہین ترقی کے میدان مین یہ پیچھے نہین بلکہ قدم بقدم اپنے چچا کے چل رہے ہین۔

ذکر خاندان شیو سہائے تواری

اِس خاندان کے کاغذات دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ لوگ اودے بھان تیواری کی اولا دہین ہین۔ اودے بھان الہ آباد سے سندیلہ مین آکر آباد ہوے جس کا زمانہ تین سو برس کا ہوتا ہے۔ یہ خاندان باعتبار علم سنسکرت معروف ومشہور تھا اور یہ بھی کاغذات سے ثابت ہوتا ہے کہ جو عامل سندیلہ منجانب سرکار آیا تھا یہی خاندان خدمات متعلقہ نجوم عامل کے حضور مین ادا کرتا تھا ایک صورت حال شہادت رؤسا اور مشاہیر اور عمال سرکاری سے مسجل ہے اور اکثر دستاویزات ۱۱۰۰ھ و ۱۱۲۰ھ و ۱۱۳۰ھ کے اِس خاندان مین موجود ہین ادمان داس پنڈت شیو سہائے کے پردادا تھے اکثر معافیات اور نانکار کی دستاویزین انکے نام کی موجود ہین ما ع ۵ کی نانکار مجرائی دفتر معلی عہد نواب آصف الدولہ بہادر کی پائی جاتی ہے جسکا پروانہ موجود ہے اور چار قطعہ پروانہ جات سے ۵ بیگہ کی معافی ثابت ہوتی ہے منجملہ اُسکے تین یا چار بیگہ زمین اب بھی اُنکے خاندان مین ہے۔

پنڈت سرب سکھ بہت مشہور پنڈت اِس خاندان مین گذرے ہین خصوصاً علم تنتر مین بہت کچھ دستگاہ اُنکو حاصل تھی اُسوقت مین کوئی اُنکا ہمعصر سندیلہ مین نہ تھا پنڈت درگا چرن انکے بڑے بھائی تھے وہ بھی علم تنتر مین بہت ہی لائق گذرے۔ ہماری ریاست مین یہ بھی ملازم تھے۔ بہت سے کام متعلق تنتر کے انھون نے انجام کو پہونچائے علاوہ اِسکے یہ دونون سپہ گری مین بھی بہت قوی اور پرزور تھے جب کبھی ہماری سرکار مین کوئی وقت جنگ و جدال کا موقع

ہوتا تھا اُسوقت یہ دونون بھائی قرابینین باندھ کر بڑے جوش وخروش سے آتے تھے۔ جبتک وہ ہنگامہ فرو نہو جاتا تھا حاضر رہتے پنڈت درگاچرن بایام غدر لکھنؤ سے ہیضہ مین مبتلا ہوکر سندیلہ آئے اور یہین وفات پائی۔ شیوسہاے نے ۱۰ اگست ۱۹۰۵ء عمر ۷۰ سال وفات پائی یہ سنسکرت نہین جانتے تھے فارسی پڑھے تھے یہ بھی بعہدہ خزانچی میرے ملازم رہے۔ انکے دو لڑکے تھے۔ کیدارناتھ [illegible] بشمبرناتھ نے قبل ایک ماہ وفات اپنے والد کے بعارضہ ہیضہ بمقام اور اس انتقال کیا۔ اب کیدارناتھ انکے فرزند اکبر موجود ہین انھون نے انگریزی کچھ پڑھی فارسی اُردو حاصل کی۔ ملازمت سرکاری بیس سال تک کی قانون گو رہے اب گھر پر ہین کئی پٹیاں ضلع لکھنؤ اور تحصیل سندیلہ مین خرید کی ہین اور کئی حویلیان ہین۔

خاندان بابو رام پروہت

یہ ہمارے خاندان کے پروہت ہین مذہب ہنود مین پروہت مذہبی کامون مین مالک کا وکیل ہوتا ہے۔

جس زمانہ میں ہمارا خاندان کہراسہ ضلع گونڈہ مین تھا اُسوقت ہمارے یہان کے پروہت رتن پانڈے تھے جنکا ذکر آیندہ صفحات تاریخ ہذا مین بسلسلہ ذکر خاندان راقم آوے گا جب بسبب واقعہ رتن پانڈے ہمارے جد اعظم راے پورن چند پرگنہ سیلک ضلع نواب گنج مین آئے اور انھون نے پورنیا آباد کی۔ ہلاسی پاتھک جو رتن پانڈے کے رشتہ مند تھے اُسی استحقاق سے پروہت ہمارے خاندان کے ہوئے۔

اور پورنیان مین رہے مگر انکی اولاد تھی - لہذا لالمن مصر کو جو انکی سالی کے لڑکے تھے موضع پریاوان ضلع گونڈہ سے لاکر متبنی کیا - لالمن نے پھر لکھنؤ مین علم سنسکرت حاصل کیا - بیاکرن اور علم جوتش مین بہت کچھ استعداد حاصل کی اور بمقام کوریا گھاٹ لب دریاے گومتی جاکر عبادت کی اور عہد نواب آصف الدولہ بہادر مین معافی موضع پریاوان مین پائی بہت سے پروانجات مہاراجہ ٹکیت راے - راجہ خوشحال راے راے درگاپرشاد - راجہ نوازسنگھ کے انکے پاس ہین - لالمن کے چار بیٹے ہوئے رام کشن - شیودین - سیتارام - مجل - رام کشن کے بیٹے امراؤلال ہوے انکے بیٹے اب بابورام موجو ہین - اسوقت تک وہ پروہت اس خاندان کے ہین اُن کو معافی مین نے اپنے وقت مین موضع کھجو نہ مین دی ہے جسکا پروانہ اُن کے پاس میرا مُہری موجود ہے اور ہمارے چچا راجہ فتح چند صاحب نے بھی انکو معافی موضع بہندر و رحیم آباد گرنٹ مین دی ہے - ایک مکان پختہ بھی اُن کو دیا گیا ہے جو انکی ملک مین ہے - ایک قطعہ آراضی واسطے نصب باغ کے مین نے بتقریب ولادت برخوردار کنور بخت بہادر اپنے فرزند کے دی ہے - چنانچہ اُس پر باغ نصب کیا ہے اور چاہ پختہ بنوایا ہے ایام گرما مین یہ اپنے صرف سے بہ نظر کار خیر مویشیون کے پانی کا انتظام پوسری وغیرہ سے کرتے ہین - ایک لڑکا اُن کا ہے جس کا نام بینی مادھو ہے - بیاکرن مین کونذی سدہانت تک پڑھ چکا ہے - پوران وغیرہ بھی پڑھ رہا ہے ابھی تکمیل علم مین مصروف ہے -

ذکر پنڈت سیتل پرشاد

پنڈت سیتل پرشاد برہمن مصر ہمیرپور کے کہلاتے تھے سندیلہ مین انکے بزرگون کی بود باش مدت دراز سے ہے لیکن اُسکے بابت کوئی کاغذ ہمارے سامنے پیش نہین ہے کہ جس سے ہم سندیلہ مین اُنکی آمد کا زمانہ محدود کرسکین۔

یہ علم سنسکرت مین بہت ہی قابل شخص تھے بیاکرن۔ جوتش۔ نیائی۔ تنتر اور دیگر شاستر پڑھے ہوے تھے اور اِن سب علوم مین دستگاہ کامل رکھتے تھے خصوصاً علم تنتر اور جوتش مین بہت ہی کامل تھے قانع اور متوکل آدمی تھے بہت شاگرد انکے اطراف و جوانب اور سندیلہ مین تھے اور شاکت مذہب تھے۔ افسوس کہ کوئی لڑکا نہ تھا کہ جو اُنکا یادگار رہتا صرف ایک لڑکی تھی جو ابتک موجود ہے۔

پنڈت رام پرشاد ورا اُن کا ایک خاندان ہے۔ پنڈت رام پرشاد بھی اسوقت سندیلہ مین بیاکرن اور جوتش مین مشہور اور معروف ہین۔

خاندان لالہ گورسہاے قانونگو

یہ خاندان قانون گویان مین سے قدیم ہے اور اِس خاندان مین معافی اور زمینداری کے دیہات تھے اور اب بھی موجود ہین ایک فہرست قدیم عہد رفیع الشان و محمد شاہ بہادر کے جو لالہ کالی پرشاد نے اپنے خاندانی حالات لکھاتے وقت پیش کی ہے اُسمین دیکھتا ہون کہ اِس خاندان مین (۵۵)

نقدی کی نانکار بھی اور ایک موضع آنٹ معافی مین تھا اسکے علاوہ دیہات زمینداری بھی اِس خاندان مین تھے - چنانچہ موضع امبورا انسو سوم شاہ پور اب تک موجود ہے -

لالہ گو سہاے ایک سپاہی آدمی تھے ہمیشہ عمدہ حیثیت سے رہتے تھے اور چند سپاہی بھی اُنکے ملازم ہمراہ رہتے تھے یہ لاولد فوت ہوے اُنکی زوجہ مسماۃ پاربتی بعد وفات شوہر جائداد شوہری پر قابض ہوئین اچھی طرح اُنھون نے اپنا کام چلایا اور ایک شوالہ بھی تعمیر کرایا جو موجود ہے بعد وفات مسماۃ کے خاندانی جھگڑے پیدا ہوے - متھرا پرشاد ہمشیرہ زادہ لالہ گو سہاے نے فوراً اپنا قبضہ کرلیا اور خاندانیون نے درِ عدالت پر جاکر دعویٰ دائر کیا بالاخر لڑتے لڑتے پریوی کونسل سے ڈگری بحق درگا پرشاد و کالکا پرشاد و سندر لال ورثاے خاندانی ملی - اب وہ اِن تینون مواضعات اور مکانات مسکونہ پر قابض و متصرف ہین -

ذکر خاندان لالہ دیبی دین قانون گو

اِس خاندان کے حالات جہان تک دریافت ہوے یہ ہین کہ تلشی رام جو اُنکی مورث تھے تخمیناً تین سو برس ہوے ہون گے کہ وہ ناگ مل سکروار ساکن فتحپور کے ساتھ آئے جنھون نے راجہ کمار کو مار کر پرگنہ کلیان مل اور بہین گانوٴن پر قبضہ کرلیا

تلشی رام نے اسی پرگنہ کلیان مل کی قانون گوئی سرکار شاہی سے حاصل
کی ہر پرشاد. بھیرون پرشاد - کرم چند - ٹوڈرمل - دوارکا پرشاد - پرم سکھ -
میکراج - گوبند رائے - یکے بعد دیگرے قانون گو اس پرگنہ کے رہے -

ٹوڈرمل نے سنہ ۱۱۰۴ھ مین مواضعات اوسرہا - ایرادان - چھنویا - سرکار
شاہی سے معافی مین پائے - گوبند رائے نے سنہ ۱۱۴۱ھ مین اپنے خانہ ہائے
رعایائے سندیلہ اپنی اولاد مین تقسیم کیئے وہ تقسیم نامہ اسوقت پیش نظر ہے -

گوبند رائے کی دو اولادین ہوئین - بہاری لال - جسونت رائے - بہاری لال
کے بیٹے دین دیال تھے اور دین دیال کے دو فرزند تھے - کرپا دیال و تیج رائے لاولد
رہے کرپا دیال کے بھی دو فرزند تھے - ایک ایشری دیال دوسرے تلشی دیال
انکے پانچ بیٹے تھے منجملہ اُنکے لالہ کنہیا لال قانونگو تھے جنھون نے تیسرا سال ہے
کہ بحالت پنشن قانونگوئی انتقال کیا - یہ بہت نیک مزاج اور ہر دلعزیز تھے منشی
ہزاری لال و منشی کالکا پرشاد وغیرہ اس خاندان کے یادگار ہین - منشی ہزاری لال
کی خاص حالت ہے - اس خاندان مین کچھہ حصہ موضع گوگاوان مین ہے اور کچھ
خانہ ہائے رعایا محلہ منڈی مین ہین - جسونت رائے ٹھاکر پرشاد جے جی رام دیبی دین قانون گو کے
بزرگ تھے - آخر عہد شاہی سے تا آغاز عملداری سرکار انگریزی لالہ دیبی دین قانونگو رہے سنہ ۱۸۶۶ء مین اُنھون نے انتقال
کیا - یہ معمولی آدمی تھے - انکے دو بیٹے تھے لالہ گنگا سہائے لالہ بھوانی سہائے آخر مین لالہ دیبی دین نے اپنی
جائداد و نقدی جو کچھ تھی دو لڑکون پر تقسیم کردی - لیکن گنگا سہائے کی سخت بے اعتدالیون سے

ناراض ہوکر اپنے چھوٹے بیٹے لالہ بھوانی سہاے کے یہان جاکر رہے جن سے وہ نہایت خوش تھے۔ وہین پر انتقال کیا۔

لالہ گنگا سہاے نے بہت کچھ تمول بذریعہ سود حاصل کیا۔ لاکھ روپیہ کا اندازہ اُنکی جائداد اور لین دین کا ہوتا تھا نہایت ہوشیار اور دانشمند اور وجیہ اور لائق شخص تھے لیکن افسوس کہ اُنھون نے اپنے باپ کو سخت آزردہ کیا۔ جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ چند سال مین نہ وہ رہے نہ روپیہ رہا نہ نام و نشان رہا۔ یہانتک لصف مکان تک کھد گیا۔ اُنکی اولاد نے انکے ساتھ وہی برتاؤ کیا جو انھون نے اپنے باپ سے کیا تھا ؎

گندم از گندم بروید جو ز جو	از مکافاتِ عمل غافل مشو

گنگا سہاے کے بڑے بیٹے کنور بہادر نے سب جائداد عیاشی مین تلف کردی اُنکا لڑکا راج بہادر اُنسے زیادہ نکلا۔ اگر پدر نتواند پسر تمام کند۔ اُسنے جو کچھ رہا سہا تھا عیاشی اور زناکاری مین برباد کردیا آخر کو بریلی چلا گیا سُنا جاتا ہے کہ کسی رئیس کے یہان ملازمت اختیار کرلی اور وہین انتقال کیا۔

دوسرا لڑکا لالہ گنگا سہاے کا اب موجود ہے لیکن اُسنے بھی اپنا طریق عمل اُسوقت تک اچھا ثابت نہین کیا۔

لالہ بھوانی سہاے دوسرے بیٹے نے جو جائداد اپنے باپ سے پائی تھی وہ زیادہ تر صرف مقدمات مین ہوئی۔ مقدمات کا شوق زیادہ تھا۔ یہانتک کہ وہ

زیر بار ہوگئے - اور لڑکون پر بار پڑا - اُنکے دو بیٹے تھے ایک کا انتقال ہوگیا دوسرے لالہ جدیشر بہادر عرف منالال ہین - حیدر آباد دکھن مین کچھ دنون تحصیلدار رہے - لیکن چندسال ہوے کہ نوکری چھوڑ کر واپس ہوے - نصف موضع جاجمؤ اُن کے پاس ہے - اب وہ مینو سپل بورڈ سندیلہ مین ممبر ہین -

خاندان لالہ دیبی پرشاد محرر

اِس خاندان محررون کا آنا سندیلہ مین قریب ڈھائی سو برس سے ثابت ہوتا ہے اُنکے بزرگ گھوسی داس قانونگو زمانہ دراز سے ملیح آباد مین قانون گو رہے وہین سے تاراچند بعہد سلطنت اورنگ زیب عالمگیر سندیلہ مین آکر آباد ہوے اور یہان بہت سے خانہ ہاے رعایا خرید کیے - جنکی اکثر دستاویزات اُنکے خاندان مین ابتک موجود ہین - اِن لوگون نے خاص عہدہ محرری بادشاہ وقت سے پایا - اور معافی و نانکارین ملین جس طور سے کہ قانونگو و چودھری ناظمون کی کچہریون مین کام کرتے تھے اسی طور سے یہ خاندان بھی کام کرتا تھا مین نے کاغذات چودھری عطاء اللہ مین دیکھا ہے کہ جسمین ناظم وقت نے جملہ قانون گویان اور چودھری کی طلبی تشخیص معاملات چکلہ کی بابت کی ہے اسمین لالہ دیبی پرشاد محرر کا بھی نام ہے لالہ دیبی پرشاد کے بیٹے کسل سنگھ تھے اُنکے بیٹے لالہ ایشری پرشاد و سرجو پرشاد ہوے لالہ ایشری پرشاد کے ایک بیٹے امراؤ سنگھ دوسرے الفت راے - لالہ سرجو پرشاد

کے بیٹے لالہ سورج بخش ہین لالہ امراؤ سنگھ عہد انگریزی مین قانون گو بلیح آباد ہو
اور ابتک بلیح آباد مین دو موضع سرگولا۔ بہیتو یا موجود ہین جو انکے نام ٹھیکہ پختہ مین ہین
سندیلہ مین شیونگرا ایک مسلم موضع اِس خاندان مین ابتک موجود ہے
بیرسے مو بھی ایک موضع اِن کے یہان ہے یہ موضع نظامت راجہ گوردھن لال
ہمارے جد امجد کے وقت مین انکو معاف ہوا اب ٹھیکہ پختہ مین ہے حق اعلی امین
پاتے ہین علاوہ اسکے اِس خاندان مین موضع سہنگوان بمقوا یکم پورا و ریزہ
ملکیت اشراف ٹولہ ملکانہ مین موجود ہے۔ اور حالت موجودہ مین بزرگان خاندان
لالہ الفت رائے۔ سورج بخش اور لالہ جمعیت رائے وغیرہ موجود ہین۔

حالات خاندان لالہ لالتا پرشاد

اِنکے بزرگ ساڑھے سات سو برس ہوئے کہ سندیلہ مین دہلی سے آئے
زبیر سنگھ نام سے یہ خاندان مشہور ہے۔ اِس خاندان مین ۲۱۶ سواضعات منیادی
مین بتلائے جاتے ہین۔ کئی پشت کے بعد اِس خاندان مین تقسیم ہوئی۔ جنانچہ
وہ تقسیم نامہ اِسوقت میرے سامنے پیش ہے جو ۱۱۵۵ء مین تقسیم ہوئی تھی
یہ خاندان دو شاخون مین منقسم ہوا۔ ایک خاندان محلہ گڈھی واقع سندیلہ
مین رہا جسمین اخیر قانونگو عہد دولت انگریزی مین شیوراج بلی تھے اب
وہ خاندان کالعدم ہوگیا۔
دوسری شاخ مین لالہ لالتا پرشاد و کالی پرشاد و لالہ گوری پرشاد

وغیرہ موجود ہیں اس خاندان میں بعض خاتون گوئی کے صملماء للہ کی
ننکارتی اور سوا مواضعات معانی تھے کوڑونی - اکبرپور - گھوسپاہان فتح نگر -
رامپور - گابو - بہادرپور وغیرہ -
معلوم ہوتا ہے کہ منجملہ انکے مواضعات زمینداری کے یہ مواضعات
معافی میں داخل ہوے اگرچہ اُنکے یہاں کاغذات کثرت سے تھے لیکن دیمک
کے نذر ہوے کچھ کاغذات اس وقت پیش نظر ہیں - اُنسے یہ سب امور
ثابت ہو رہے ہیں - پرتاب مل نوین داد لالہ لالتا پرشاد وغیرہ کے
تھے ایک پروانے کی نقل کرتا ہوں جو نواب دلیرخان شاہ آبادی
کا دربارہ موضع کرڑونی ہے - یہ موضع قدیم ہے لیکن نواب دلیرخان
کی عملداری میں گڑھی بنائی گئی - اور اُنکے نام کا بھترر کھا گیا تب سے
دلیرنگر نام اُسکا مشہور ہوا -

نقل پروانہ نواب دلیرخان بمہر قاضی محمد ناصر

ازقرار بتاریخ چھار دہم شہر محرم الحرام ۱۱۰۱ھ آنکہ متصدیان
عمال حال و استقبال پرگنہ سندیلہ سرکار لکھنؤ صوبۂ اودھ بدانند کہ چون
بموجب وقوع دولت خواہی موضع دلیرنگر عرف کوڑونی از قریات
کھنجری من اعمال پرگنۂ مذکور از ابتداے فصل خریف ۱۱۶۷ سنہ درو
بست در وجہ نانکار پرتاب مل قانونگو پرگنۂ مذکور مقرر نمود کہ موضع مذکور

از محلات ہر سال حشو و منہا بقلم داشتہ تعلق مشارالیہ واگذارند و تکلیف و بھینٹ و بیگار و فرمائش وغیرہ معاف دارند کہ متصرف گشتہ در کفایت سرکار و رفاہیت عایا سرگرم بودہ باشند و ہر سال سند مجدد طلب ندارند درین باب تاکید تمام دانستہ از فرمودہ تخلف و انحراف نورزند۔

اب اِس خاندان مین ایک موضع جائداد موروثی دلیزنگر کو وٗنی موجود ہے یہ موضع ہماری ریاست سروین بڑا گانوٗن مین یہ قبضہ رانی جیندر کنور ہے۔ حق اعلیٰ رانی صاحبہ کو ملتا ہے۔ اب لالتا پرشاد نے کچھ حصص سہنگوان کمنو اپیگاہ حکیم پور حال مین دولت رام اپنے خسر کے مالک سے حاصل کئے ہین لالتا پرشاد کے والد لالہ مول رام ہمارے والد نامدار کی سرکار مین مختار عام تھے بہت ہی نیک مزاج اور ایماندار شخص تھے۔ جب پہلا بندوبست ہوا اُسوقت تمام حکام نے اِس امر کو تسلیم کرلیا تھا کہ جیسے ایماندار راجہ دہنپت راے ہین ویسے ہی ایماندار انکے مختار عام مول رام ہین۔ چنانچہ اوڈ صاحب بہادر حاکم بندوبست ہمیشہ انکو دھرم راج کے نام سے پکارا کرتے تھے۔ جب مجھکو بندوبست کی روبکاریون مین والد نامدار نبھیجتے تھے تو یہ میرے ساتھ ہوتے تھے۔

اِسی شاخ مین ایک شاخ کا اور ذکر کرنا چاہتا ہون لالہ دیبی پرشاد بہت ہی لائق شخص اِس خاندان مین گذرے ہین ہمیشہ وہ ناظمون کے سرکار مین دیوان رہے پہلے ہمارے یہان کی نظامت خیرآباد مین وہ دیوان تھے پھر حکیم مہدی

نواب منتظم الدولہ بہادر کے وقت مین اور بعد ازان بہاؤ الدولہ کی نظامت مین دیوان باقتدار رہے بہت ہی خوشنویس و منتصدی اعلےٰ درجے کے تھے بالمرہ قبل کچہری جانیکے چار ورق کسی کتاب کے لکھ لیتے تھے۔ چنانچہ بہت بڑا کتب خانہ انکے ہاتھ کا لکھا ہوا اُنکے خاندان مین موجود ہے ایک کتاب خلاصۃ التواریخ اور چار جلدین مہا بھارت فیضی انکی نوشتہ میرے کتب خانہ مین موجود ہین۔ جو میرے دیوان منا لال صاحب نے مجھے نذر کی تہین انکے بیٹے لالہ لکھن لال ہوے۔ انھون نے اپنے اسی موضع پر کفایت کی نوکری نہین کی لیکن اسوقت نانکار جدید بھی حاصل کی۔ جب راجہ بھوانی پرشاد کی نظامت ۱۲۵۱ھ مین اور لطف ہمارے جد امجد راجہ گوردہن لال کے وقت مین پائی۔ چنانچہ نقل پروانہ ہمارے جد امجد راجہ صاحب کی یہ ہے۔

برخوردار نور چشم اقبال نشان کنور جمعیت رائے سلمہ اللہ تعالیٰ۔

بعد دعاے ترقی حشمت و جاہ واضح رائے عزیز باد۔ مبلغ نوزدہ روپیہ دیگر سواے مراعات نانکار سابق باسم لالہ لکھن لال قانون گو پرگنہ سندیلہ زمیندار کوڑونی از ۱۲۴۷ فصلی بلا شرکت غیرے مقرر کردہ شد باید کہ مبالغ مذکور در پائی واصلباتی موضع دلیر نگر کوڑونی در حصہ شان بنام مشارالیہ مجرا دادہ قبض الوصول بستانند درین باب تامل و تاخیر روا ندارند۔

مرقوم ہیجدہم جمادی الثانی ۱۲۵۷ھ

مضمون پروانہ سے معلوم ہوتا ہے کہ علاوہ اِس نانکار کے اور بھی نانکار راجہ صاحب
نے دی تھی - لالہ لکھن لال کے بیٹے لالہ منّالال و لالہ گرجادیال تھے یہ دونون بنام
والدنامدار ابسے دھنپت رائے کے وقت مین دیوان تھے میرے وقت مین بھی
یہ دونون شخص دیوان رہے لالہ گورپرشاد ان کے بیٹے بھی ملازم رہے - مگر اب
انکا تعلق ملازمت اِس ریاست سے نہین ہے -

خاندان لالہ لچھمن پرشاد کھتری

انکے باپ امرغلام گنج مرادآباد ضلع اوناو کے رہنے والے تھے وہان
سے بودوباش چھوڑکر سمبت ۱۹۰۷ مطابق ۱۸۵۰ء مین سندیلہ آئے اور
یہان بودوباش اختیار کی - لالہ لچھمن پرشاد نے دوکانداری اور پیشہ مہاجنی سے
بہت ترقی کی یہانتک کہ اونھون نے دیہات بھی بذریعہ اپنے کاروبار کے
حاصل کئے جسمین نصف بہرگہنہ و نصف اٹیامو اور کچھ حصہ کنہوتی کا انکے پاس ہے
یہ کئی بھائی ہین اور خود بھی کثیرالاولاد ہین اور ممبر منیوسپل بورڈ ہین چارسال ہوے
کہ انھون نے اپنی جائداد بھائیون اور لڑکون پر تقسیم کردی - مہیش پرشاد انکا بڑا لڑکا
ہے اسنے فارسی حاصل کی اور اسنے اِس جائداد کے حاصل کرنے مین اپنے باپ
کو بہت مدد دی اب انکے سب لڑکے کاروبار سے ہین -

خاندان لالہ ملوک چند کھتری

لالہ خوشحال چند کے بزرگ قدیم باشندہ سندیلہ کے تھے مہاجنی پیشہ تھا جنکی

آخر اولاد مین خوشحال چند ہوے یہ ہماری ریاست مین بعہد راے بجے سنگھ رام دیوان اعلی سلطنت اور ہ خزانچی تھے انکے کوئی اولاد نہ تھی اپنے نواسہ ملوک چند پسر پرتھوپال ساکن شاہ آباد کو شاہ آباد سے بلوا کر متبنی کیا۔ انکے بڑے بھائی ملوک چند جی ساتھ آئے ملوک چند شاہی مین ایک مشہور مہاجن تھے بہت بڑی عمر پائی تقریبات اور شادیان لڑکی لڑکون کی عمدہ کین اور اپنی برادری مین بہت نام حاصل کیا۔ یہ نہایت خوش سلیقہ اور تمیزدار آدمی تھے۔ جو کام کرتے تھے اسمین ضروری اپنے طریق عمل سے نیک نامی حاصل کرتے تھے بمقام گدڑی بہت عمدہ ایک شیوالہ تیار کرایا ۱۲۹۶ھ مین اسکی استھاپنا ہوئی یہ شیوالہ ہماری املاک کے قریب واقع ہے انکے بیٹے دیبی پرشاد انکے سامنے بعد استھاپنا بعارضہ ہیضہ ۱۲۹۶ھ مین انتقال کر گئے۔ اب انکے پوتے شیو شنکر سندیلہ مین اپنا کاروبار بقدر ضرورت کرتے ہین۔

ذکر خاندان راقم

دنیا مین وصف اضافی بھی ایک ایسی چیز ہے جو بلا امتیاز رتبہ ذاتی پایۂ قدر انسانی کو بلند کر دیتا ہے - مین خدا کی جناب مین بار بار سجدۂ شکر ادا کرون گا کہ اُسنے جسقدر بالذات مجھکو اپنی نعمتون سے مالا مال کیا ہے اس سے کہین زیادہ میرے بزرگون کو رتبۂ بلند عطا کیا تھا قطرہ کو دریا ذرّہ کو خورشید پر جسقدر ناز ہو سکتا ہے اُسیقدر مجھکو بھی اپنے بزرگون پر فخر ہے - قطرہ دریا مین ملکر خود دریا ہو جاتا ہے - آفتاب کی روشنی جسوقت ذرہ پر پہونچتی ہے ذرّہ دعوی خورشیدی کرنے لگتا ہے پس میرا فخر بیجا نہین - اور اِس نسبت سے جو دعوی مین کرون روشن دلان روزگار مجھکو اسکی اجازت دین گے - میرے اِس جوش اور دلچسپی کے ساتھ میری دوسری حیثیت مورخی کی بھی ہے پس دونون پلون کو برابر رکھنے کے واسطے میرا فرض منصبی یہ ہے کہ ایک طرف مین واقعی حالات کے بیان کرنے مین التزام نکتہ چینیون کا خوف نہ کرون اور دوسری جانب اِس بات کا ذمہ دار رہون کہ واقعہ سے زیادہ ایک حرف بھی حوالۂ قلم نہو -

میرے خاندان کی دولت و ثروت عرصۂ دراز سے چلی آتی ہے مگر مین اِس

موقع پر اس بیان کو صرف راے پورن چندسے شروع کرنا چاہتا ہون جہانسے دیگر موخون کی تاریخین اس خاندان کیواسطے شروع ہوتی ہین یہ میرے بارہوین دادا تھے جو بعہد نصیر الدین محمد ہمایون بادشاہ دہلی گذرے ہین سکونت قدیم انکی کہراسہ ضلع گونڈہ تھی یہ وہان کے حاکم نہ تھے راجہ نہ تھے۔ مگر ایسے امیر کبیر تھے کہ چارسو بجاس معزز اور مقتدر خاندانون کے پیشرو ان کے پیچھے پیچھے چلتے تھے اور اعلی پیمانے پر انکی زندگی بسر ہوتی تھی۔ رتن پانڈے ایک صاحب ریاضت کے واقعہ نے جو ہمارے خاندان کے پروہت بھی تھے انکا وطن مالوفہ چھوڑا دیا۔ اس دلچسپ حال کو مسٹر ڈبلو سلیمن کے۔ سی۔ بی۔ رزیڈنٹ لکھنؤ نے اپنے سفرنامہ مین اس طرح تحریر فرمایا ہے۔

ترجمہ مضمون سلیمن صاحب رزیڈنٹ

راجہ بلرامپور رامدت پانڈے جو میرے ہمراہ چلتے تھے کلہنس کے خاندان کے سرگروہ اچل سنگھ کا قصہ کہتے رہے اس کے زمانے کو سوا سو برس گذرے ہون گے۔ گونڈہ وزیر گنج کے درمیان کا علاقہ اسی کا تھا اور راج دہانی مقام کہراسہ تھا ایک زمیندار اور راجہ سے جھگڑا ہوگیا۔ جب زمیندار راجہ کے قابو مین نہ آسکا تو راجہ نے رتن پانڈے مہاجن سے کہا کہ تم مصالحت کراؤ کہ زمیندار اپنا حساب بیباق کردے اسکی حفاظت کی ضمانت بھی کرنے کو مہاجن راضی تو ہوا مگر راجہ سے کہا کہ آپ دریا کی قسم کھائین جو کہ قریب بہ رہا تھا کہ آپ بلا جلاق

اُس سے ملیگا اور پھر بحفاظت اُسکو مکان پر پہونچا دیجیگا۔ راجہ نے قسم کھائی۔ تب
مہاجن نے زمیندار کو بلا بھیجا۔ اور زمیندار مہاجن کی بات کا اعتبار کرکے آیا۔ مگر راجہ نے
اُس زمیندار کو فوراً قتل کر ڈالا۔ مہاجن نے کہا کہ بدعہدی کی بے عزتی کے ساتھ جینے سے
مرنا بہتر ہے کھانا مطلقاً چھوڑ دیا اور اکیس دن کے اندر مرگیا۔ مرتے دم دغاباز راجہ کو
یہ بددعا دی۔ کہ اے سرجو مائی تم اِسکا بدلا لو۔ نزع کے وقت مہاجن کے پاس راجہ کی
ایک حاملہ رانی آئی اور بہ منت کہا کہ میرے پیٹ مین جو لڑکا ہے اسپر رحم کھا اور
خودکشی سے باز رہو۔ مہاجن نے کہا کہ تیرے شوہر کی بدعہدی کی وجہ سے جو
مجھے ذلت ہوئی وہ جینے نہین دیتی۔ بہتر ہے کہ تو اِس مقام سے کہین دور
چلی جا اور اپنی اور بچہ کی جان بچا کیونکہ خشمناک سرجو ماتا راجہ کے قریب الون مین
سے کسی کو نہ چھوڑے گی چنانچہ رانی چلدی اور مہاجن کا انتقال ہوگیا۔ مِن بعد
دریا مذکور کا یک بڑھا اور طوفان کی کیفیت پیدا ہوگئی سارا قصبہ غرق ہوگیا اور
راجہ معہ کل ہمراہیان ڈوب گئے۔ پرانے قصبہ کے کھنڈر اب تک بھی کہین کہین
نظر آجاتے ہین کہ دریائے مذکور کے نیچے بہت گہرائی مین ہے اب ہی دریا بطور خوشنما
جھیل کے قریب موضع نوآباد کھراسہ درمیان ضلع گونڈا و وزیر گنج کے واقع ہے
رانی مذکور کے ایک لڑکا جسکی اولاد مین اب ایک شخص قوم کلہنس راجپوت کا سردار
ہے بمہنی سرد اقع مشرقی سرحد اودھ قریب گورکھپور اسی کے راج مین ہے۔
یہ بات حیرت انگیز ہے کہ کل لڑکے مادرزاد اندھے ہوتے ہین نہین تو گدی کا مالک تو

ضروری ہی اندھا ہوتا ہے راجہ صاحب کے دو لڑکے ہین دونون اندھے ۔ عموماً خیال کیا جاتا ہے کہ راجہ کی بدعہدی کا یہ ثمرہ ہے راجہ کی ایک خواص بھی بھاگ گئی تھی اور اس سے ایک لڑکا بھی ہوا تھا اوسی کی اولاد مین تعلقدار چھدوارہ ہین ۔ مہاجن کی پرستش بطور ایک ولی یا شہید کے ہوتی ہے ۔ ہر گانوٗن مین ایک شوالہ ہے شادیون مین اسپر نذرین چڑھائی جاتی ہین ۔ دولھا اور دلھن کے لئے اس شخص کی روح سے دعا طلب کی جاتی ہے جسکو اپنی بات کا اسقدر پاس تھا ۔ خاندان کلھنس کی دو شاخین ہین ایک پرستش کو برابر کرتی ہی ایک شاخ ضلع گورکھپور مین رہتی ہے نہین کرتی یہ شاخ اگرچہ ہندو ہے مگر مسلمانون کے عمل پر چلتی ہے اور مہاجن کی بددعا کا اثر زائل کرنے کے لئے بہرائچ کے مسلمان ولی کو مانتی ہے ایسے واقعات جو محض اتفاق سے ظہور پذیر ہوتے ہین سائٹی پر عمدہ اثر ڈالتے ہین تھوڑے دنون سے دریاعوض لینے مین اسقدر سست ہو گئے ہین کہ اودھ مین بادشاہ یا افسران شاہی یا زمینداران پر بہت کم اثر رکھتے ہین"

رتن پانڈے نے قبل اسکے کہ اپنی جان کو اپنی بات پر تصدق کر دے ہمارے جد موصوف کو طلب کیا اور بدمعاملگی راجہ بیان کر کے اوس آنیوالے طوفان کی پیشینگوئی کی اور مثل رانی انکو بھی کھراسہ چھوڑ دینے کی ہدایت فرمائی اعتقاد کا پایہ بلند اور شیرین ہے انھون نے بلا پس و پیش اپنے وطن مالوفہ کو خیرباد کہدیا ۔

بیت

زخصت اے اہل وطن ہمتو سفر کرتے ہین
در و دیوار پہ حسرت سے نظر کرتے ہین

تمام متعلق خانوادے ہرا قوام اور ملت کے ساتھ ہوے اور اس لشکر کا ورود پرگنہ سیلک ضلع نواب گنج مین ہوا یہان انھون نے اپنے نام پر ایک قصبہ آباد کیا اور اس کا نام پورنیا رکھا جو ابتک ایک موضع کی حیثیت سے قائم ہے اسی مقام پر آپ نے اپنی طرح اقامت ڈالی اور ہمراہیان کو بھی آباد اور بفراغت زندگی بسر کی - گزیٹیر ضلع ہردوئی کے صفحہ ۸۴ مین آپ کی نسبت لکھا ہے - کہ راے پورن چند قریبًا تیرہ پشتین گذری ہونگی بسبب قضیہ رتن پانڈے اپنے وطن خیرآسہ ضلع گونڈہ کو چھوڑ کر سیلک پرگنہ بارہ بنکی مین آ بسے جہان انھون نے ایک موضع آباد کیا جو پورنیا کے نام سے موسوم ہوا انکے بیٹے راے کھیم چند کو پیشگاہ خلافت جلال الدین محمد اکبر بادشاہ سے دیوانی محلات معلی کا خلعت ملا اِس نازک خدمت کو انھون نے اِس طرح سے انجام دیا کہ درمیان شاہ والا جاہ اور محرمات عالی رشتہ محبت روز بروز مضبوط ہوتا رہا اور انکو اِس جلدو مین ایسے ایسے عطیات سلطانی حاصل ہوے کہ انکی دولت و حشمت کا اندازہ قیاس سے باہر ہوگیا - ایک پانڈے جگ کا ذکر ہے جسمین نومن پختہ خالص طلا برہمنون کو آپنے دان دیا تھا اسی جگ مین شراب ترک کی گئی اور نومینا پانڈے کا خطاب بھی برہمنون سے ملا - گزیٹیر ضلع

ہردوئی کے صفحہ ۴۸ و ۵۸ مین اس طرحپر درج ہے۔ راے کھیم چند اکبر بادشاہ کی ڈیوڑھیات کے دیوان ہوے جن کے ذریعہ سے اونھون نے بہت بڑی دولت اور عظمت حاصل کی ایک موقع پر اونھون نے ایک پانڈے جگ کی جسمین نومن سونا برہمنان کو تقسیم کیا جنھون نے نومنیا پانڈے کا لقب دیا جس نام سے یہ خاندان اب بھی مشہور ہے روایت ہے کہ اس تاریخ سے شراب نوشی اس خاندان مین بالکل مسدود ہے۔ ایک گیت بھی ابتک زبانون پر چلا آتا ہے جس کو مین اس موقع پر درج کرتا ہون۔

شاہ اکبر جوان دلی پت کن تن سون ات پریت سوہائی
ہے گج آدیو کراو خلعت لاے نوین دکھائی
دانی کہرے ہین لال ہی پت رام پرشاد کی بات چلائی
نومن کنچن دان دیو تب نومنیا پانڈے پدبی تم پائی

انکے بیٹے راے غریب داس اپنے باپ سے زیادہ صاحب اقبال پیدا ہوے انکا قصہ اس طور پر ہے کہ آپنے پورنیا سے نقل فرماکر فتحپور بسوان مین ایک نامی گرامی عمارت واسطے اپنی سکونت کے طیار کرائی جسکے لئے اب تک خود وہ خالی زمین کو گگرہا محل کے نام سے مشہور کئے ہوے ہے اسی مقام سے آپنے بمقتضاے حوصلہ بلند قصد پایہ خلافت دہلی فرمایا۔ ایک پنڈت جو علم ظاہری کے ساتھ صاحب باطن بھی تھے انھون نے ساعت بتلائی۔ آپ اسی ساعت پر

بختِ بد خویش گہے شکوۂ من بود — گہ بود دلم خستۂ و آشفتہ و درہم
حال کہ این شفقتِ تازہ نمودی — صد شکر کہ شد دور ز دل شورشِ این غم
انی بہ یقین مہر بہی خواہ تو آمد — سازد بہ ثناے و دعاے تو بہر دم
ذکر تو بود وردِ منِ خستہ و مہجور — یادِ تو ہمیشہ بودم مونس و ہمدم
آن روز چہ خوش باشد و آن وقت چہ نیکو — بوسم بہ لبِ خویش قدوم تو دمادم
کہ شوکت و شانِ تو بصد شوق بہ بینم — بینم گہ دربار گہت پشت سران خم
لیک این ہمہ امر آمد باوقاتِ مقرر — تدبیر مؤخر شد و تقدیر مقدم
مانی بجہان تا ابد اے سرورِ دوران — با دولت و اقبال حبیبِ دلِ عالم
چند آنبہ فجری کہ بود نادر و نغزے — شد پیشکش خدمتِ آن سرورِ اعظم
این ہدیۂ مورے بہ سلیمان بود امروز — بپذیر بہ لطف و کرم اے خلقِ مجسم

خط مشعر ترسیل آنبہ بحضور مہاراجہ کشن پرشاد صاحب بہادر کے سی ایس آئی جی سی آئی ای یمین السلطنت دکن

اے وزیرِ نامدار و کامگار — اے امیر حشمت جم اقتدار
شمع بزم دولت و اقبال و جاه — آفتابِ آسمانِ اقتدار
بعد تسلیم و نیاز بیکران — عرض پرداز ست مہر دلفگار

فصل انبہ آمدہ خوش در جہان — عالمے گشتہ سراسر لالہ زار
ساحتِ گلشن شدہ ہمچون بہشت — خوش نسیم باغ آمد مشکبار
ہر طرف از انبہ ہاے نو بنو — شد نمایان قدرتِ پروردگار
مہر از فرط ارادت ہاے خویش — می فرستی انبہ ہاے خوشگوار
گر بذیری حسبنا لطف و کرم — ور جوابش می شوم منت گذار

دائما اقبالِ تو افزون شود
دشمنت گردد الٰہی زار و خوار

نقل خط مہاراجہ کشن پرشاد صاحب بہادر وزیر اعظم دکن موصولہ ۱۵ - جولائی ۱۹۱۰ء

افشان جبین فصاحت گیسوی عنبر بلاغت

مہربانا اندرین فصلِ بہار — نامہ ات چون مقصد آمد در کنار
بر کشودم خواندم واز صحتت — شکر کردم حضرت پروردگار
آنبہ ہا شد نیز واصل این زمان — خوردم الحق بود خیلے خوشگوار
در لطافت بود بہ از برگِ گل — بود خوشبو ہمچنان مشکِ تتار
من چہ گویم دیگر از شیرینیش — شکر اندر پیش او شد شرمسار
از صمیم قلب اندر نزد مہر — می کنم من شکر احسان بیشمار
خاصہ از بہر خطاب من زلطف — تہنیت گفتی چو در پیشا ہوار

شاد شد شاد از مودت ہاے تو		زندہ دارد در جہانت کردگار	
این مودّت این محبت تا بہ حشر		بادروز افزون بحق ہشت و چار	

مہاراجہ کشن پرشاد یمین السلطنت دکن - دوم رجب المرجب ۱۳۲۸ھ

اسی طور سے اگر مین ایک ایک صاحبان کا ذکر کردن تو کتاب مطول ہو جاوے
میری کتاب تواریخ خاندانی ہین یہ سب اذکار موجود ہین اب بین زیادہ طول دینا
نہین چاہتا ہون - آخر مین ذکر اسپنے پیرو مرشد اور اُنکے قدیمیہ تعلقات کا جو
اس خاندان کے ساتھ چلے آئے ہین - کرتا ہون -

ذکر مہاراجاو جھالجی لال جی خلف او جھا امرت لال جی ساکن رہیکا پرگنہ ترہت ضلع دربھنگا

او جھا امرت لال جی عہد سلطنت نصر الدین حیدر بادشاہ مین اپنے مسکن مالوفہ سے
لکھنؤ تشریف لائے اور راجہ موتی لال کشمیری اور راجہ بین پوری و راجہ جیالال
یہ سب امرا آپ کے سکھ ہوے چنانچہ میرے اجداد نامدار راجہ گوردھن لال
راجہ پرم دھن بھی بہت بڑے سامان کے ساتھ سکھ ہوے جسمین بڑی
جماعت شاشترداناں کی بنارس سے بلائی گئی تھی - بالآخر میرے چچا
کنور جمعیت راے صاحب آپ کے سکھ ہوے آپ کا انتقال بمقام سنگی

رام پور ۱۸۵۶ء افضلی مین ہوا۔ آپ کے تین صاحبزادے تھے فرزند متوسط آپکے
مہاراج اوجھا بچی لال تھے ۱۸۶۵ء مین آپ بنارس سے فارغ التحصیل
ہوکر لکھنؤ تشریف لائے جناب والد نامدار لکھنؤ مین اُن دنون تشریف
فرما تھے۔ خبر پاکر آپ سے ملاقات کی اور سندیلہ مین تشریف آوری کی لئے
استدعا کی جناب موصوف سندیلہ تشریف لائے چند ماہ قیام کیا پھر واپس
گئے دوسرے سال پھر تشریف لائے اوسوقت جناب راجہ صاحب ممدوح
آپ کے سکھ ہوے بہت کچھ دادو دہش کی ازانجملہ ایک موضع زیدنگر آپ کو
دینے کا وعدہ کیا چنانچہ اوسکے دوسرے سال جناب ممدوح نے انتقال
فرمایا۔ میرے وقت مین جناب ممدوح جب تشریف لائے تو مین نے
اُس موضع کی دستاویز ہبہ نامہ آپکو لکھدی اور اُسپر قبضہ کرادیا چنانچہ
اُسوقت نکاسی اُس موضع کی ایکہزار روپیہ سالانہ کی ہے اُنکے کارندہ اُسکا
انتظام کرکے روپیہ بھیجتے رہتے ہین۔ مین اور میرے فرزندان سب آپ
کے اور آپ کے بیٹے گوری کانت کے سکھ ہین آپ نے چند سال ہوے
وفات پائی اب مہاراج گوری کانت قابض موضع مذکور ہین مہاراج
اوجھا بچی لال بہت بڑے عالم باعمل تھے جھوشاستر کے جاننے والے
تھے۔ علم تنتر خاص انکے گھر کا تھا کیا کہنا کسقدر اُسپر قادر تھے۔ اب
ایسے لوگ کہان ہین۔ آپکے کئی بھتیجے ہین۔ ازانجملہ مہاراج رادھاکانت ہین

جنکی آمدورفت میرے یہان زیادہ ہے - بہت ہی شایستہ اور علمی مذاق سے انکو نہایت دلچسپی ہے جس سے یقین کیا جاتا ہی کہ وہ چند ہی روز مین بہت بڑے کامل و فاضل شخص ہون گے -

اب مین چند نقول سارٹیفکٹ عطیہ حکام ذوی الاحترام درج ذیل کرتا ہون

(نقل چھٹی ہاپکنس صاحب بہادر ڈپٹی کمشنر ضلع ہردوئی)

مین یہ چند سطور نہایت خوشی کیساتھ کنور درگا پرشاد کو دیتا ہون جو پرانے خاندان کے قائم مقام اور اِس ضلع کے تعلقدار ہین یہ علم دوست ہین اور بہت سی عجیب تاریخین انھون نے لکھی ہین - اُنکی ملاقات کی نہایت عزت کے ساتھ قدر کرتا ہون اور ہمیشہ انکی خیر و عافیت دریافت کرکے خوش ہوا کرون گا -

ایچ ایم - ہاپکنس قایم مقام ڈپٹی کمشنر ہردوئی - ۱۴ فروری ۱۸۹۰ء

نقل چھٹی ٹی جی کوین میجر جزل ڈپٹی کمشنر سابق ضلع ہردوئی -

ازمقام بارنیپیج میراچھپہ کوڈیکس فورڈ آئر لینڈ - ۲۱ - فروری ۱۹۰۱ء

مین کنور درگا پرشاد تعلقدار و آنریری مجسٹریٹ سندیلہ کو اُسوقت سی جانتا ہون جبکہ مین چھ سال تک ضلع ہردوئی مین ڈپٹی کمشنر رہا تھا - مین سچائی کے ساتھ کہ سکتا ہون کہ مین نے اُسوقت ہمیشہ اُنمین وہ اوصاف پائے جو کہ ایک ہندوستانی رئیس مین ہونا چاہیئے - یہ نہایت رحیم اور یکسانیت کے ساتھ خلیق ہین -

اور سب سے زیادہ اُنمین یہ بات ہے کہ یہ گورنمنٹ اور اپنے افسران ضلع
کے ہر طرح سے خیر خواہ ہین - اِن سے ملنے اور نیز سندیلہ یا ضلع کے متعلق
گفتگو کرنے مین نہایت خوشی ہوتی ہے - بحیثیت آنریری مجسٹریٹ اِنکے فیصلہ جات
قریب قریب بلا تغیر صحیح اور قابل اطمینان ہوتے تھے - مین اُن سب مثالون کو
آسانی کے ساتھ نہین بھولون گا جسمین کہ اُنھون نے میری خواہش کے مطابق
کارروائی کی اور مینوسپل اور ضلع کے انتظامات مین میرے خیالات کی تائید کی
۱۸۹۷ء مین نہایت افسوس کے ساتھ مین اُن سے رخصت ہوا جب کہ مین نے
ہندوستان چھوڑا تھا - نہایت تہ دل سے اب مین اُنکے عروج اور تندرستی و
سلامتی و درازی عمر کے لیے دعا کرتا ہون -

ٹی . جی - کوئن میجر جنرل ڈپٹی کمشنر سابق ہردوئی

(نقل چٹھی ای سانا ڈیر صاحب بہادر)

کنور درگا پرشاد تعلقدار سندیلہ سے ملکر نہایت دلی خوش ہوتا ہے یہ اس ضلع مین
سنسکرت اور عربی کے عالم ہین اور بہت سی باتون کے جاننے والے ہین - اب یہ سندیلہ
مینوسپل بورڈ کے چیرمین ہین - جہانتکہ اُنکی ایمانداری اور محنت سے مجھے یقین ہی کہ قصبہ کو
فائدہ پہونچیگا -

ای سانا ڈیر - ۱۸ / مارچ ۱۹۰۱ء

از میجر جے۔ سی۔ رابرٹسن قائم مقام سنٹری کمشنر ممالک متحدہ

بنام راجہ درگا پرشاد تعلقدار سندیلہ از لکھنؤ۔ ۲۱ ستمبر ۱۹۱۰ء

حسب ہدایت حضور ہز آنر لفٹننٹ گورنر صاحب بہادر مین منجانب گورنمنٹ آپ کا شکریہ اُس خاص امداد کی بابت ادا کرتا ہون جو آپنے ۱۹۰۹-۱۰ء مین ٹیکا کے کام مین دی ہے

دستخط جے۔ سی۔ رابرٹسن قائم مقام سنٹری کمشنر ممالک متحدہ

نقل چٹھی ڈیوس صاحب بہادر سابق کمشنر لکھنؤ

مین کنور درگا پرشاد تعلقدار کو بہت دنون سے جانتا ہون جبکہ مین بسلسلہ ملازمت اودھ مین تھا۔ یہ تعلیم یافتہ اور صاحب درجہ آدمی ہین اور ہر شخص جو انکو جانتا ہے انکی بہت عزت کرتا ہے انکی ریاست کا انتظام بہت اچھا ہے۔ اور منجملہ دیگر اوصاف کے یہ شاعر اور بڑے انشا پرداز ہین۔

ڈیوس لیٹ انڈین سول سروس کمشنر لکھنؤ ڈویزن از مقام ابرے ہنڈ فورڈ السن و دیوان۔ ۱۶۔ فروری ۱۹۱۱ء

از دفتر کمشنر لکھنؤ ڈویزن ۱۹۔ دسمبر ۱۹۱۱ء

کنور درگا پرشاد ساکن سندیلہ ایک سربرآوردہ تعلقدار سندیلہ کے ہین یہ سرکاری خیرخواہی اور عوام کی خیراندیشی کے لئے مشہور اور معروف ہین۔ انکی ذہانت اور روشن خیالی سے انکی ملاقات مین لطف ہے۔

دستخط ای۔ ایل۔ سانڈرس ای۔ سی۔ ایس

نقل چھٹی ٹی اے ایچ - وے ڈپٹی کمشنر لکھنؤ

کنور درگا پرشاد تعلقدار سندیلہ مشہور پرانے خاندان سے ہین جس نے بہت لایق انجاص اسلامی اور انگریزی دونون حکومتون مین سرکاری ملازمت کے لیے دے ہین یہ مشہور شاعر اور فارسی کے عالم ہین - نہایت خلیق ہین انکی ملاقات سے خوشی ہوئی ہی یہ تجربہ کار اور لائق آنریری مجسٹریٹ ہین اور گذشتہ ڈھائی سال سے اول غیر ملازم چیرمین سندیلہ مینوسپل بورڈ کے ہین -

ٹی - اے - ایچ - وے - ڈپٹی کمشنر لکھنؤ - ۱۶ مارچ ۱۹۱۲ء

ذکر برادران راقم

اب مین اپنے برادران نیکو نہاد اور فرزندانِ سعادت بنیاد کے کچھ حالات لکھنا چاہتا ہون - برادر عزیز رائےصاحب کنور کامتا پرشاد صاحب بہادر ڈپٹی کلکٹر مجھ سے چھوٹے اور برادر عزیز کنور جوالہ پرشاد تحصیلدار اُن سے چھوٹے ہین اِن ہر دو برادران عزیز کے حالات سعادت اور عقیدت و محبت اور لیاقت کیا لکھے جائین اظہر من الشمس ہے -

حاجتِ مشاطہ نیست روے دلارام را

اِن مین ہر ایک بجالت خود صفات انسانی سے موصوف اور محامد ذاتی سے ایک دوسرے پر بالاتر ہے - برادر عزیز رائیصاحب کنور کامتا پرشاد صاحب نے عمدہ کارگذاریون سے بہت اعزاز و اقتدار گورنمنٹ مین پیدا کیا اور نیز اپنے اخلاق وسیع اور حسنِ معاشرت سے ہر مقام اور ہر محلہ مین اپنے آپ کو ممدوح بنایا منجملہ مین سلطنت انگلشیہ سے رائیصاحب کا خطاب عطا ہوا - ۱۸ جنوری ۱۹۰۹ء مین حضور ہز آنر سر جان ہیوٹ صاحب بہادر لفٹنٹ گورنر بالقابہ نے سند خطاب و سارٹیفکٹ حسن خدمات قحط سالی عطا فرمایا - حُسن اتفاق اور یاوری بخت بلند سے اِسی مبارک دن کی شب مین اُنکو خدا نے فرزند ارجمند مرحمت فرمایا - بحالت ناامیدی خورشید مراد مشرق امید سے طالع ہوا - کنور لوک اندر بہادر مین نے اسکا نام رکھا اور تاریخ ولادت بھی لکھی - اسی دو تین روز کے اندر درجہ ڈپٹی کلکٹری مین بھی برادر موصوف نے ترقی پائی - اور اسی ہفتہ مین مین نے مقدمہ ریاست خاندانی تنسیخ وصیت نامہ جعلی متدائرہ دیوانی مین محکمہ عالیہ جوڈیشلی سے ڈگری پائی - یہ چار خوشیان ایک ہی ساتھ حاصل ہوئین جنکا ذکر مین نے اس نظم مین کیا ہے -

این چہ روئے نیک آمد در نظر	این چہ وقتِ سعد گشتہ جلوہ گر
بابِ عشرت کرخِ من گشت باز	شد شبِ امید رانیکو سحر
گشت تازہ بوستانِ آرزو	در نہالِ مدعا آمد ثمر
شد زبانِ اضطرارِ انتشار	شاہدِ مقصود من آمد ببر

در حریم نجم از افضال حق — شد طلوع مہر با صد کر و فر
کامتا پرشاد فخر روزگار — نیک طبع و نیک خو نیکو سیر
قوت بازوے مہر ناتوان — راحت جان من خستہ جگر
داد ایزد چون باو فرزند نیک — تلخی ہجران شدہ برلب شکر
شد ز یمن این ولادت در جہان — از خطاب رائے صاحب مفتخر
پایہ ہم افزود از فضل خدا — این سر تازہ شد پیدا دگر
نہ ہم شد زین ولادت کامیاب — یافتہ بر دشمنان خود ظفر
شد سرور بیکران پیدا بدل — آمدہ در چشم من نور بصر
حبذا مولود نیکو طالعے — حبذا مولود فرخندہ اثر
حبذا نور مبارک فال من — حبذا خوش بخت و خوش اختر پسر
دور کن فرق بلا سالش بگو — راحت جان آمد و لخت جگر
یا الٰہی عمر او باشد دراز — در کنار مادر و ظل پدر

دیگر

چو از بہر سعادت آمد این دُر — نہادم نام لوک اندر بہا در
بجاے اندر اگر اندر نگفتم — چنین گوہر بہ سلک نظم سفتم
مگیر آہو برین تازہ شکارم — ز معذوری مرا معذور دارم

	کہ مضمون پیش گشت و بحر تنگ ست		قلم را دست زین و زیر سنگ ست	

برادر موصوف علاوہ دیگر صفاتِ انسانی جامۂ قابلیت سے آراستہ و پیراستہ
ہین شاعری مین عزیز موصوف کو یدِطولیٰ حاصل ہے کلام نہایت پاکیزہ سنجیدہ
پُراثر ہوتا ہے بہت سے قصائد مثنویان غزلین رباعیات اونکی تصنیفات سے ہین
چنانچہ ایک مثنوی بہ واقعہ اپنی دختر کے جو عزیز موصوف نے لکھی تھی اوسکی نقل
اِس موقع پر داخل کتاب ہذا کرتا ہون ۔

نقل مثنوی تصویر غم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اُوسکی حسرت ہے جسے دل سے مٹا بھی سکون
ڈھونڈھنے اُسکو چلا ہون جسے پا بھی سکون

اِس مثنوی کی بنیاد ایک پیاری لڑکی کی دنیا سے رحلت اعزا سے دایمی جدائی اور باقیات مین اوس کی عبرت انگیز تصویر ہے شاعری نے اُسمین کوئی درجہ پایا ہو مگر حسرت کے مرقع نے ضرور اپنے اوراق کھولدئے اور دیوانگی نے نئے نئے عالم دکہائے ہین۔ مدعاے نظم آغاز مین اسیقدر تھا کہ حاشیۂ تصویر پر حیات ممات و دیگر خاص واقعات کا سنہ وسال ایک طریقہ سے جگہ پاجائے اور تصویر معہ واقعات خاندان مین یادگار رہے مگر قلب کی تڑپ کب

رک سکتی تھی بیچارہ دل آخر خون ہو کر آنکھوں سے ٹپک ہی پڑا۔ شعر

زخمی دل و جگر ہین صدمہ ہی جسم و جان پر | دو ہاتھ کل ہین یارب کہون کہان کہان پر

یہ بھی خواہش مصنف کی نہ تھی کہ بصورت کتاب یہ مضامین پراگندہ جمع ہو کر طبع کرائے جائین مگر بہ تعمیل ارشاد عالیجناب معلے القاب جناب راجہ درگا پرشاد صاحب بہادر دام اقبالہ یہ لخت دل پیشکش خدمت ناظرین ہوتے ہین

ای صبا جا کے اسیران قفس سے کہدے
اتنی فرصت ہمین ہے ای کشش دشت جنون

موسم گل ہے اب آکر چمن آباد کرین
ہم کہ دو چار گھڑی خاطر صیاد کرین

مثنوی

دل بیتاب کی یارب دوا بھی
کہانتک صدمے یہ دل کے جگر کے
تمنائے دل بسمل کی حد بھی
کہون کیا اس فلک کو مین کہ کیا ہے
دکھا کر شکل آسایش کی اکدم
بنا نقشہ مٹانا کام اس کا
بھرے ہین نوش ہین بھی نیش اسکے

جفائے چرخ کی کچھ انتہا بھی
کہان تک ہو جور چرخ فتنہ گر کے
جفائے خنجر قاتل کی حد بھی
جفا پرور وفا نا آشنا ہے
ہے کرتا قلب سے آرام کو رم
نیا شعبدہ دکھانا کام اس کا
گلون مین خار ہین دلریش اسکے

ستم ایجاد ہے بیداد گر ہے
کسی کے دردِ دل کی کیا خبر ہے

زلال اس کا ہی مملو آبِ سم سے
بدلتا رہتا ہے راحت کو غم سے

ہنساتا ہے کبھی یہ صورتِ گل
رولاتا ہے کبھی مانند بلبل

وفا اسکی جفاؤن کی ہے پالی
شراب اسکی نہین تلچھٹ سی خالی

اوگلنا زہر کا ہے کام اس کا
ہلاہل سے بھرا ہے جام اس کا

وفا سے منحرف ہر حال اس کی
جفا اک عادتِ پامال اس کی

فروزان شمع کو کرتا ہے یہ گل
عیان ہے خانہ بربادی بلبل

اُٹھین شعلے یہ کب تک غمکے تن مین
رُکے کب تک رہین نالے دہن مین

دکھا دون تمکو مین اک غم کی تصویر
سنا دون قصۂ نیرنگِ تقدیر

وہ دیکھو سامنے ہے کون صورت
شبیہِ حسرت و تصویرِ عبرت

کبھی یہ شمع بزم انس و جان تھی
میانِ دل دلیلِ کاروان تھی

چمن مین گل گلون مین رنگ و بو تھی
تھی دل سینے مین دلمین آرزو تھی

ہوا بدلی جو اس رنگین چمن کی
جدا ہر پنکھڑی سے پنکھڑی تھی

اُٹھا طوفان تو قطرے دربدر تھے
جو آئی آندھی ذرے منتشر تھے

نہ سمجھو تم کہ ساکت ہے یہ تصویر
خموشی رکھتی ہی معنی و تفسیر

اشارہ ہے یہ چشم خونفشان کا
بیان ہی یہ لب عاجز بیان کا

نہ ہو ہم یون صدا تصویرِ دیوار
تھے گوہر بحر مین گوہر مین انوار

قضاے آسمان جنبش مین آئی
کشش دنیا کی ہمکو کھینچ لائی

جب آئے ہم تو کیا کیا رنگ لائے
بہی نیرنگ تقدیر نے دکھائے

جو روئے ہم تو کتنون کو ہنسایا
ہنسے جب ہم تو کس نے کیا نہ پایا

جگہ آغوشون مین جسوقت پائی
نہ لی کس دل سے ہمنے رونمائی

چلے جب پاؤن سے ہمراہ دایا
کلیجہ ہاتہ بہر مادر کا پایا

جو بولے ہم تو کیا جادو تھی بولی
گرہ ہر خاطر بستہ کی کھولی

بڑے جتنا بڑہاے دل اثر سے
گرائے مہر و مہ اوج نظر سے

کبھی تھے گل کبھی شمع فروزان
ہمین سے تھا منور باغ و ایوان

نہال راج کے ہم بھی ثمر تھے
انہین پھولی پھلی شاخون کے بر تھے

نہ پائی کون عظمت گھر مین رہکر
پکارا مان نے جگرانی ہی کہکر

نسب پایا تھا مثل مہر تابان
سے تھے دادا راجہ دھنپت راے ذیشان

عیان شان اسکی مہ سے تا بہ ماہی
فلک دیتا تھا عظمت کی گواہی

چچا سے خانۂ دولت ہے آباد
جہان فیض راجہ درگا پرشاد

سدا نخل اسکا یا رب بار لائے
ہر اک شاخ اسکی سو سو گل کھلائے

ہین عم دوم راجہ جوالا پرشاد
پہلین پھولین خدا دایم رکھی شاد

پدر کا نام کیا لون کچھ حذر ہے
مری بزم عزا کا نوحہ گر ہے

کسی حیران کی حیرانی نہ پوچھو
پریشان کی پریشانی نہ پوچھو

قضا نے گلشنِ ہستی جو لوٹا
کسی کے ہم نہ کوئی اب ہمارا
نہ اَب دل ہی نہ کوئی آرزو ہے
مخالف ہے ہوا دریا چڑھا ہے
ابھی کچھ دن ہماری یاد بھی ہے
ورق جب اور کچھ اُلٹے گی تقدیر
مٹے گا نام تک لوحِ جہان سے
ہو جب انجام مین یہ حکم تقدیر
جلا دو پھونک دو کاغذ کے گھر کو
بھلا مین کیا تھی اور کیا ہو مری یاد
مرے آنیکا یان اتنا تھا حاصل
خبردار اے دلِ غمگین خبردار
سناؤن مین مفصل یہ کہانی
یہ تھین ہم بطن باہم تین ہمشیر
ہر اک انہین بلا گردانِ مادر
ہر ایک کی آنکھ کا ہر ایک تارا
ہر اک کے ہاتھ مین ہر ایک کا دل

ہر اک سے رشتۂ خویشی ہی ٹوٹا
خدا کا رہگیا ہی اک سہارا
نہ گل باقی نہ اُسکی رنگ و بو ہے
خدا کشتی کا میری ناخدا ہے
خیالِ خاطرِ ناشاد بھی ہے
نہ پھر یہ یاد ہو گی اور نہ تصویر
پتہ کوئی نہ پائے گا نشان سے
نہ دیکھو مجکو تم اور میری تصویر
نہ دو تکلیف نظّارہ نظر کو
سمجھ لو ہو گیا اِک نقشِ برباد
دُکھائے پیاری پیارے کتنے ہی دل
نہین غفلت کی جا دنیا ہے زنہار
جگر پتھر کا کر دو ان پانی پانی
بہارِ گلشنِ تقدیس و تطہیر
محبت ماں کی سب پر سایہ گستر
ہر اک کی زیست کا ہر اِک سہارا
سجی تھی اور سجائی ساری محفل

جلا پیرِ فلک دیکھا جو یہ رنگ
دکھایا اور ہی کچھ اپنا نیرنگ

اُٹھایا پہلے سایہ ماں کا سر سے
گرایا شیشۂ دل کو نظر سے

جدائی یہ نہیں تھی جان کی تن سے
تھی رخصت شمع کی اِک انجمن سے

پریشان ہو گئی جمعیتِ دل
اُڑی سب رونقِ سامانِ محفل

نہ بھرنے پایا تھا یہ زخم کاری
بڑی ہمشیر جنت کو سدھاری

کچھ ایسا کر لیا پتھر جگر کو
نہ دیکھا لوٹ کر ماں کو پدر کو

مسافر نا بلد منزل کڑی ہے
خدایا دستگیری کی گھڑی ہے

نہ اِس پر بھی فلک کو رحم آیا
پہاڑ اِک اور بھی غم کا گرایا

جنازہ اُٹھا ہمشیرِ دوم کا
فلک ٹوٹا سروں پر رنج و غم کا

نہ دیکھی کچھ بہارِ کامرانی
پھلی پھولی نہ شاخِ زندگانی

اُسی اجڑے چمن کی یہ فضا تھی
ستم کشتے کاروان کی نقشِ پا تھی

قضا نے اُسکو بھی مہلت نہ دی وائے
نہ کی کچھ زندگانی نے وفا ہائے

خزان کا چھا گیا بادل چمن مین
یکایک آ گیا سورج گہن مین

الٰہی بابِ جنت اِس پہ کھل جائے
گلے جا کر یہ اپنی ماں کے مِل جائے

بڑی چھوٹی بہن سب ایک جا ہون
یہ اون پر اور وہ اُس پر فدا ہون

کرے حسنِ عمل رحمت کو تسخیر
ملے انعام مین جنت کی جاگیر

کہان تھے نجم تم پہونچے کہان پر
پھر آؤ اپنے غم کی داستان پر

ہوا تاباں تھا جس ساعت یہ اختر
ہوا پھر منتخب بہرِ عروسی
قضا کا آگیا ارجنٹ جب تار
دوم تاریخ کو ماہِ دسمبر
نظر آتی ہے اک شکل اور معصوم
گیا یہ یاں سے آگے سوئے جنت
ستم کا اور غضب کا یہ سماں ہے
جنازہ ہے پسر کا ماں کے سر پر
خموش اے انجم کیوں ہرزہ بیانی

رواں تھا سن اٹھارہ سو چوہتر
اٹھارہ سو نواسی سالِ عیسیٰ
تھا سالِ غم فزا انیس سو چار
ہوا ملکِ عدم کا آہ رہبر
کھڑا ہے پشت پر مادر کے مغموم
ہوئی جاں جسم سے پہلے ہی رخصت
لرزنے کا مقام اے آسماں ہے
لبیہ ہے نوحہ خوانِ مرگِ مادر
خدا باقی ہے باقی سب ہے فانی

جو آیا آج یاں وہ کل رواں ہے
زمانہ جائے آسائش کہاں ہے

تاریخ

برادر عزیز کنور جوالا پرشاد اسوقت تحصیلدار بسولی ضلع بدایون ہین اُنکی لیاقت سعادت اور حسن کارگذاری اور اخلاق کے حالات ہر ہر جگہہ پر ظاہر ہو ہی ہین

بصورت آدمی لیکن فرشتہ ۔ خدا از لطفِ خود داو را سرشتہ

چنانچہ مین نے ذکر اسکا اپنی مثنوی پند دلپذیر مین بھی اسطور سے کیا ہے

در جہان دارم دو اخوانِ عزیز	ہر یکے زان مخزنِ عقل و تمیز
ہر یکے زان شمعِ بزمِ افتخار	ہر یکے زان نامدار و کامگار
ہر دو ایشان راحتِ جان منند	خوش فدائے حکم و فرمانِ من اند
الفتِ شان مرہمِ زخمِ دل است	مہرِ شان آسان کن ہر مشکل است
اتفاقِ الفتِ ایشان آمن	کرد آن کارے کہ باران با چمن
اتفاقم داد خوش لطفِ حیات	اتفاقم داد از غمہا نجات
اتفاق افزود اعزازم بسے	در جہان بنمود ممتازم بسے

مین نے ایکمرتبہ ۱۸۹۱ع مین از راہِ جوشِ محبت برادر عزیز کنور جوالا پرشاد کے نام ایک قصیدہ فی البدیہ لکھکر بھیجا۔

تا مہر و ماہ گردشِ لیل و نہار باد	در دہر این برادرِ نیکو شعار باد
در تابِ آفتابِ غمِ اندوزِ روزگار	دایم بہ زیرِ سایۂ پروردگار باد

رویش چو گل شگفته بود در ریاضِ دهر
خصمش ز خار خارِ الم دلفگار باد

هم نعمت نکوی و هم دولتِ جهان
در موکبش دوایم یمین و یسار باد

از دام مهر و دانۀ اخلاق و لطف او
مرغِ دلِ زمانه بدستش شکار باد

ای جان و ای برادر و ای دلربای من
نقدِ دلم همیشه براهت نثار باد

در بزم دلفریب جهان شاهد مراد
هر دم بذوق و شوق ترا همکنار باد

آئینۀ دلِ تو درین خاکدانِ دهر
یارب همیشه صاف ز گرد و غبار باد

دایم فدای خوی تو بادِ سحر بود
قربان بوی خلق تو مشکِ تتار باد

بخت بلند باشد و اختر بکامِ تو
دولت همیشه یاور و اقبال یار باد

خوی خوشت رفیق و سعادت انیس تو
دیگر بخدمت تو نه خدمت گذار باد

زین خوی نیک نقد دلم شد بدستِ تو
دایم برین متاع ترا اقتدار باد

گویم سه شعر از دل پر آرزوی خویش
طبعت پی شنیدن آن گوشدار باد

غیر از خیال تو نبود هیچ دردِ دلم
جز یاد تو مرا نه دگر غمگسار باد

این مایۀ محبت و این جوهرِ خلوص
یارب دو اهم در نظرت با وقار باد

جز دیدنِ جمال و دعا کردنِ تو بس
نی مهر را بدهر دگر کار و بار باد

اب مین فرزندان سعادت نہاد کے ذکر کیطرف متوجہ ہوتا ہون کہ بعنایت الٰہی بحالت موجودہ میرے سات فرزند ہین۔

کنور جنگ بہادر۔ کنور اقبال بہادر۔ کنور لال بہادر۔ کنور بخت بہادر کنور برج بہادر۔ کنور راج اندر بہادر۔ کنور مہندر بہادر

کنور جنگ بہادر کی فارسی لیاقت بہت ہی اچھی ہے اور انگریزی ایف۔ اے تک پڑھی ہے کاروبار ریاست عرصۂ دس سال سے مین نے انکے متعلق کیا ہے جسکو وہ نہایت محنت اور خوبی سے انجام دیتے ہین اور بعنایت ایزدی او ربا تفاق سعادت ہر کام اُن کا میری مرضی کے موافق ہوتا ہے حسابی معاملات و انتظامی امورات مین انکو خاص مادہ حاصل ہے مراسلات انگریزی بھی سب اُنھین کے متعلق ہے۔ اسمین خاص مشق بہم پہونچائی ہے۔ بفضل ایزدی اُنکے چار بیٹے اور ایک بیٹی ہے

کنور اقبال بہادر کورٹ مین ملازم ہین۔ کنور لال بہادر تحصیلدار ہین۔ کنور بخت بہادر کو مین نے فارسی پڑھائی ہے۔ کچھ عربی بھی پڑھی ہے۔ شعر و سخن مین اعلیٰ مذاق ہے۔ کنور برج بہادر نے انٹرنس تک پاس کیا ہے۔ اب ایف اے مین پڑھتے ہین اور کنور راج اندر بہادر و کنور مہندر بہادر بھی تکمیل انگریزی کرتے ہین بعنایت الٰہی اسوقت میرے دس پوتے ہین۔ ازانجملہ کنور کرشن بہادر بہت ہی علم دوست حلیم سلیم الطبع ہوشیار لڑکا ہے۔

سالے کہ نکوست از بہارش پیداست

کنور بخت بہادر کا کلام مجملاً اس موقع پر درج کتاب ہذا کرتا ہون - اہلِ سخن خود اسکی ابتدائی مشق کو اندازہ کر کے آیندہ اُسکی مزید قابلیت کی پیشین گوئی فرمائینگے -

قصیدہ اُردو

چار جانب سے گھر آیا ہی فلک پر بادل
ہر طرف بیٹھ گیا فصلِ بہاری کا عمل

ٹوٹے پڑتے ہین خمِ مَے پہ جہان کے میخوار
جھکی جاتی لبِ ساغر پہ ہی مَے کی بوتل

کرتے ہین کبک ہین اٹکھیلیان صحرا صحرا
رقص مین مست ہین طاؤس بھی جنگل جنگل

گلشنِ دہر ہے آراستہ مانندِ دلھن
حبذا قدرتِ حق صنعتِ صناعِ ازل

نغمہ زن فرطِ مسرت سے ہین مرغانِ چمن
فاختہ بولتی ہے کرتی ہی کوکو کویل

چہرۂ گل پہ نمایان ہین خوشی کے آثار
بلبلِ نغمہ سرا شاخ پہ گاتی ہی غزل

دیکھ کر سبزۂ صحرا کو گمان ہوتا ہے
دھوپ دینے کو بچھایا ہی یہ کاہی مخمل

گلشنِ دہر مین دیوالی کی آئی ہی بہار
روشنی سے ہی ہر اک قصر مکان نور محل

کہین جلتے ہین چراغ اور کہین روشن قندیل
کہین فانوس ہین روشن کہین جلتے ہین کنول

دیکھ کر شب کو یہ شمعون کا سمان محفل مین
گل ہوئی ماہ کی گردون پہ دمکتی مشعل

ساقیا دیر نہ کر دے مجھے بھر بھر کے جام
جلد لا بادۂ گلگونی تو بھر کر بوتل

نظم کرتا ہون تیرے مدح مین اشعار
چونکہ ہے آج امیرانِ جہان مین افضل

گوہر بحر عطا راجہ درگا پرشاد — مخزن جود و سخا و کرم و علم و عمل

مالک ملک سخن مظہر جاہ و حشمت — مہر و گلزار سخا دیدۂ ارباب دول

جوہر علم ادب مین نہین ثانی تیرا — دفتر دہر مین تو آج ہی فرد و اکمل

گنج قارون بھی اگر ہاتھ سے اپنے بخشے — تیری ہمت مین نہ فرق آئے نہ بخشش مین خلل

چمنستان تمناے جہان ہو سیراب — آپ کے جود و سخاوت کا جو برسے بادل

فرق دشمن کا قلم مثل قلم ہو جاے — گر ترے ہاتھ مین ہو تیغ دم جنگ و جدل

ذات سے تیری ہے وابستہ امید عالم — وا ہین ناخن سے ترے عقدۂ ہائے مشکل

طرز اخلاق پہ تیرے دل عالم ہی فدا — اسم تسخیر جہان مین ہی ترا حسن عمل

عدل سے تیرے ہی ہر دلکو ثبات و قرار — رعب سے خاطر اعدا مین ترے ہی ہلچل

بخت خاموش ذرا روک عنان خامہ — کر دعا اب ہی پیش چمن آراے ازل

تا کہ ہے جلوہ فزا تخت پہ شاہ خاور — تا سر چرخ ہی مہتاب کی روشن مشعل

نیر دولت و اقبال درخشان ہووے

دشمن جاہ ہے کشتۂ شمشیر اجل

غزل فارسی

کہ یہ را میصاحب کنور کامتا پرشاد صاحب بہادر برخوردار کنور بخت بہادر تصنیف کردہ پیش نمود

بیا ای ہمنشین من کہ آہنگ سفر دارم
بہ گلگشت جونپور اشتیاق بیشتر دارم

بپیراہن نمی گنجم ز فرط شادمانی ہا
کہ امشب شاہد مقصود خود یا رب بردارم

بیا ساقی بدہ جام شراب ارغوانی را
کہ از فرط خمار انزو ہا درد سر دارم

ہمیشہ بخت می نازم بہ بخت سازگار خود
کہ ہمچون کامتا پرشاد عم نامور دارم

خوشا روزیکہ بوسم آستان درگہ والا
ازین بہتر تمنائے نہ در خاطر دگر دارم

تنائے مہر و اخلاقش ہمیشہ بر لبم باشد
دعاے دولت او بہ زبان شام و سحر دارم

بہ فرقم باد دایم در جہان ظل جلیل او
کہ مہر از جمال خود بہ از مہر پدر دارم

اب مین چند اشعار دعائیہ لکھکر اپنے خاندان کا ذکر ختم کرتا ہون

خدایا رحمت خود را عیان کن
ترحم بر من و بر خاندان کن

فروزان دار شمع خاندان را
تفاخر بخش ہر پیر و جوان را

بہر یک دہ متاع عز و جاہی
بفرما مورد الطاف شاہی

ز مہرِ تو ہمہ دلشاد باشند
بہ گلزارِ جہان باشند خوشحال

بقصرِ خود می آباد باشند
زکلفت دور و زغم فارغ البال

زنعمائے جہان آسودہ باشند
فدائے حکم شاہنشاہ مانند

فروغِ دیدۂ این دودہ باشند
بہی اندیش و نیکو خواہ مانند

نفاق و بغض از دل دور دارند
بآزار دلی ہرگز نکوشند

طریق صلح با ہر کس سپارند
خطا بینند و چشم خود بپوشند

نباشد کارشان جز راست کاری
چو حالِ خاندان زین گونہ بینم

وفا داری و یا نیکو شعاری
زنخل مدعا صد گل بچینم

کشایم پرچمِ اقبالِ خود را
جہان را بر مرادِ خویش یابم

نمایم شوکت و اجلال خود را
بقوت پنجۂ دشمن بتابم

دلِ حاسد بسینہ آسا بسوزم
بہ تیرِ غم دلِ دشمن بدوزم

خدایا این درِ امید بکشا
جمالِ شاہدِ مطلوب بنما

ذکر داخلۂ اہلِ اسلام

تحقیقات سے یہ امر ثابت ہوتا ہے کہ سندیلہ مین پہلے پہل مسلمانونکی آبادی مشائخ عظام اور اولیاء کرام سے شروع ہوئی ہے اور تصدیق اسکی کاغذات موجودہ روساء سندیلہ سے جو اسوقت میرے پیش نظر ہین بخوبی ہوتی ہے۔ سب سے پہلے پیر تاج الدین اور آپ کے بعد میران معز الدین اس کے بعد قاضی سراج الدین و سید محمود شفورانی اور انہین دونون حضرات کے دوران زمانہ مین حضرت مخدوم سید علاء الدین قدس سرہٗ اور پھر قاضی بہاؤ الدین شیخ علی لاہوری نبیرہ شیخ فریدالدین شکر گنج و نیز ہاشم شاہ و شاہ جنید روحانی سندیلہ مین تشریف لائے۔ پس جسقدر خاندان قدیم اہل اسلام سندیلہ مین ہین وہ اکثر انہین بزرگان باکمال کی اولادمین ہین جسکی تفصیل آئندہ سطور مین لکھونگا۔

خاندان پیر تاج الدین

قدس سرہٗ

اِس خاندان کا سلسلہ پیر تاج الدین سے ہمکو ملتا ہی یہ اوّل شخص اِس خاندان کے ہین جو ملکِ فاریاب سے ہندوستان مین آئے اور کم سے کم انکی ذاتِ پاک کا اسقدر تعلق سندیلہ سے ضرور مان لینے کے قابل ہی کہ انکی وفات اسی قصبہ مین ہوئی اور آبادی قصبہ کے پورب طرف ایک اونچے مقام پر مدفون ہین اِس خاندان کی سندیلہ مین کئی شاخین ابتک موجود ہین۔ سکونت ملک فاریاب چودھری عطاءاللہ کے شاخ کی تحقیقات ہی جنکی سرخی سے ہم نے اس خاندان کا ذکر شروع کیا ہے مگر بعض دیگر شاخین انکی آمد ملک جام سے بتلاتی ہین۔ اسمین جو صحیح ہو ہمکو باوجود سعی جمیلہ اسکا کچھ پتا نہین چلتا ہے کہ ٹھیک کس سنہ و سال مین انکا ورود نزول ہوا اور کتنا زمانہ اس پر اسوقت تک گذر چکا ہے۔ مگر اس خاندان مین بہت پرانے کاغذات موجود ہین اور شجرہ خاندان نہایت مرتب اور مکمل پایا جاتا ہے اور بروقت تحریر اس ذکر کے وہ تمام سفینہ ہماری نظر کے سامنے ہے اسمین ہمکو

ایک اصل پروانہ سلطنت دہلی کے ایک حاکم محمود خان نائب نواب دلیر خان شاہ آبادی کا بابت تقرر چودھرائی (رفیق اللہ) بسلسلہ وفات اُنکے باپ چودھری شاہ محمد مورخہ غرہ ربیع الاول سنہ ۱۰۵۱ہجری مطابق سنہ ۱۶۳۳ء ملتا ہے جو پیر صاحب کی اولاد مین تھے اُس سے ہم قریب قریب اُنکے سندیلہ آنے کا زمانہ دریافت کر سکتے ہین۔ شجرہ بتلاتا ہے کہ پیر صاحب کی نوین پشت مین چودھری رفیق اللہ پسر چودھری شاہ محمد ہین۔ چودھری شاہ محمد سے پانچ پشتین اِس خاندان مین گذر چکی ہین اور چھٹی پشت مین اِسوقت چودھری علی رضا موجود ہین۔ چنانچہ سنہ ۱۰۵۱ء عہد چودھرائی شاہ محمد سے ۶ پشت مین ۳۰۰ سال کا زمانہ گذرا ہے اور اس مناسبت سے ۹ پشت کا دور ۴۵۰ سال مین گذر سکتا ہے اِس حساب سے تقریباً ۷۵۰ سال سے یہ خاندان سندیلہ مین قائم پایا جاتا ہے جبکہ شہاب الدین غوری کے حملے ہندوستان پر ہو رہے تھے۔ اسمین دس بیس سال کی کمی دبیشی کا اگر ایر پھیر ہو تو مورخ کی ذمہ داری نہین ہے۔

اب مین سلسلہ وار اِس خاندان کا ذکر کرنا چاہتا ہون

پیر تاج الدین کے صاحبزادے پیر احمد۔ اُنکے بیٹے خواجہ امام الدین۔ اُنکے بیٹے پیر بہولے۔ اُنکے بیٹے میان اچھن۔ اُنکے صاحبزادے پیر احمد اُنکے نور چشم میان لاد۔ اُنکے پسر طیب ہوے۔ انھین کو اول اول عہدہ چودھرائی قانون گوئی بذریعہ پروانہ شاہی مورخہ ہفتم ماہ ذیقعدہ سنہ ۹۶۳ھ

بعہد معدلت مہد جلال الدین محمد اکبر شاہ دیہات پرگنہ سندیلہ کا ملا - اس فرمان کی نقل بمہر قاضی اس خاندان مین موجود ہے - انکے صاحبزادے شاہ محمد ہوے یہ وہی شخص ہین جنکا ذکر پروانہ محمود خان حاکم عہد شاہجہان بادشاہ مین ہوا ہے انھون نے ۱۰۵۰ء مین وفات پائی اور فیق اللہ انکے بیٹے اُنکے بجاے عہدہ چودہرائی پر کامیاب ہوے اور ۱۷ شہر شوال ۱۰۸۰ھ کو بذریعہ پروانہ ... کی جاگیر اضافہ ہوئی - پروانہ اصل خاندان مین موجود ہے - اور موضع کو درکولی نانکار مین آیا - نقل پروانہ محمود خان نائب دلیر خان شاہ آبادی بمہر قاضی انکے یہان موجود ہے انکے مرنے پر انکے بیٹے نور محمد کو بموجب پروانہ دستخطی خیراندیش خان محررہ ۱۵ - شہر شوال ۱۱۱۰ھ بجلدوی خدمات سرکاری مبلغ چھ سو روپیہ نقد اور سو بیگھہ آراضی موضع کول مین ملی - انکے مرنے کے بعد فرحت اللہ اُنکے جانشین ہوے اُنکی بابت ایک نقل پروانہ رجب علی خان حاکم وقت بمہر قاضی رقمزدہ ۲۲ - رجب المرجب سنہ جلوس (۳) عالمگیر ثانی ۱۱۷۰ھ انکے کاغذ مین ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ انکو موضع قاضی پور نانکار مین ملا - مگر کسی عامل نے اسکو ضبط کرلیا تھا - اس پروانہ کے ذریعے سے حاکم وقت کو اطلاع دی گئی کہ اس نانکار کو جاری سمجھکر بحال و برقرار رکھین - اس کے بعد ۱۱۸۰ھ مین چار پروانہ مہری نواب شجاع الدولہ بہادر صوبہ دار اودھ سے اسکی تجدید ہوئی اور وہ اصل پروانہ بنام رجب علی بیگ خان متوسلان ...

موجود ہین - انکے لبعد اُنکے لڑکے غلام جیلانی اُنکے قائم مقام ہوے - انکو بتاریخ یکم شوال ۱۲۰۶؁ھ ایک پروانہ دستخطی راے جے سکھ راے دیوان سلطنت اودھ برادر جدِ راقم السطور بحیثیت عہدۂ دیوانی بنام لالہ مادھو رام حاکم وقت کے بلا اوسکے روپیہ پچاس روپیہ نانکار ۱۱۹۷؁ھ سے مقرر کی گئی جسکی نقل درج ذیل ہے۔

نقل پروانہ بمہر رائے صاحب خداوند نعمت راے جے سکھ راے صاحب دام اقبالہ

از قرار تاریخ بست و یکم شہر شوال ۱۲۰۴؁ھ

لالہ صاحب مہربان لالہ مادھو رام جیو سلامت مبلغ پچاس روپیہ در وجہ نانکار باسم غلام جیلانی چودھری پرگنہ سندیلہ از ۱۱۹۷ف مقرر نمودہ شد لہٰذا نگارش می رود کہ مبلغ مذکور در باقی جمع واصلباقی پرگنہ مسطور مجرا دہند تا فی الحال بموجب ہمین پروانہ در باقی جمع واصلباقی مجرائی خواہد شد درین باب تقید مزید دانستہ حسب المسطور بہ عمل آرند تحریر بصدر سنہ صدر

چودھری غلام جیلانی کے صاحبزادے چودھری محمد عطاء اللہ ہوے انکے وقت مین انکی خاندانی نانکار کی کچھ روک ٹوک ہوئی مگر پروانہ مہاراج مرلی دھر ناظم سندیلہ مورخہ ۲۳- جمادی الاول ۱۲۶۳؁ھ سے ظاہر ہوتا ہے کہ ناظم موصوف نے بنام سید راحت علی تحصیلدار سندیلہ پروانہ لکھکر بدستور بہ تفصیل ذیل نانکار جاری کردی نقل اس پروانہ کی بمہر قاضی

خاندان مین موجود ہے -

جدید ۵۳ ۱۲ باسم علی رضا چودھری　　دلیل اللہ چودھری　　عطاء اللہ چودھری

عـــــہ

حصہ　　۱۲ حصہ　　حصہ

چودھری عطاء اللہ کو مین نے خود دیکھا ہے ۱۳۰۳ھ مین بعد رہائی مدار انکا انتقال ہوا - انکو دو بیٹے چودھری حسن رضا و چودھری علی رضا ہوئے آخر الذکر ۱۳۲۲ھ مین انتقال کر گئے دوسرے موجود اور ریاست حیدرآباد مین ابتک نوکر ہین - اس خاندان مین اب بھی تھوڑی تھوڑی زمینداری باقی ہے یعنی موضع تلومیا کلان دوسرا عالم پور اور قصبہ کے بعض ٹکڑے کی ملکیت سے یہ پتہ چلتا ہے کہ اس خاندان چودھریان مین بڑی در قائم شاخ عہد شاہی کی یہی ہے -

سید رضا چودھری علی رضا کے اکلوتے بیٹے ہین - اس کتاب کی تحریر کیفیت پرانے کاغذات اپنے خاندان کے پیش کرنے مین مجھکو بہت مدد دی ہے

چودھری منصب علی

اس سے پہلے ہم خاندان چودھری عطاء اللہ کی تواریخ لکھ چکے ہین اور دکھلا چکے ہین کہ انکے بزرگ ملک فاریاب یا جام سے ہندوستان مین آئے - اُنکے مورث اول اس قصبہ کے واسطے پیر تاج الدین تھے - انھین کی اولاد مین یہ خاندان بھی ایک شاخ فیروز خان سے قائم ہوا ہے - فیروز خان پیر تاج الدین کی آٹھوین اولاد مین ہین جو ہمعصر میان طیب تھے اونکو عہدہ چودھرائی بعض دیہات پرگنہ سندیلہ کا ملا اُسی زمانہ مین اُنکے نام کے ساتھہ خانی کا خطاب شامل ہوا - تواریخ تعلقداران اودھ

مین تحریر ہے کہ اکبر کے وقت مین) اُنکے خاندان کو خطاب خانی ملا۔ مگر شجرۂ مستند وقدیم خاندان چودھری عطاء اللہ مین فیروز خان کے نام کے برابر یہ ریمارک دیا ہوا ہے (کہ خطاب خانی مردمان مفت دادہ بودند) ان دونون حالات مین جو صحیح ہون مگر ایسی صورتین بہت ممکن ہوسکتی ہین اور عزت سے خالی نہین ہین۔ اُس تاریخ مین یہ بھی مندرج ہے کہ تیمور کے وقت مین انکے خاندان کو عہدۂ چودھرائی ملا ہے مگر حافظ شوکت علی نبیرہ چودھری منصب علی (جو ایک بڑے عالم و بزرگ قصبہ سندیلہ مین گذرے ہین) وہ اپنی کتاب ثمراۃ الانظار مین تیمور کے عہد کو اس عہدہ کے حاصل ہونے کی بابت مخصوص نہین کرتے ہین بلکہ تیموریہ خاندان سے اس عہدہ کا ملنا لکھتے ہین اور اُنکی کتاب کی عبارت حسب ذیل ہے۔

ازکتاب ثمراۃ الانظار

عہدۂ کاروبار چودھرائی علاقہ بابت مال وسائر کے سلاطین ماضیہ کیطرف سے ہمارے بزرگون کو ملا ہے۔

پس ٹھیک زمانہ اس عہدہ کے حاصل ہونے کا خاندان پیر تاج الدین کو دہی مستند ٹھہرتا ہے جو تحریرات پارینہ مقبوضہ خاندان چودھری عطاء اللہ سے ظاہر ہوتا ہے۔ اور جو اکبر اعظم کا وقت ہے۔

فیروز خان کے بیٹے صدر جہان ۔ اُنکے صاحبزادے بیالے ۔ اُنکے بیٹے عبدالرسول انکے پسر میر دائم ۔ انکے لڑکے محمد یار ۔ انکے بیٹے عبداللہ ۔ انکے صاحبزادے چودھری منصب علی ۔ انکے بیٹے چودھری مسند علی و چودھری حشمت علی و چودھری عظمت علی تھے ۔ پیر تاج الدین کا شجرہ متعدد شاخون مین پھیلا ہوا ہے ۔ شاخ چودھری عطاءاللہ کا ہم ذکر کر چکے ہین ۔ اب ہم دوسری شاخ کا ذکر کرتے ہین جسمین ایک نامی گرامی رئیس چودھری حشمت علی گذرے ہین ۔ یہ امر مسلمہ ہے کہ ان دونون خاندانونمین عہدہ چودھرائی عبداللہ اوّل سے آیا اور ابتک اہل خاندان اُسی نام سے مشہور ہین ۔ یہ امر کہ کس نے یہ عہدہ دربارشاہی سے حاصل کیا اور کس شاخ مین یہ عہدہ رہا بحق میان طیب بمقابلہ فیروز خان فیصل ہوتا ہے ۔ اسکے ثبوت مین اول تو سند دربار شاہی بنام میان طیب اسوقت تک اُنکے خاندان مین موجود ہے ۔ دوم ایک صورت حال مورخہ ہفتم ماہ شوال جلوس ۴۸ محی الدین اورنگ زیب عالمگیر بادشاہ دہلی اِس خاندان مین محفوظ رکھا گیا ہے اِسکو دیکھکر بطور واقعہ تفصیلی ظاہر ہوتا ہے کہ اِس زمانہ مین درمیان محمد دایم اور نور محمد کے تنازعہ قائم ہوا کہ اس عہدہ کے خدمات کو درباب دستخط طومار ہاے واصلات منجملہ اِن دونون دعویداران کے کون شخص ادا کرے ۔ نور محمد مورث چودھری عطاءاللہ اور محمد دائم کی اولاد مین چودھری منصب علی ہین ۔ اِسکا فیصلہ شیخ ہدایت اللہ امین فوجدار وثیقہ دار پرگنہ سندیلہ عامل جاگیر شاہزادہ والا گہر محمد رفیع القدر (نبیرہ شاہ اورنگ زیب عالمگیر نے)

شہادت و حلفہائے چودھریان و قانون گویان و زمینداران سندیلہ پر بدین الفاظ کیا کہ بجائی بجانب نور محمد ہے اور محمد دایم سے کچھ تعلق خدمات بالا کا نہین ہے اور اسکا بیان اس معاملہ مین باطل ہے۔ یہ فیصلہ اصلی موجود نہین۔ مگر صورت حال متذکرہ صدر مین رؤساء و قانون گو و چودھریان وقت نے اس واقعہ کی راستی کو تسلیم کیا ہے اور اپنے دستخط اور مہرین کردی ہین جو اس کے بعد ہی مرتب ہوا ہے یہ سال ۱۱۱۰ھ مطابق ۱۶۹۸ء کے برابر پڑتا ہے۔ اِس صورت حال پر حسب ذیل دستخط چودھریان و قانون گویان کے ہین۔

میر شاہ محمد چودھری۔ محمد معصوم چودھری۔ شیخ احمد چودھری۔ ہیرامن قانونگو۔ مہانند قانونگو۔ عبدالقادر چودھری۔ شیام داس قانونگو۔ میر لطف اللہ چودھری فیض اللہ چودھری۔ میر حیات اللہ چودھری۔ بدلے قانون گو۔ فتح چند قانونگو۔ نیک چند قانونگو۔

لطف اللہ چودھری
۱۰۹۰ھ

اِن ناموں سے سندیلہ مین متعدد عہدون قانونگوئی اور چودھرایت کا ہونا ظاہر ہوتا ہے اور پتہ چلتا ہے کہ سندیلہ اسوقت مین ایک مخزن چودھریان اور قانون گویان کا تھا۔ چودھری منصب علی کی ذات سے اِس خاندان مین زمینداری کی بنا پڑتی ہے جو چودھری عبداللہ کے بیٹے ہین اور جنکا نام اوپر آچکا ہے۔

مینول ٹائیٹل آف اودھ مولفہ منشی کشن لال سررشتہ دار انجمن ہند مین یہ عبارت تحریر ہے

کہ اولاً یہ لوگ اِس پرگنہ مین ایک مزرعہ کے مالک تھے۔آہستہ آہستہ دیگر مواضع باختیارات مالکانہ دستیاب ہوے۔ انکی ملکیت کا بہت سا حصہ حال مین شامل ہوا ہے۔ حافظ شوکت علی کی کتاب مطبوعہ ثمرہ چہارم ثمرۃ الانظار سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ انھین کے وقت مین علاقہ موجودہ اوّل اوّل ٹھیکہ وقبولیت پر لیا گیا (جو بالآخر زمینداری ہوگیا) بہر حال اِس خاندان مین یہی بانی مبانی ریاست کے ثابت ہوتے ہین۔ اِنکے آغاز عروج سے قبل ہمارا خاندان ملک اودھ کے تمام ارض وبلد مین کوسِ حکومت بجارہا تھا۔ راے جے سکھ راے ہمارے دادا کے چچیرے بھائی کے ہاتھ مین بعہد نواب آصف الدولہ بہادر و نواب سعادت علیخان بہادر عہدہ ناظمی و دیوانی تھا۔ اسکے بعد ہر حصۂ ملک کی چکلہ داریان کسی نہ کسی اہلِ خاندان کے زیر حکومت تہین ۱۲۲۶ھ مین سندیلہ اور ملیح آباد کی نظامت بھی زیرِ فرمان ہمارے خاندان کے آئی۔ پھر چودھری صاحب کی ترقی کیا مشکل بات تھی۔ عام باشندگانِ سندیلہ کا علم اور ہمارے خانگی کاغذات اور اکثر مورخونکی کتابین تفصیلی تعلقات اِن دونون خاندانون کے ظاہر کرتی ہین اور ان سے معلوم ہوتا ہے کہ چودھری محمد دایم عرف کلو چودھری کا تنزل اور چودھری منصب علی کی ترقی کے واسطے کارخانہ قدرت نے ایک ہی وقت مقرر کردیا تھا۔ تفصیل اوسکی یہ ہے۔

کہ چودھری کلّو اور اُنکے باپ چودھری مبارک بہت مقتدر چودھری

قصبہ سندیلہ کے چلے آتے تھے۔ ۱۲۲۶ھ مین چودھری مبارک کے بجاے چودھرائی محمد دائم عرف چودھری کلو کے ہاتھ مین تھی اس عہدہ کے خدمات جہان تک تحقیق ہوئین یہ تھین۔ کہ زمینداران کو ناظم وقت سے ملاکر انتظام مالگذاری کا مناسب جمع کے ساتھ کروادین اور ضمانت ادائی اس مالگذاری کی خود کرین یا کوئی معتبر ضمانت بہم پہونچائین اور اس پرانا حق زمیندار اور چکلہ دار دونون سے لین جسکی تعداد ایک ٹرانے پرانے عہد دولت سلاطین دہلی سے جسکو مین نے بچشم خود دیکھا ہے فیصدی دو روپیہ حاکم وقت اور آدھ آنہ فی روپیہ زمیندار سے نکلتی ہے مگر سلطنت اودھ کے آخری زمانے مین بجاے اسکے صرف نانکار اس خدمت کے معاوضہ مین چودھریون کو ملنا ثابت ہوتی ہے اور وہ نانکار دو قسم کی ہوتی تھی ایک مجرائی دفتر معلےٰ کہلاتی تھی جو بادشاہ کے حکم سے دیجاتی تھی اور بغیر حکم بادشاہ ضبط نہین ہوسکتی تھی دوسری مجرائی محال یہ عطیہ چکلہ دار کی ہوتی تھی اور انھین کے اختیار مین اسکی تقرری اور بحالی اور ضبطی تھی۔ یہ نانکارین نقدی اور زمین دونون صورتون مین دیجاتی تھین۔ سنہ مذکور الصدر مین جسوقت راجہ گوردھن لال نے خلعت نظامت سندیلہ و ملیح آباد کا پہنا اور داخل دربار ہوا چودھری کلو غیر حاضر ہوگئے انکو اپنے عمل و دخل چودھرایہ پر غرور تھا کہ بغیر انکی حاضری کے کار نظامت اجرا نہین ہوسکتا ہے مگر وہ اس امر سے ناواقف تھے کہ راجہ کی حکومت بوجہ انکی ذاتی عظمت کے محتاج امداد غیر نہین ہے

لہذا یہ امر ناگوار خاطر ہوا۔ تقرری و برخاستگی اس عہدہ کی اگرچہ بحکم شاہی ہوتی تھی مگر ناظمانِ وقت کی رائے کا اُسمین بہت کچھ دخل ہوتا تھا اور ایسے ناظمان کے اختیار تو محدود تھے جو شریک کاروبار سلطنت اور ذریعہ اجرائے احکامات مملکت رہ چکے تھے۔ راجہ صاحب نے فوراً چودھری کلو کو کامون سے معزول اور چودھری منصب علی سے کام لینا شروع کر دیا یہ پہلا زینہ اُنکی ترقی کا تھا۔ محمد سعید ایک اہلکار بندوبست پختہ ضلع ہردوئی نے ایک کتاب تحصیل سندیلہ کے بابت لکھی ہے اُسمین باب چہارم صفحہ ۳، تذکرہ خاندان چودھری حشمت علی مین لکھا ہے کہ جب تک چودھری مبارک علی کا نشوونما رہا اس خاندان کو چندان فروغ نہین تھا۔ چودھری منصب علی اسکا باپ صرف گکرالی وغیرہ چند دیہات پر قابض تھا۔ جب چودھری مبارک مرگیا اور کلو چودھری اُسکا بیٹا ایک جرم مین سرکار اودھ سے معتوب ہوا۔ اُسی وقت سے چودھری منصب علی کا عروج ہونے لگا۔ اِس نے راجہ گوردھن لال چکلہ دار سے ارتباط بڑھایا۔ علاوہ گکرالی وغیرہ تمام علاقہ بینی گنج کا اپنی قبولیت مین کر لیا۔ پھر صفحہ ۹، کتاب مذکور مین ذکر خاندان چودھری مبارک مین لکھا ہے کہ راجہ گوردھن لال کے عہد چکلہ داری مین چودھری منصب علی دخیل ہوگیا۔

راجہ صاحب ممدوح نے اپنے علاقہ سردین ٹڑاگانون کا بھی انتظام انہین کے سپرد فرمایا اور یہان تک معتمد الیہ اور دخیل ہوے کہ تمام خانگی امورات

کا انتظام انہین کے متعلق ہو گیا اور بیعنامہ اور دستاویزین بھی ریاست کی انہین کے نام ہونے لگین - اکثر کاغذات اور بیعنامجات اسوقت تک دفتر ریاست مین موجود ہین - اسکے علاوہ ایک حصۂ نظامت ضلع ہردوئی کا بھی (جو اُسوقت بنڈیاؤن کے نام سے مشہور تھا) تعلق ہوا - ایک قصہ اسکے متعلق قابل ذکر ہے کہ ۱۲۴۵ھ مین راجہ گوردھن لال صاحب کے پاس خوشحال وبھا وغیرہ زمینداران کھلی نے رہن نامہ موضع کھلی لکھکر مہر قاضی مسجل کرا دیا مثل دیگر دستاویزات - یہ دستاویز بھی چودھری منصب علی کے نام ہوئی بعد چندے اُن لوگون نے دستاویز بذا مین جھگڑا اڑا لا - چنانچہ حاکم وقت کے یہان روبکاری ہوئی - چودھریان و قانون گویان نے بالاتفاق اپنا اظہار بتاریخ ۲۲ شہر رمضان ۱۲۶۴ھ حاکم وقت کے سامنے لکھوایا - اس اظہار کی نقل اس موقع پر داخل کتاب کرتا ہون -

نقل اظہار چودھریان وقانونگویان علاقہ سندیلہ مرقومہ ۲۲ شہر رمضان ۱۲۶۴ھ

مسمیان سبحان عطا چودھری وشیونراین قانونگو وکسل سنگھ محرر وانعام اللہ چودھری وخدابخش چودھری باہم حاضر آمدہ عندالاستفسار متفق اللفظ بیان کردند کہ در ۱۲۴۵ھ رہن نامہ بست بسوہ زمینداری موضع کھلی علاقہ سندیلہ اسمی چودھری منصب علی بالعوض مبلغ ماعہ مسمیان خوشحال وغیرہ زمینداران موضع مسطور برضامندی خودہا مع جملہ وجوہات زمینداری نوشتہ دادہ بود -

سوال

بازپرسیدند که زمینداران موضع مسطور منحرف ومنکر از تحریر رهن نامه میشوند ومی گویند که منمقران گاہے قبولیت دہیه درسرکار عامل خواه پیش راجه گوردھن لال داخل نه ساخته ونه باقیات سرکار ذمه مایان برآمده چگونه رهن نامه بست بسوه زمینداری موضع مذکور گردیده حال این معنی راست راست بحلف بیان سازند

جواب

در ۱۲۴۵ھ قبولیت دہیه مذکور زمینداران مسطور پیش راجه مسطور داخل کرده بودند ازین جهت باقیات سرکار ذمه آنها برآمد رهن نامه بست بسوه زمینداری مع جمله وجوبات زمینداری اسمی منصب علی چودهری که آن زمان نائب راجه مسطور بودند بالعوض مبلغان قوم الصدر نوشته شده حالا محض دروغگوئی ازاوشان است وماورای آن چند کاغذات دیگر رهن نامه وبیعنامه دہیات زمینداری وباغات وحویلی وغیره اسمی چودهری مسطور بطور اسم فرضی نوشته شده ومالک زر رهن نامه وغیره راجه مسطور هستند وما چودهریان کارنده بودند بازپرسیده شد

سوال

که ایشان چودهریان وصیغه داران محال هستند وطریق رهن نامه همین است که مهر ودستخط رئیسان دیار وجوار وزمینداران گرده نواح می گردد رهن نامه هذا بلا حد ومحدود ودستخط زمینداران گرد ونواح است چگونه اعتماد نموده اند

	جواب	

در بیعنامہ البتہ ضرورت حد محدود می باشد و در کاغذ رہن نامہ حسب رسم علاقہ ہذا ہمین طور عبارت تحریر کردہ می شود لہذا حقیقت ہذا راست و درست مفصل گذارش نمودہ پرسیدہ شد

	سوال	

کہ نوازش علی چودھری کجاست۔

	جواب	

فوت شد۔ فقط

العبد	العبد	العبد
شیونرائن قانونگو	سبحان عطا	خدابخش چودھری
العبد	العبد	العبد
کسل سنگھ محرر	انعام اللہ چودھری	لچھمی نرائن کیل کنور جمیعت رائے

انکے مرنے کے بعد چودھری مند علی چودھرائی اور اپنی ریاست پدری پر قابض اور متصرف ہوئے انکو وہی پورے اختیارات و تعلقات چکلہ داری اور کاروبار ریاست راجہ صاحب مین حاصل رہے جب اُن کا انتقال ہوا تب چودھری حشمت علی چودھرائی اور ریاست پر قابض اور متصرف ہوئے۔

حافظ شوکت علی اپنے والد نامدار چودھری مسند علی کے اکلوتے بیٹے تھے یہ پیروں سے معذور تھے۔ باپ نے انکو پیرایۂ علمی سے آراستہ و پیراستہ کیا تھا۔ جب انکی دستار بندی فضیلت کی ہوئی بہت کچھ خرچ ہوا تھا دور دور کے عالم آئے تھے جن کا ذکر خود حافظ صاحب نے اپنی کتاب مرآۃ الانظار مین کیا ہے۔ یہ بہت ہی وضعدار اور مخیر اور نیک مزاج رئیس تھے کوئی اولاد نہ تھی لہذا چودھری محمد رؤف فرزند اصغر چودھری حشمت علی صاحب کو متبنی کیا تھا۔ اور ایک وصیت نامہ بھی انکے نام لکھا تھا۔ لیکن بعد وفات انکے چودھری محمد رؤف نے باہمی فیصلہ سے نصف ریاست پر قبضہ پایا نصف پر چودھری نصرت علی قابض ہوئے موضع گکرالی جسکے نام سے یہ علاقہ چودھری صاحب کا مشہور ہے ہمیشہ بقبضہ حافظ شوکت علی رہا۔ اُنھون نے اپنی زوجہ مسماۃ امام النسا کے نام ہبہ کر کے اپنی حیات مین قبضہ کرا دیا تھا چنانچہ مسماۃ موصوفہ نے موضع مذکور منشی عبدالودود نیج مجسٹریٹ سندیلہ کو ہبہ کر دیا۔ جس پر وہ بلا شرکت اعدی قابض اور متصرف ہین۔ حافظ شوکت علی کا دسترخوان بہت وسیع تھا تمام خاندان کو اس خوان سے بہت فیض پہونچتا تھا اور ہر ایک کے وہ حامی مددگار رہے اور اہلِ شہر کے ساتھ آپ کا برتاؤ برادرانہ۔ ہر غریب امیر کی تقریبات مین خود شریک ہوتے تھے۔ رفقا کے ساتھ بہت بہت رعایتین انکی مشہور ہین اب مین چودھری حشمت علی صاحب کے حالات کیطرف قلم اُٹھاتا ہون

کہ آپ نے اپنے زمانہ حیات مین اکثر چکلہ دارونکی نیابتین کین اور مال ضامنیان بھی کرتے رہے جیسا کہ دستور اور کام چودھراین کا تھا اور بالآخر دو مرتبہ سندیلہ کے چکلہ دار ہوئے جب انتزاع سلطنت اودھ ۱۸۵۶ء مین ہوئی اُسوقت آپ سندیلہ کے چکلہ دار تھے بوجہ باقی داری آپ بمقام ملانوان نظربند ہوئے۔ ۱۸۵۷ء مین جب غدر ہوا اسوقت فوج باغی نے انکو قید سے چھوڑا کر اپنا افسر بنایا اُسوقت سے یہ شریک باغیان رہے اور بروقت محاصرہ بیلی گارڈ یہ بھی لکھنؤ مین شریک لشکر باغیان تھے بالآخر بنظر دور اندیشی جماعت باغیہ سے جدا ہوکر لشکر انگریزی مین حاضر ہوگئے اور منجانب گورنمنٹ انگلیشیہ مراتب خیر خواہی بجالائے جسکے عوض مین علاقہ اروی رحمان پور ملانوان پایا ۲۲- فروری ۱۸۷۰ء مین ناگاہ آپکا انتقال ہوگیا۔ اس زمانہ مین تقریب آمد کپتین صاحب بہادر ڈپٹی کمشنر ہردوئی آپ مرادآباد سے مینی گنج تشریف لائے تھے۔ چودھری محمد عظیم آپ کے پوتے پہلے سے وہان موجود تھے۔ آپ رات کو کھانا کھاکر چارپائی پر گئے فوراً دم نکلگیا۔ بہت قصہ اور افواہین اِس موت کی نسبت مشہور ہین خدا معلوم کہ کیا اصلیت تھی بہرحال انکی وفات کا ہر شخص کو افسوس ہوا آپ بہت ہی نیک مزاج اور بامروت اور خلیق تھے۔ آپکی سخاوت و ہر دلعزیزی مشہور و معروف ہے۔ احتیاج تحریر و تسطیر نہین ہے۔ اِس خاندان کے ساتھ ہمیشہ پرانے مراسم و معمولات قدیمہ کا برتاؤ کرتے تھے اور تحریر و کتابت مین ہمیشہ میرے ساتھ مراسم یگانگیت اور بزرگی کا اظہار فرماتے تھے۔ چنانچہ نقل ایک خط کی اِس موقع پر

درج کرتا ہون تاکہ ناظرین کتاب ورآیندہ نسلین اِس برتاؤ کو نگاہ قدر سے دیکھین -

(نقل خط)

راجہ صاحب عزیز از جان والاشان گرامی قدر معالی منزلت راجہ درگا پرشاد صاحب زیدت حیاتہ ودرجاتہ' -

بعد دعاہاے اعتلاے جاہ واحتشام وآرزوے دیدار خلاصہ سخن بخامہ می سپارم کہ حال تو حد معاملہ لالہ صاحب عزیز از جان لالہ لالتا پرشاد صاحب راقم بران عزیز ظاہر است لہذا آن والامرتبت را نیز ملحوظ لالہ صاحب ماندو اشان و از معاملہ داری بیرون ہستند نظر بران پٹہ وقبولیت ملفوف کتابت ہذا میرسد آنعالی قدر حسب دستور قبولیت نزد خود نگاہ دارند و بر پٹہ دستخط فرمودہ لطف سازند بہرحال از لالہ صاحب موصوف راہ ورسم داشتن آن عزیز را مناسب می بینیم درین باب مکث وتساہل روا نخواہند فرمود ایام جمعیت وکامرانی مدام بکام باد

رقمزدہ ۱۴ - جنوری ۱۸۶۰ء

راقم چودھری حشمت علی عفی عنہ

آپ نے اپنی ریاست پر کچھ بار قرضہ چھوڑا مگر اس قرضہ مین دیدہ ودانستہ آپ کا قصور نہ تھا بلکہ جو انکی ذمہ داریان عہد شاہی سے بمقابلہ اہل خاندان ومتعلقان وہمسایگان چلی آتی تھین اُن کا نتیجہ لازمی تھا -

انکے تین صاحبزادے تھے چودھری جاوید علی چودھری خصلت حسین چودھری محمد ۔ دُوف پسر متوسط چودھری خصلت حسین کو انھون نے اپنی حیات مین مالک علاقہ بنادیا اور اُنکے نام کی ریاست کا داخلخارج کرادیا اگرچہ علمی لیاقت کا انکی طبیعت کو ذخیرہ نہ تھا مگر بڑے مدبر تھے اور خداداد مادہ انتظامی رکھتے تھے ہر کام کو بہت سوچ وبچار کے ساتھ کرتے تھے اور نتیجہ نیک اور فائدہ عظیم اُٹھاتے تھے تدبیر کے ساتھ تقدیر بھی انکی مددگار تھی دربار دہلی ۱۸۷۷ء مین آپ نے تمغہ پایا اور دسمبر ۱۸۷۷ء مین بذریعۂ رزولیوشن نمبر ۲۶ خطاب چودھرائی موروثی ہوا عرصہ دراز تک یہ سکریٹری انجمن ہند تعلقداران اودھ رہے ۔ ۱۸۹۲ء مین انھون نے خطاب راجگی بکوشش تمام حاصل کیا ۔ دو تین ہفتے بعد آپ نے انتقال فرمایا کچھ بھی حظ اس عطیہ سلطانی کا نہ اُٹھا سکے ۔

انکے بعد چودھری محمد عظیم اُنکے جانشین ہوے اور یہی ایک اُنکی اولاد تھی اُنھون نے بھی مثل اپنے والد نامدار کے انتظام ریاست مین پوری کامیابی حاصل کی ۔ خدا نے اُن کو اولاد بھی کثیر دی تھی ۔ اُسی طرح پر انکو بھی مانا تھا ۔ عمدہ عمدہ مصارف کثیر کے ساتھ تقریبات ختنہ وشادیان کین جنمین ہزارون روپیہ خرچ کیا مگر افسوس کہ انکی زندگی نے بہت کم وفا کی ۔ قصۂ مرگ اُس سے زیادہ افسوسناک نکلا ۔ مختصر حالات اُنکے یہ ہین کہ بماہ فروری ۱۹۰۲ء مہاراجہ صاحب اجودھیا لکھنؤ مین آئے ہوے تھے ۔ اکثر تعلقدار صاحبان کا بھی مجمع تھا

کمیٹیان انجمن کی ہورہی تھین چودھری صاحب ورین بھی وہان موجود تھا۔ کوئی
شکایت عوارض جسمانی کی نہ تھی بلکہ نہایت اطمینان سے وہ زمانہ اُن کا گذر رہا تھا۔ ایک
روز بتاریخ ۲۴۔ فروری ۱۹۰۷ء قریب شام مہاراجہ صاحب کے مکان پر کمیٹی تھی۔
بعد اختتام کمیٹی چودھری صاحب نے مجھ سے کہا کہ کل صبح میرا ارادہ آگرہ جانے کا ہے
اُسی رات کو صبح ہوتے نہ مجھے خبر اُنکے انتقال کی ملی۔ جس نے مجھے حیرت مین ڈالدیا۔
اسیوقت مین سوار ہوکر اُنکے مکان پر گیا تو اُنکو تمام دنیا کی فکر و آرزو سے بے فکر بستر مرگ پر
آخری نیند مین سوتے ہوئے پایا۔ بہت قصے و افسانے اس موت کے متعلق مشہور ہین
مگر ہم اُنکو یہین پر چھوڑے دیتے ہین۔ اُنکے پانچ بیٹے اُنکی وفات تک موجود تھے
چودھری محمد جان۔ چودھری علی جان چودھری نبی جان۔ چودھری احمد جان چودھری
صفی جان۔ بعد وفات چودھری صاحب درمیان برادران جھگڑا پیدا ہوا۔ لیکن باہمی
تصفیہ پر ہر ایک نے گذارہ حاصل کرکے چودھری محمد جان کی جانشینی پر رضامندی کا اظہار
کیا چنانچہ چودھری محمد جان جانشین ہوئے۔ اُنکی شادی چودھری نصرت علی کی
صاحبزادی سے بعہد پدر ہوئی اب اُنکا علاقہ زیر انتظام کورٹ آف وارڈس ہے۔
چودھری علی جان اُنکے دوسرے صاحبزادے کا عین عالم جوانی مین بتاریخ ۱۱ دسمبر
۱۹۰۶ء انتقال ہوگیا اُنکے مرنے کا تمام شہر کو افسوس ہوا اور فی الواقع ایک بہترین
انسان اور فخر خاندان تھے اُنکو ہماری ذات اور خاندان سے خاص محبت اور عقیدت
تھی اور وہ ہر امر مین اپنے تئین کو اپنے بزرگون کا پیرو ثابت کرنا چاہتے تھے۔ تیسرے بیٹے

چودھری نبی جان ہین جو آج کل لکھنؤمین تحصیلدار ہین - اسوقت اپنے خاندان مین وہی نمایان شخص ہین - ملازمت سرکاری سے بہت تجربہ انھون نے حاصل کیا ہے - بہت ہی سیر چشم اور فراخ دل ہین - اپنے والد نامدار کی تعلیم سے اخلاقی مادہ انمین بہت زیادہ ہے ان دو خاندانون مین جو مدت ہاے دراز سے مراسم چلے آتے ہین انکی بخوبی وہ قدر کرتے ہین چنانچہ اِس مرتبہ ۳ - جون ۱۹۱۳ء کو بتقریب سالگرہ حضرت شاہنشاہ عالم پناہ جارج پنجم ادام اللہ سلطنتہ مجھکو خطاب راجگی عطا ہوا - اُسوقت انھون نے جوش خاطر سے مجھے مبارکباد کا تار دیا اور میری تحریر پر جو جواب مجھے دیا اُسکی نقل داخل کتاب ہذا ہے جس سے اُن کی لیاقت اور دانش و فراست ظاہر ہوتی ہے -

(نقل خط)

جناب قبلہ واجب التعظیم وکعبہ لازم التکریم دام ظلکم العالی

بعد آداب تسلیمات دست بستہ کے عرض پرداز ہون - نوازش صحیفہ سے شرف صدور فرماکر سرفراز و ممتاز فرمایا - بدریافت خیر و عافیت مزاج ملازمان عالی سجدۂ شکر ادا کیا - گو میری حاضری کی نوبت بوجہ کم قیام سندیلہ کے نہین ہوتی ہے مگر بخدا صحیح عرض کرتا ہون - مراتب مین اپنے آپکو ایک ادنی ترین تابعدار خیال کرتا ہون - مین نے اپنے والد ماجد مرحوم کی زبان سے بارہا سنا ہے کہ جناب کے خاندان کے احسانات میرے مورثون کیساتھ اسقدر رہے ہین کہ کسی طور سے اِس دنیا مین ان سے سبکدوشی

نہین ہوسکتی ہے۔ یہ تمام حال مین نے بطور ایک فسانے کے نہین سُنا ہی بلکہ والد ماجد مرحوم اسطور سے ارشاد فرماتے تھے کہ حضور کے خاندان کی عظمت و بزرگی ہم لوگون کے دلون مین ہمیشہ کے واسطے باقی رہے۔ چنانچہ بلا تصنع و خوشامد کے سچ عرض کرتا ہون کہ آپکی ذات والاصفات کو نہین بلکہ تمام خاندان کے ایک ایک شخص کو مین اپنا واجب التعظیم تصور کرتا ہون اور تمام زندگی اسی طور سے خیال کرون گا۔ اب اس عریضہ کو اس دعا پر ختم کرتا ہون کہ خداوند کریم عرصہ تک اس سایہ کو ہمارے سرون پہ سایہ گستر رکھے۔ اور یہ خاندان اسی طور سے معتبر و ممتاز رہکر خاندان کے بغض و کینہ سے محفوظ رہے آمین ثم آمین۔ زیادہ حد ادب۔

کترین محمد نبی جان۔ ۷ رجون ۱۹۱۳ء

علاوہ اسکے جس وقت جلسۂ تقریب بتاریخ ۲۸۔ جون کو ہوا اُسوقت میری خواہش پر بہت خوشی کے ساتھ لکھنؤ سے آکر شریک ہوئے اور مجکو بیحد مشکور و مسرور کیا۔

اب اس ذکر کو چھوڑکر اصل مطلب پر آتا ہون کہ اُن سے چھوٹے دو بھائی اور ہین احمد جانؒ و صفی جان وہ سب گذارہ دار ریاست ہین۔

چودہری جاوید علی فرزند اکبر چودھری حشمت علی نے گذارہ ریاست سے پایا۔ اُنکی تیسری اولاد چودھری محمد رؤف حافظ شوکت علی صاحب کے متبنیٰ تھے۔ بعد وفات حافظ صاحب نصف جائداد یانی جیساکہ اوپر لکھ چکا ہون اور کچھ تعلقہ سے بھی تھوڑی رقم

لی ہے۔ اِسوقت وہ بنچ مجسٹریٹ میونسپل سندیلہ اور بنچ مصنف ہین۔

اب ہم میسری صاحبزادے چودھری منصب علی اور انکی اولاد کا حال لکھنا چاہتے ہین جنکا نام چودھری عظمت علی ہے۔ آپ کے حالات ہمکو نہ مِل سکے۔ لیکن جہانتک ہمنے سنا ہے اُس سے ہم کہہ سکتے ہین کہ یہ ایک عالی ہمت اور فراخ دل رئیس تھے۔ میوٹل ہائیٹل آف اودھ مین لکھا ہے کہ بعلت باقی زرضمانت چودھری حشمت علی فوج کے ہاتھون مین گرفتار ہوکر لکھنؤ بھیجدیے گئے اور خود قید سخت کی پابندی مین جو انکو برداشت کرنا پڑی بہت ضعیف ہوگئے اور جبکہ وہ بقول اپنے دوستون کے شکستہ دل اور بقول حکام ہیضہ کے باعث قریب المرگ ہوے اُسیوقت آزاد کردیے گئے۔ واپس آتے ہی انتقال کیا۔ چودھری نصرت علی آپ ہی کے صاحبزادے ہین۔ چودھری صاحب کا تعلق انجمن ہند تعلقداران اودھ سے بعہدہ اسسٹنٹ سکریٹری عرصہ دراز تک رہا اور اِس ذریعہ سے بہت کچھ زمانہ بکام اور روز بہ اعزاز و افتخار حاصل ہوتا رہا ازانجملہ خطاب خان بہادری کا بھی تھا۔ دو مرتبہ شمشیرہاے مرصع بھی انعام مین ملین۔ اسی درمیان مین تھوڑے عرصہ کے واسطے ڈپٹی کلکٹری کا کام بھی کیا۔ مگر افسوس کہ آغاز نے انجام کا ساتھ نہ دیا اور ایک خاص مقدمہ مین جسکا ذکر میرے حالات مین آیا ہے عہدہ اور خطاب و تن کو جاتے رہے

شاہ میران معزالدین قدس سرہٗ

آپ کا مزار آبادی سندیلہ کے پچھم شیرہ حوض کے قریب واقع ہے

ایک مسجد اور خانقشاہ شکستہ حالت مین اُسی جگہ موجود ہے جو آپ ہی کی تبلائی جاتی ہے۔ آپ کے متعلق کوئی معتبر تاریخ نہین ملتی ہے جس سے کہ ماہ و سال آپ کی آمد سندیلہ کا معلوم ہو سکے۔ مگر تاریخ مراۃ الاسرار سے ہمکو یہ پتا ہے کہ آپ عہد قطب الاسلام بختیار اوشی قدس سرہٗ مین بغداد سے ہندوستان مین بعہد شمس الدین بادشاہ دہلی تشریف لائے چونکہ اِس بادشاہ کی سلطنت ۶۰۷ھ سے ۶۳۳ھ تک رہی ہے پس اسی ۱۶ و ۱۷ سال کے درمیان مین کوئی سال آپکی آمد سندیلہ کا قرار دیا جا سکتا ہے۔

آپ کے مزار کے قرب و جوار مین بہت سے درخت مختلف اقسام کے ہین مگر کوئی شخص اُنکو کاٹ نہین سکتا اور لوگ خوف کرتے ہین۔ گری پڑی لکڑی مزار شریف کے مصارف مین آتی ہے ۱۰۵۰ھ بعہد شاہ جہان بادشاہ شاہ عبدالرحمن چشتی مصنف کتاب مراۃ الاسرار سندیلہ تشریف لائے اور آپ کے مزار متبرک کی زیارت کی چنانچہ اِسی تاریخ مذکورہ بالا مین یون تحریر فرماتے ہین۔

از کتاب مراۃ الاسرار

حضرت سید میران معزالدین قدس سرہٗ اکمل خلفاے حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی است مردے عظیم القدر بود حالے بغایت قوی داشت از ابدال ہفت گانہ کہ موصوف بہ صفت اسم القہار می باشد او بود بولایت ہندوستان بطریق قہر و غلبہ بام حق تصرف می کرد و در زمان قطب الاسلام بختیار اوشی قدس سرہ از بغداد بہندوستان

تشریف آوردہ در قصبۂ سندیلہ متوطن گشت و مرقد مقبرکہ او نیز قصبہ سندیلہ مذکو زیارت گاہ
خلایق است این کاتب الحروف در ماہ ذی الحجہ ۱۳۵۷ھ بشرف زیارتش مشرف گشتہ
است شیر بیشہ حقیقت دریافتہ شد کہ از قوت ولایت تا امروز تصرفات می کند
نعمت ہا درحق این نیاز مندار زانی داشتہ کہ بہ تحریر راست نیاید

حالات قاضی سراج الدین ولد قاضی عثمان قدس سرہٗ

قاضی سراج الدین کا مزار موضع بہدہنہ مین ہے کتاب ہذا کے دوران
تصنیف مین مین نے خود بہدہنہ جاکر نشانات قدیمہ اور قاضی صاحب کے مزار
کی زیارت کی اور ایک ڈیہہ بہت بڑا اور دوسرا چھوٹا دیکھا۔ قاضی صاحب سندیلہ
اور ملیح آباد کے قاضی تھے مین نے اُن مقامات کو بہت غور سے دیکھا اور نشیب و
فراز جگہون کو بسواری فیل اچھی طرح سے ملاحظہ کیا اور ان مورتون کو بھی دیکھا
جو اکثر اِس بڑے ڈیہہ مین وقتاً فوقتاً برآمد ہوئی تھین شکلین مورتون کی معدوم
ہو گئی تھین جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہزارون برس کی یہ مورتین ہین۔
اِس واسطے کہ جو پرانی مورتین تین تین چار چار ہزار برس کی مین نے عجائب
خانہ لکھنؤ و دیگر مقامات مین دیکھین۔ اگرچہ وہ ٹوٹ گئی ہین لیکن اُنکی شکلین
ور نقش و نگار معدوم نہین ہوے ہین۔ قاضی صاحب کے زمانہ کے کوئی

کاغذات انکی اولاد یعنی سوداگران کے پاس اِسوقت موجود نہین ہین کہ جن سے یہ ظاہر ہوتا کہ قاضی صاحب کس زمانہ مین رونق بخش سندیلہ تھے۔ بعض اصحاب کی رائے ہی کہ قاضی صاحب ملیح آباد کے حاکم تھے اور وہین رہتے تھے مگر یہ قول صحیح نہین معلوم ہوتا ہے بلکہ صحیح یہ ہے کہ ملیح آباد اور سندیلہ دونون کے وہ قاضی تھے اور صدر مقام سندیلہ تھا جیسا کہ مفتی معین الدین ولد قاضی سراج الدین سندیلہ اور ملیح آباد کے مفتی تھے اور سندیلہ مین صدر مقام ان کا تھا اور یہ دست آویز نوشتۂ ۲۰ ذیقعدہ ۹۷۲ھ سے ثابت ہوتا ہے جس پر خاص مہر مفتی صاحب کی لگی ہوئی ہی اور اُس مہر مین یہ کندہ ہے۔

۹۶۱ھ
معین الدین حسین
مفتی سندیلہ و ملیح آباد

اور یہ دستاویز بقبضۂ حکیم ظہور الحسن صاحب ہی جسکو مین نے خود ملاحظہ کیا ہے قاضی صاحب کا مدفن موضع بھدہنہ ہے اور آپکے مزار کے برابر آپکی بی بی اور دو لڑکیون کی قبرین موجود ہین جس سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ کا قیامگاہ مع اہل و عیال موضع بھدہنہ مین تھا۔ آپ کی درگاہ کا پختہ حصار ہنوز قائم ہے۔ اگرچہ بوجہ عدم توجہی اولاد اب شکست و ریخت اُسمین واقع ہو گئی ہے۔ حافظ امام بخش صاحب مرحوم کی تواریخ سے ثابت ہے کہ سید محمود شنوزانی قاضی صاحب کے پاس سندیلہ تشریف لائے اور حضرت مخدوم صاحب قدس سرہٗ حضرت نصیر الدین چراغ دہلوی کے عہد مین رونق افروز سندیلہ ہوئے ظاہر ہے کہ حضرت چراغ دہلوی حضرت نظام الدین اولیا

کے خلیفہ تھے - اس واقعہ سے بھی تقدم و تاخر زمانہ کا درمیان اُن دونون حضرات کے ثابت ہوتا - معلوم ہوتا ہے کہ جسوقت قاضی صاحب یا قاضی صاحب کے بزرگ سندیلہ تشریف لائے اُسوقت آبادی سندیلہ جانب مغرب شمال زیادہ تھی اِسی جہ سے آپ کا مسکن و مدفن بھدہنہ قرار پایا اور یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ سندیلہ سے تا بھدہنہ سلسلۂ آبادی برابر تھا اُسکی تائید اُن بنیادون سے ہوتی ہے جو اکثر سندیلہ و بھدہنہ کے درمیان بمقام گڈھی نکلتی ہین اور یہ مقام گڈھی بھدہنہ کے راستہ مین واقع ہے - ایک کاغذ نوشتہ ۱۲۱۱ھ سے اُسکی بخوبی تائید ہوتی ہے جو بقبضۂ حکیم ظہور الحسن صاحب ہے - آپکا مزار اسوقت بھی زیارت گاہ ہے سندیلہ سے لوگ اکثر مسافت طے کرکے جاتے ہین کاغذات پارینہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اِس مزار کا چڑھاوا جو ہوتا تھا انکی اولاد بموجب حصص خود لیتی تھی اور رہن و بیع بھی کرلیتی تھی جسکا ثبوت ایک دستاویز مقبوضہ حکیم ظہور الحسن صاحب سے ہوتا ہے کہ جو میرے پیش نظر ہے - یہ موضع بھدہنہ عرصہ سے خاندان سوداگران مین چلا آتا ہے - چونکہ اس خاندان کی شاخین بہت ہین کسی نہ کسی شاخ کے قبضہ مین یہ موضع رہا عملداری انگریزی سے یہ موضع میر نظیر علی سوداگر کی اولاد کے قبضہ مین ہے حکیم اخلاق حسین و سید عنایت حسین تحصیلدار کانپور و سید نظیر حسین وغیرہ وغیرہ اِس موضع مین قابض اور متصرف ہین

حضرت مخدوم سید علاء الدین قدس سرہٗ

حضرت سید مخدوم علاء الدین قدس سرہٗ حضرت نصیر الدین چراغ دہلوی کے

خلیفہ تھے۔ آپ کا اصل وطن جاجنیر ہے آپکے بزرگ وہان سے دہلی آئے۔ مخدوم صاحب نے حضرت نصیر الدین چراغ دہلوی کی خدمت مین رہکر تکمیل نفس اور تحصیل علوم باطنی فرمائی اور حسب ارشاد آپ کے بزمان سلطنت فیروز شاہ تغلق آپ سندیلہ تشریف لائے کتاب مراۃ الاسرار جو شیخ عبدالرحمن چشتی نے بزمان سلطنت شاہجہان بادشاہ تصنیف کی ہے اسمین مخدوم صاحب کی نسبت یہ تحریر فرماتے ہین ۔

از کتاب مراۃ الاسرار

سید مخدوم علاء الدین قدس سرہ از مریدان پاک اعتقاد حضرت نصیر الدین محمود اودہی است انحضرت بعد از تربیت بسیار اور اجانب سندیلہ من اعمال سرکار لکھنؤ رخصت فرمودہ سہ صد و شصت بیگہ زمین در سواد قصبہ سندیلہ بجہت خرچ خانقاہ او بدست مبارک بر پرچہ سفال نوشتہ داد۔ پس علاء الدین بموجب جازتش آمدہ در قصبہ سندیلہ متوطن شدہ صاحب مقامات اعلے بود والی الآن مرقد پاک وہم در قصبہ مذکور زیارت گاہ خلق است صاحب لایت آن دیار است و آن سہ صد و شصت بیگہ زمین تا امروز در تصرف فرزندان بحال خود است و تا این زمان محتاج اسناد سلاطین شدہ است و ہیچکس از سبب لایت پیران چشت مزاحمت نمی تواند رسانید۔ چنانچہ این مقدمہ اظہر من الشمس است ۔

حافظ امام بخش صاحب سندیلی اپنی تواریخ مین آپکی نسبت صرف اسیقدر لکھتے ہین درگاہ خلایق پناہ حضرت سید الواصلین شیخ الاکاملین زبدۃ السالکین

جناب سید علاء الحق والدین کہ قطب زمان خود بودہ از جملہ خلفاے خاص شیخ نصیر الحق والدین قدس سرہ مرجع عموم خلایق است اولاد میدارد اکثر بحلیہ فضیلت آراستہ وپیراستہ درین قصبہ توطن دارند وآنجناب صاحب ولایت قصبہ مذکور است آنحضرت را سہ پسر بودند اول مخدوم سید نصیر الدین دوم مخدوم سید خواجہ سوم مخدوم خواجہ مجیر الدین۔ ہریک بصفت بزرگی وکرامت خاص شد۔ آپکی ولادت کا سال ۷۰۹ھ مطابق ۱۳۱۰ء ہے۔ ۲ شوال ۷۷۴ھ مطابق ۱۳۷۴ء مین بعمر ۶۴ سال آپکی وفات واقع ہوئی آپ کا مزار شریف محلہ منڈی مین ہے جو درگاہ مخدوم صاحب کے نام سے مشہور ہے۔ آپ کا سالانہ عرس یکم شوال سے ۲ شوال تک ہوتا ہے۔ یہ عرس ہمیشہ سے مخدوم زادگان جو خاص درگاہ مین رہتے ہین وہی اپنے مصارف سے کرتے ہین اسکے مصارف سے مخدوم زادگان اشراف محلہ سے کچھ واسطہ نہین ہے ایک مسجد تعمیر کردہ فیروزشاہ آپ کے مقبرہ کے پاس موجود ہے جسکی تاریخ (مسجد اقصی است) ہے۔ جسمین ۷۶۵ھ نکلتے ہین۔ اِس سے معلوم ہوتا ہے کہ فیروزشاہ تغلق نے اپنے وقت مین اِسکی بنا ڈالی اور طیار بعہ کو ہوئی۔ آپکی ذات باصفات سندیلہ کے لیے اِسوقت بھی فیض بخش اور برکت افزا ہے۔ اہل اسلام اور اہل ہنود دونون آپکو مانتے ہین اور آپ کی درگاہ مین جاکر منتین کرتے ہین اور چادرین چڑھاتے ہین۔

مین نے بہت کوشش کی کہ کوئی سند شاہی یا اور کاغذات متعلق

آنحضرت ملین جسکی نقل اس کتاب مین داخل کرون لیکن نہ ملی اور موجودہ حالت پر مجھے آپ کے حالات ختم کرنا پڑے۔

یہ آراضی ہاسگہ جو معافی تھی اُسکانام مخدوم پورہ ہے سندیلہ کے متصل واقع ہے کبھی یہ آراضی آسامیان سے آباد نہ تھی اہلِ سندیلہ کی کاشت مین رہی۔ گورنمنٹ نے بھی اِس معافی کو دوامی بحال رکھا۔ کئی سو اشخاص کے نام کھیوٹ ہے۔ پہلے گورنمنٹ نے بعد غدر منشی فضل رسول صاحب تعلقدار اور حافظ احسان اللہ صاحب خلف شاہ ولی اللہ مخدوم زادہ کو نمبردار مقرر کیا اور بحالت تحریر کتاب ہذا مولوی منظہر علی صاحب بذریعہ بیع حق نمبرداری بجاے شاہ احسان اللہ صاحب اور دوسرے منشی سید التفات رسول صاحب بجاے اپنے جدنامدار مولوی فضل رسول صاحب کے نمبردار ہین۔

خاندان مخدوم صاحب کی اسوقت دو شاخین ہین۔ ایک شاخ کی سکونت خاص درگاہ مخدوم صاحب مین ہے۔ اِس شاخ مین عرصہ دراز سے علم اور عمل کا چرچا چلا آیا اور سلسلہ پیری و مریدی کا جاری رہا۔ اِس خاندان کے مشہور بزرگان کے نام یہ ہین۔ شاہ غیاث اللہ شاہ روح اللہ۔ شاہ فضل اللہ۔ شاہ وصف اللہ۔ شاہ غلام علاء الدین۔ شاہ ولی اللہ۔ مولوی وارث علی۔ اِن جانشینون کا تمام اہل قصبہ اعزاز کرتے تھے اور اکثر فیصلہ جات مقدمات باہمی بباعث اِن لوگون کے فضل و کمال کے انہین سے کرالیتے تھے۔ علاوہ زمینداری مخدوم پور

کے ایک موضع مسلم عرصہ دراز سے اس شاخ کے قبضہ مین چلا آتا ہے جسکی نسبت اُن کا بیان ہے کہ جہانگیر بادشاہ کیطرف سے یہ معافی ہمارے اجداد کو ملی تھی جس کا نام سرونڈ ہے جو ضلع اٹام مین واقع ہے اب یہی ذریعہ معاش ان لوگون کا ہی منجملہ اس شاخ کے شاہ ولی اللہ صاحب خلف شاہ غلام علاء الدین بہت ہی نامی گرامی شخص گذرے ہین جنکے دیکھنے والے ابتک کچھ لوگ موجود ہین۔ علم وفضل وخوشنویسی و حکمت مین دستگاہ کامل رکھتے تھے۔ اب انکے پر پوتے سید محمد رضا ہین جو مولود خوانی مین ہمتل ہین۔ وصی علی شاہ صاحب نواسہ مولوی وارث علی سجادہ نشین ہوے شاہ صاحب موصوف نے اس درگاہ کو بہت ہی ترقی دی۔ تکمیل نفس اور تزکیہ باطن اور حسن اخلاق اور طرز معاشرت سے بہت اثر دلون پر پہونچایا ہزارہا مرید اودھ اور ممالک مغربی وشمالی تک آپ کے موجود ہین۔ راجہ جنگ بہادر خان تعلقدار نانپارہ آپکے بہت معتقد تھے آپکی وفات ۲۴ جون ۱۸۹۸ء کو واقع ہوئی بمقام درگاہ پیش دروازہ مقبرۂ حضرت مخدوم صاحب آپ مدفون ہوے راجہ صاحب نانپارہ نے مقبرہ سنگی بنوایا ہے۔ اکثر انکے عرس مین راجہ صاحب بہت اعتقاد کے ساتھ تشریف لائے اور مصارف کثیر کیے مجھ پر شاہ صاحب موصوف بہت توجہات فرماتے تھے۔ انکی وفات کی تاریخ مین نے لکھی ہے۔

تاریخ وفات

زگردش فلکی حضرت وصی علے	بسوے ملک عدم حیف رخت ہستی برد
جہان گرفت ز اخلاق خویش و باز گذاشت	اگرچہ مرد و لیکن نہ نام نیکش مرد
درین جہان کہ نبالش بر آب بنہادہ	بلے بلے خنک آنکس کہ گوے نیکی برد

سخن دراز مکن مہر بہر سال وفات
بگو بگو کہ ولی خدا شناسے مرد

یہ خاندان کی حالت قابل افسوس ہے۔ اکثر لوگ علم سے خالی اور معاش سے تنگ ہین۔ موروثی جائداد بھی اب اس خاندان مین بہت کم باقی ہے۔ بذریعہ بیع و رہن جا بجا منتقل ہو گئی دوسری شاخ اشرف محلہ مین آباد ہے۔ یہ شاخ مخدوم سید مجیر الدین پسر حضرت مخدوم صاحب سندیلہ کی اولاد سے ہے۔ حضرت مخدوم صاحب کے سو برس کے بعد شیخ سید حسن کا وجود مسعود ہوا۔ آپ ہمایون شاہ کے وقت سے تا زمانہ اکبر شاہ رہے۔ آپ علوم ظاہری باطنی مین کامل اور یگانۂ روزگار تھے۔ حضرت مخدوم الہدیہ خیر آبادی و حضرت شاہ صفی صاحب صفی پوری کے خلیفہ تھے۔ آپ نے عبادت کیواسطے ایک مسجد خام تعمیر کرائی۔ بعد اُسکے آپکی اولاد سے سید اسمٰعیل نے اسے پختہ بنوا دی وہ مسجد اب تک پیش مکان مولوی سید مظہر علی صاحب موجود ہے۔ یہ تاریخ اُس مسجد پر کندہ ہے۔

کردہ مسجد نخست شیخ حسن	در سنہ شیخ بانیاز ظہور ۹۹۰ھ
چو بنا باز کرد اسمٰعیل	گشت تاریخ خانۂ پُر نور

اُسی مسجد کے گوشہ مین سید حسن صاحب کا مزار ہے اور آپکی تاریخ وفات ۹۱ ہجری ہے
آپکی اولاد مین بہت بڑے بڑے عالم و فاضل اور درویش کامل اہل باطن گذرے ہین
مولوی عبداللہ صاحب مولوی احمد بخش صاحب مولوی فضل صاحب مولوی حکیم
سید لطف رسول صاحب مسیح الوقت حکیم بقاء اللہ خانصاحب مولوی اعزالدین صاحب
و حکیم بو علی صاحب منشی فضل رسول صاحب تعلقدار و منشی شمس الدین صاحب ڈپٹی کلکٹر
جن کے حالات مین جدا گانہ لکھون گا۔

ذکر خاندان مسیح الوقت محمد بقاء اللہ خان بہادر

آپ کے والد ماجد کا نام سید غلام اولیا تھا بزمان نواب آصف الدولہ بہادر
آپ تحصیل علم کے لیے معہ اپنے چھوٹے بھائی سید اعزالدین لکھنو تشریف لیگئے
اور فرنگی محل مین آپنے مولوی عبدالولی صاحب سے تکمیل علم عربیہ کی۔ ایک روز
رزیڈنٹ صاحب بہادر لکھنؤ نے مولوی عبدالوالی صاحب کو طلب فرماکر فرمایا
کہ ہمکو دو طالب علم اپنے یہان سے دو۔ جو علم عربی و فارسی مین دستگاہ کامل
رکھتے ہون گورنمنٹ کو ضرورت ہے۔ مولوی صاحب نے اِن دو بھائیون یعنی
سید بقاء اللہ خان اور سید اعزالدین کو پیش کیا۔ صاحب رزیڈنٹ نے بذریعہ چیٹھی
اِن دونون صاحبون کو جنرل لیک صاحب بہادر کی خدمت مین ۱۸۰۴ء مین بھیجا
چنانچہ جنرل صاحب بہادر نے مولوی اعزالدین کو میر منشی رزیڈنسی مقرر کیا اور سید بقاء اللہ خان

صاحب کو دیوان مقرر فرمایا اور اختیارات دیوانی و فوجداری دیے۔ انہین ایام مین سید صاحب موصوف سرکار انگلیشہ کی طرف سے بعہدہ سفارت اکبر شاہ ثانی بادشاہ کی خدمت مین بھیجے گئے۔ حضرت بادشاہ نے خوش ہو کر آپ کو خطاب مسیح الوقت بقاء اللہ خان بہادر عطا فرمایا اور آپ کی درخواست پر آپ کے دونون چھوٹے بھائیون یعنی سید اعزالدین اور سید رحم رحمان و کرم رحمان کو خطاب خان بہادری دیا۔ آپ دس ماہ تک اس عہدہ پر رہے پھر آپ کے لیے دوسرے انتظام مین ڈپٹی کلکٹری تجویز ہوئی مگر خانصاحب بہادر نے انکار فرمایا اور اپنے وطن کو واپس تشریف لائے۔

سید اعزالدین عرصہ تک اپنے عہدہ پر قائم رہے آخر پنشن لیکر سندیلہ آئے۔ دونون بھائیون نے جلال پور رام پور گڑھوان وغیرہ اکثر دیہات خرید کر کے صورت ریاست پیدا کی۔ جب نواب قدسیہ بیگم رئیسہ بھوپال بیمار ہوئین تب معالجہ کے لیے مسیح الوقت کی طلبی ہوئی آپ بھوپال تشریف لے گئے وہین پر آپ نے ۱۲۶۲ھ مطابق ۱۸۴۵ء مین انتقال فرمایا۔ بعد اُنکے آپکے صاحبزادے سید غلام حسین اور بعد انکے محمد تقی پسر اعزالدین خان بہادر دیہات کا کام کرتے رہے۔ انکے وقت مین مالگذاری سرکار ساصہ باقی رہ گئی جسکو منشی مفضل رسول صاحب نے اپنے پاس سے ادا کر کے انکے دیہات اپنے قبضہ مین کر لیے۔ مسیح الوقت بقاء اللہ خان بہادر بڑے طبیب حاذق تھے۔ اس زمانہ مین آپکی ذات باصفات سے اہل سندیلہ کو بہت فیض پہونچتا تھا۔ آپکی خدمت اور صحبت سے بہت لوگ حکیم اور طبیب

آپ کے فرزند بو علی صاحب بڑے حکیم حاذق گذرے۔ لوگ انکو بو علی سینا ثانی کہتے تھے سندیلہ مین بہت قصہ اور افسانے انکے زبان پر ہین اور خود ہین نے اپنے والد نامدار راجہ دھنپت رائے صاحب سے انکے اکثر حالات اور معالجات حیرت افزا سُنے ہین افسوس کہ بسبب تنگی فرصت اور خیال طوالت کتاب گنجایش اُن اذکار کی نہین پاتا ہون۔

مسیح الوقت کے تین پوتے ہوے۔ نجابت حسین۔ علی احمد۔ حسن احمد۔ پسران غلام حسین ہین۔ نجابت حسین کا انتقال ہوگیا۔ انکے دو لڑکے سید عنایت حسین سید کرامت حسین ہوے۔ عنایت حسین بالآخر ریاست بھوپال مین ناظم تھے اب انکا بھی انتقال ہوگیا۔

سید کرامت حسین نے تحصیلداری سے عہدہ ڈپٹی کلکٹری پر ترقی کی اب پنشن لے لی ہے جج منصف اور آنریری ڈپٹی کلکٹر ہین۔

سید علی احمد ممالک متوسط مین وکیل ہین اور خطاب خان بہادر گورنمنٹ سے پایا ہے سید حسن احمد فی الحال خانہ نشین ہین بہت علم دوست ہین۔

ذکر خاندان منشی سید فضل رسول واسطی تعلقدار جلالپور

آپکے والد حکیم سید عبد الشکور اور آپ کے جد مولوی حکیم سید لطف رسول فن طبابت مین بہت نامی گرامی گذرے ہین شہر کے لوگ اِن ہر دو صاحبان کے معالجہ سے فیض پاتے تھے۔ منشی فضل رسول نے غنفوان جوانی مین تبلاش

روزگار سفر اختیار کیا اور اُس سفر مین کامیابی حاصل کی۔ میر منشی رزیڈنسی ریاست جودھپور ہوے اور بہت سرمایہ زر و دولت کا اِس ملازمت مین حاصل کیا۔ اور آخر عہد امجد علی شاہ بادشاہ مین واپس آئے۔ اور بذریعہ رہن و بیع صورت علاقہ پیدا کی اور علاقہ جلال پور خاندان مسیح الوقت بقاء اللہ خان بہادر سے حاصل کیا اور اُسکی سند غدر کے بعد گورنمنٹ انگلشیہ سے پائی اور زمانہ غدر مین گورنمنٹ انگلشیہ کی خیرخواہی کی۔ جسکی جلدو مین علاقہ کھیری پایا بعد کو اختیارات دیوانی و فوجداری بھی آپکو ملے۔ آپ نے اپنے وقت مین بہت کچھ باغات سندیلہ اور دیہات مین قلمی لگائے سندیلہ مین آپ ہی کی ذات سے قلمی آمون کا آغاز ہوا۔ آپ بہت ہی قابل شخص تھے عربی و فارسی و نجوم مین دستگاہ کامل رکھتے تھے۔ شاعری مین آپکو بہت مذاق تھا۔ کلام نہایت شیرین اور باثر ہوتا تھا۔ علاوہ اِن صفات کے نہایت ذی اخلاق اور ذی مروت تھے۔ میرے ساتھ شفقت بزرگانہ فرماتے تھے ۱۸۶۵ء مین جب میرے والد نامدار راجہ دہنپت راے صاحب نے انتقال فرمایا۔ آپ لکھنؤ مین تھے وہان سے ایک خط تعزیت کا میرے نام بھیجا جو اِسوقت پیش نظر ہے۔ نقل اُسکی داخل کرتا ہون تاکہ اِس زمانے کی نسلین ایسے مراسم اور ایسی کتابت باثر کو بچشم قدر دیکھین۔ اور سبق حاصل کرین۔

نقل خط منشی سید فضل رسول صاحب

راجہ صاحب عزیز از جان راجہ درگا پرشاد صاحب دام اللہ عمرہٗ

بعد دعاے مزید علم و ہنر و ترقی درجات واضح باد۔ بدریافت حال پر ملال مقال راجہ دھنپت راے صاحب مرحوم بر خاطر اخلاص ماثر گشتہ سر خسق خالی از یادہی ملالت تازہ آن عزیز نیست چون در مشیت ایزدی چارہ نیست بہرحال بجبر باید گرائید چون امر ریاست خاندانی بر آن عزیز گذاشتہ شد مقتضاے سعادتمندی و خلوہمتی آن است کہ بمقتضاے عادت قدیمی خاندانی خود آنچنان طریقہ مرضیہ خود اختیار باید کرد کہ موجب تحسین آفرین خویش بیگانہ باشد و راہ و رسم حلم و مروت و سخاوت و ہمت انچہ از والد ماجد خود براے تعین مشاہدہ کردہ اند ہمان نہج سلوک باید شد انشاء اللہ تعالیٰ تا زندہ ام ہرچہ از من ہیچکارہ ممکن است دران دریغ نخواہد شد

فضل رسول

۱۴ ار جولائی ۱۸۷۵ء کو آپ نے انتقال فرمایا مقام امرہرہ آپ دفن ہوے آپکے فرزند ارجمند منشی سید فضل حسین نے حسب وصیت والد ماجد مرحوم عمدہ مقبرہ اور مکانات اُسکے متعلق بنواے ہرسال عرس نہایت جوش وخروش اور عقیدت سے کرتے تھے منشی فضل حسین کا زمانہ بھی بہت کامیابی اور نیکنامی سے گذرا۔ ۲۵ اگست ۱۹۰۱ء مین آپ نے انتقال فرمایا منشی سید التفات رسول فرزند دوم منشی صاحب مرحوم کے جانشین ہوے جو اسوقت اپنی ریاست کے تعلقدار ہین اختیارات منصفی و فوجداری اُنکو حاصل ہین۔ شوق شعر و سخن بغایت درجہ ہے زمانہ عرس مین ہرسال مشاعرہ اہتمام وسیع سے اپنے جد نامدار منشی سید فضل رسول صاحب بہادر واسطی کے مزار پر کرتے ہین دور دور

کے لوگ آتے ہین - چنانچہ باہمراہ عزیز موصوف مین بھی شریک مشاعرہ تھا اور یہ
غزل فارسی مین نے پڑھی -

وہ وہ چہ صحبتِ خوش و عشرت فزا است این
ازبہر طبع غمزدگان غمزدا است این

گرگویمش حدیقۂ مقصودِ شایقان
درخوانمش ریاضِ تمنا بجاست این

از التفاتِ خاص عزیزِ دل النعات
امروز صحبتِ خوش و بس دلکشاست این

گرنیم نام بُرد زبانم عجب مدار
درعالمِ محبت و الفت رواست این

شوقِ سخن نمود درین خودستائگی
یاران مقامِ گفتنِ صد مرحباست این

درعالمِ وجود چہ باشد بہ از سخن
اسبابِ جاہ مایۂ عزّ و علاست این

ہم ہادی مراحلِ اخلاقِ جانفزاست
ہم بہرِ رادِ خیرہ کرم رہنماست این

ہم مایۂ نشاطِ دل افسردگانِ ہر
ہم از برائے روح چہ نیکو غذاست این

ہرکس خلافِ رائے زند اندرین سخن
گویم ہزار بار سراسر خطاست این

مطلع

بردی دلم بغمزہ چہ شیرین اداست این
کردی نظر نہ باز چہ جور و جفاست این

شکرِ خدا نیازِ من آمد پسندِ او
از روئے ناز گفت ز اہلِ وفاست این

نبضِ مریضِ عشق تو بگرفت چون طبیب
گفتا برو و مرضِ لادواست این

یارم چو دید حالِ پریشانِ من بگفت
در دامِ عشقِ زلف کسے مبتلاست این

برگشت ہر دو دامنم از گوہر مراد	انفصال و رحمت و کرم کبریاست این
دادن باہلِ حاجت و گشتن خجل ازان	طرز و طریق و شیوہ اہلِ سخاست این
اسبابِ جاہ و دولتِ دنیاے بے ثبات	در چشمِ اہلِ ہوش ہمہ بے بقاست این

ایڈورڈ ہفتمی کہ شہنشاہِ عادل است
باشد ہمیشہ شاد الٰہی دعاست این

ذکر منشی شمس الدین ڈپٹی کلکٹر بہادر

آپ چھوٹے بیٹے حکیم عبد الشکور اور چھوٹے بھائی منشی فضل رسول صاحب تعلقدار کے تھے آپ کے صفات خارج از حیطہ بیان ہین جب منشی فضل رسول اجمیر کی رزیڈنسی مین میر منشی ہوے تب آپ جودہ پور کی ایجنسی مین میر منشی مقرر ہوے بعد ازان آپ نے گورنمنٹ انگلشیہ مین ملازمت کی تحصیلدار رہے اسکے بعد عرصہ تک ڈپٹی کلکٹری پر سرفراز رہے آخر مین پنشن لیکر سندیلہ تشریف لاے آپکا وقت زیادہ تر یاد خدا اور مشاغل علمی مین گذرتا تھا چند کتابین آپکی تصنیفات سے ہین جب کوئی غزل آپ تصنیف فرماتے تھے میرے پاس آپ فوراً بھیجتے تھے۔ اور اکثر فرمایش فرماتے تھے کہ اِسی بحر مین آپ بھی کہیئے چنانچہ ایک غزل مین اسوقت جناب موصوف کی پیش کرتا ہون اور نیز ایک غزل اپنی جو حسب ارشاد جناب ممدوح مین نے فوراً لکھکر آپکی خدمت مین بھیجی اور آپنے نہایت تحسین و آفرین سے مجھے سرفراز فرمایا۔

غزل از تصنیف منشی شمس الدین متخلص بہ شمس

زلف را پر خم چرا پیچان کردہ — خود پریشان را پریشان کردہ
حسن صورت ساختی زیر نقاب — پرتوش پیدا چہ پنہان کردہ
تو بدل موجود من در جستجو — خوب این کارِ نمایان کردہ
در رگِ جان از مژہ نشتر زدی — چارہ سازا چہ درمان کردہ
برزدی خاکِ مزار کوئے او — ای صبا بر من چہ احسان کردہ
ہر رگم نالد چو نے از سوزِ ہجر — ای سراپایم نیستان کردہ
مارِ زلفِ تو چہ بر رخ کرد جا — بہرِ گنجِ حسن دربان کردہ

شمس می نالد ز سوزِ ہجرِ تو
شاد باشی خوب احسان کردہ

غزل راقم السطور

زلف برہم بر رخ پیچان کردہ — خاطرِ جمعم پریشان کردہ
ہوش از سرِ عاشقان بردی بناز — مرحبا کارِ نمایان کردہ
چشمِ بیمارت چو بیمارم نمود — از نگاہِ مہر درمان کردہ

از کمانِ ابرو و تیرِ مژہ
بہرِ قتلِ خلق سامان کردہٗ

چون کنم پرور دگارا شکرِ تو
مشکلِ من جملہ آسان کردہٗ

لطفِ چون کردی بمن نیشب
جان فدا بیت طرفہ احسان کردہٗ

از گلِ مقصود و نقدِ مُراد
پُر سراسر جیب دامان کردہٗ

مہر با آن نو گلِ باغِ مُراد
خوش ہوائے باغ و بستان کردہٗ

ذکر مولوی مظہر علی صاحب پنچ مجسٹریٹ سندیلہ

مولوی مظہر علی صاحب اپنے خاندان مین باعث عروج وجاہ ہوے آپ ساتوین پشت مین حضرت مخدوم سید علاء الدین سے ہین آپ بہت ہی صاحب دانش و تدبیر ہین آپ نے بذات خاص ریاست پیدا کی۔ موضع کمال پور۔ گھوگھرہ۔ مخدوم پورہ۔ آپکی نمبرداری مین ہے۔ سندیلہ مین بہت دکانین آپ نے بنوائین حسب فرمایش مولوی صاحب معصوف مین نے تاریخ تعمیر دوکانات لکھی جو شفاخانہ کے روبرو دیوار دوکانات پر کندہ ہے۔

قطعہ تاریخ تعمیر دوکانات

مظہر تدبیر و دانش مولوی مظہر علی
ساخت دوکانات در سندیلہ باصرفِ کثیر

اززمین اے قمر شد آوازہ و صفش بلند		ہاتف غیبی بمن گفتہ - عمارت بے نظیر ۱۸۸۳

ہیتا ہرن کے راستہ مین ایک باغ اور ایک کنوان آپ نے مسافران کی آرام کے لیے بنوایا ہے اپنی سوانح عمری بھی آپ نے بہت تشریح کے ساتھ لکھی ہے - جسمین اکثر اہل سندیلہ کی بھی حالات موجود ہین -

باغات بھی آپ نے عمدہ لگاے - ۱۸۸۳ء سے آپ بنچ مجسٹریٹ ہین تیس سال تک آپ نے سکریٹری مینوسپل بورڈ سندیلہ کا کام آنریری نہایت خوبی اور خوش اسلوبی سے سرانجام دیا حکام والا مقام نے وقتاً فوقتاً اپنی خوشنودی مزاج ظاہر فرمائی - یکم جنوری ۱۹۰۳ء مین بہ تقریب دربار جشن تاجپوشی حضرت ملک معظم ایڈورڈ ہفتم آپنے بعوض خدمات آنریری مجسٹریٹی و سکریٹری مینوسپل بورڈ کاغذ چرمی پر سند خوشنودی مزاج بدستخط گورنر جنرل کشور ہند پائی -

آپکے چار بیٹے ہین مولوی مصطفٰے علی اور سید مرتضےٰ علی نے ولایت جاکر سند بیرسٹری حاصل کی اور کام بیرسٹری انجام دیتے ہین -

سید مجتبیٰ علی گھر کا کام کرتے ہین - سید ارتضیٰ علی سکریٹری مینوسپل بورڈ سندیلہ میری ماتحتی مین رہے لیکن بوجوہ موقوف ہو گئے - آپ عرصہ تک بیمار رہے دوران بیماری مین مین نے ایک تحریر نظم آپکو بھیجی جسکا بہت اثر آپ پر ہوا اور آپ نے آبدیدہ ہوکر فرمایا کہ اگر خدا نے صحت دی تو زبانی شکریہ ادا کرون گا - افسوس کہ بتاریخ ۲ - محرم ۱۳۳۰ھ

مطابق ۲۴ - دسمبر ۱۹۱۱ء آپ نے نہایت ہوش و حواس کے ساتھ انتقال کیا اور اپنے باغ مین دفن ہوے جسکے لئے سنگی قبر آپ نے پہلے سے تیار کرا رکھی تھی اِس واقعہ سے تمام شہر کو افسوس ہوا - فی الواقع آپکی ذات انواع صفات سے موصوف تھی جسکا اصلی فوٹو انکی تاریخ وفات مین کھینچا ہے -

ایک خط نظم جو مولوی صاحب مرحوم کی دوران علالت مین مین نے لکھا تھا اُسکی نقل داخل کرتا ہون -

اے مظہرِ شانِ دوستداری
ہے جانِ تنِ وفا شعاری

غمخوار و شفیقِ دردمندان
دلدار و رفیقِ مستمندان

ثمر شجرِ ریاضِ الفت
آب گہرِ یمِ محبت

از خدمتِ تو اگرچہ دورم
پیوستہ ز طبع در حضورم

ہر دم ز دعاے تست کارم
در یادِ تو وقت می گذارم

یادِ تو مرا انیسِ جان است
صد قصہ و ذکر بر زبان است

دل خستہ ام از علالتِ تو
محزون دلم از ملالتِ تو

صحت یابی ز فضلِ یزدان
باشی ہمہ وقت شاد و خندان

و ز بزمِ نشاط خوش نشینی
و ز نخلِ مُراد میوہ چینی

تاریخ وفات

مولوی مظہر علی مہر سپہر مردمی
نیک طینت نیک طبع و نیکخو نیکو شعار

دو یمی ماہ محرم بود ایام عزا
کرد زین دار فنا رحلت سوی دار القرار

کرد تا بوتش ہجوم اجر کار نیک بود
شان رحمت دید زین جوش شفاعت در بسیار

حسرتا دامن کشان از صحبت یاران گذشت
وا دریغا کاین فراق دائمی کرد اختیار

مخزن اخلاق و خوبی بود ذات پاک او
بود در عقل و فراست انتخاب روزگار

حلم بود او را انیس و صبر بود او را ندیم
بود طبعش مستقل ہم بود عہدش استوار

صد چراغ دانش او افروخت در بزم خرد
کرد در چشم جہان صد گونہ حاصل اعتبار

در زمان فکر یارا بود یاری دل نواز
در ہجوم انتشارم بود دائم غمگسار

بہر سال انتقالش مہر چون بنمود غور
در زمان اضطراب و در اوان انتشار

از سر افسوس گفتم سید مظہر علی
سال ہجری گشت زین الفاظ ہجرش آشکار

چون سن عیسی بجست از طبع در طرز جلی
یکہزار و نہصد و دہ یک درآمد در شمار

ذکر خاندان منشی جمیل الدین

منشی جمیل الدین منشی رئیس الدین صاحب ... صاحبزادے

ہین - مخدوم زادگان کے خاندان سے ہین اشراف ٹولہ مین انکا اصلی مکان تھا
اب محلہ موسٰی پور مین سکونت رکھتے ہین وہان پختہ مکان تعمیر کرایا ہے اور مخدوم پور
مین مثل دیگر مخدوم زادگان کے انکی بھی معافی ابتک موجود ہے -

فی الحال انکے والد دیہات چودھری علی جان کے منتظم اور مختار عام ہین
اور منشی جمیل الدین کل ریاست چودھرائن صاحبہ کے مینجر ہین - نہایت خوش
اسلوبی سے اس مختصر ریاست کا کام چلا رہے ہین - جس قدر قرضہ بتعداد کثیر
چودھری علی جان صاحب نے چھوڑا تھا اُس کی بابت عمدہ انتظام کیا ہے
سود کی بھی تخفیف معقول کرالی اور مالگذاری گورمنٹ ... راقساط مہاجن قبل
از وجوب ادا کرتے ہین اور تمام امورات متعلقہ ریاست وخانہ داری بہت ہی
شان وخوبصورتی سے انجام پارہے ہین - اِس انتظام کو دیکھ کر حیرت ہوتی
ہے - یہ ایک ترقی کرنے والے آدمی ہین -

ذکر خاندان سوداگران

سوداگران کا خاندان سید محمود شنوزانی کی سے ہے جو قاضی صاحب کے
داماد تھے - روایت ہے کہ جب آپ نظام الدین اولیا کے وقت مین دہلی آئے
اور وہان سے عازم سفر مشرق ہوے تو آپ نے فرمایا کہ سندیلہ مین قاضی سراج الدین
سے ضرور ملاقات کرنا - چنانچہ آپ سندیلہ تشریف لائے اور ملاقات قاضی صاحب

موصوف سے مشرف ہوے۔ قاضی صاحب نے اپنی دختر نور جہان کو آپ کے عقد مین دیا اور دختر سے جو اولاد ہوئی وہ بلقب سوداگران ملقب ہوئی۔ اِس واقعہ کو مولوی امام بخش صاحب جد حافظ کرم احمد صاحب نے اپنی تواریخ مین تحریر فرمایا۔ نقل اُسکی درج ذیل کرتا ہون۔

"سید محمود شنوزانی کہ در قصبہ شنوزان در ملک عرب واقع است بہندوستان تشریف آوردند و بہ ملازمت حضرت نظام الدین اولیا قدس سرہٗ رسیدہ چندے استقامت داشتند بعدہٗ بعزم سیر ملک مشرق رخصت خواستند حضرت نظام الدین اولیا فرمودند کہ اگر شمارا ارادہ سیر ملک مشرق است در قصبہ سندیلہ بہ بندگی شیخ قاضی سراج الدین ملاقات خواہند کرد و ہرچہ از شما استدعا نمایند خواہند نمود۔ القصہ سید محمود شنوزانی بہ سندیلہ تشریف آوردند بہ قاضی سراج الدین قدس سرہٗ ملاقات کردند۔ قاضی صاحب موصوف توجہات مبذول داشتہ فرمود کہ الحمد للہ کہ از مدت آرزوے ملاقات شما داشتم بہ حسب تمنائے دل خدائے تعالیٰ شمارا اینجا رسانید پس دختر خود را کہ مسماۃ نور جہان بود بحبالۂ نکاح میر محمود دادند از ایشان یک پسر سید احمد تولد شد میر محمود شنوزانی ارادۂ سفر ولایت فرمودند و ہمانجا وفات یافتند"

ذکر بندگی شیخ مبارک

قاضی سراج الدین کے کوئی اولاد نرینہ نہ تھی۔ اولاد دختری سے نبیرن

پشت مین بندگی شیخ مبارک ہین آپ مخدوم شیخ سعد خیرآبادی کے مرید تھے درج
فقر مین کامل اور قناعت اور صبر مین یکتائے زمانہ تھے۔ چنانچہ مین نے آپ کا
ذکر خیر کتب قدیمہ سے منتخب کر کے درج ذیل کیا ہے۔ یہ ذکر کتاب اخبار الاخیار
مصنفہ شاہ عبدالحق محدث دہلوی و کتاب سبع سنابل مصنفہ مولانا شیخ عبدالواحد
بلگرامی سے لکھا گیا ہے۔ جس مقام پر شاہ عبدالحق صاحب نے حضرت مخدوم
شیخ سعد صاحب خیرآبادی کا حال تحریر فرمایا ہے وہان عبارت یہ لکھی ہے

اورا مریدان بسیار اند چنانچہ شیخ صفی بزرگ بود صاحب ذوق و حالت و
برقدم پیر خود حضور و مجردی زیست و شیخ مبارک سندیلی کہ با حکام شریعت و آداب
طریقت موصوف بود او مرید شیخ سعد خیرآبادی بود و از شیخ سالار نیز تربیت یافتہ بود

از کتاب سبع سنابل مصنفہ مولانا عبدالواحد صاحب بلگرامی مرید حضرت مخدوم شاہ صفی صفی پوری نوشتہ می شود

مخدوم شاہ مبارک حسین سندیلی درویش کامل بود گرسنگی و بے نوائی
بسیار می دید و فقر و فاقہ می کشید۔ وقتے سہ روز گذشتہ بود ہیچ قوتے نہ رسیدہ مع
عیال و اطفال بدرگاہ رب متعال صابر و شاکر می گذرانید۔ درویشے شیخ مرجان
نام داشت بملاقات آمد و تعذر حال ایشان معلوم کرد و شتاب بازگشت و
طعامے کہ در خانہ خود موجود یافت ہمہ را برداشت و پیش شیخ مبارک آورد کہ

کہ این را قبول کنند۔ مخدوم شیخ مبارک قبول نکردند و فرمودند کہ شما کسبت نمودہ ناداری مارا معلوم کردہ رفتید تا این مقام آوردید۔ نعمت عزیز و فاقہ خود را بہ عیوض طعام نہ خواہیم فروخت۔

آپکے مرید و خلفا اعلیٰ درجہ کے مشائخ گذرے مثل شیخ ادھن معروف بہ شیخ الاسلام بلگرامی وغیرہ چنانچہ ماثر الکرام تاریخ بلگرام مصنفہ میر غلام علی آزاد بلگرامی مطبوعہ رفاہ عام آگرہ صفحہ ۳۶ و ۶۵ میں یہ عبارت درج ہے۔

شیخ ادھن معروف بہ شیخ الاسلام بلگرامی قدس سرہ از فرزندان حاجی سالار قنوجی است کہ از اکمل اولیاء عصر بود و نسب حاجی سالار منتہی میشود بہ خواجہ عثمان ہارونی پیر خواجہ معین الدین چشتی قدس اللہ اسرارہم ازین جہت عشیرہ او با چشتیان و شیخ ادھن از اعاظم خلفاء شیخ مبارک سندیلوی است مقتدائے عصر و مفتی زمن بود در زہد و تقوی و حفظ شرائع و حل و تقایع طلاب ظاہری و باطنی نظیر نداشت شیخ محمد غوثی مندوی در کتاب گلزار ابرار در ضمن احوال شیخ سالار بدہ می نویسد سید صفی چشتی و شیخ بدرالدین سرہندی و شیخ ادھن بلگرامی از خلفائے شیخ مبارک سندیلہ اند۔

آپکی وفات ۹۱۰ھ مطابق ۱۵۰۴ء کے بعد ثابت ہوتی ہے آپکے بعد آپکے صاحبزادے شیخ یحییٰ آپکے جانشین ہوئے۔ آپ نے اپنے وقت میں دینی اور دنیوی بہت ترقی حاصل کی۔ آپکے نام اکثر دیہات کی معافی اکبر شاہ سے ہوئی۔ جسکے کاغذات حکیم ظہور الحسن کے پاس موجود ہیں۔ علاوہ معافیات کے اکثر

جائداد بذریعہ بیع و رہن حاصل کی بعدہٗ آپکے صاجزادے مولوی شیخ عبدالواحد آپکے
جانشین ہوے - آپکے زمانہ مین بھی معافیات ملین - خرچ خانقاہ و مسجد کا جو شاہان
دہلی سے مقرر تھا شاہ عالم بادشاہ کے وقت تک قائم رہا اب موجودہ حالت
مین کچھ ریزۂ ملکیت آبائی قدیم مثل باغ و کھیت و خانہ ہاے رعایا باقی ہے وہ دونون
بھائیون سید اکرام حسین و سید ظہور الحسن کے قبضہ مین موجود ہے - سو برس سے
زیادہ زمانہ گذرا کہ مسجد اور خانقاہ منہدم ہو گئی ہے - کچھ کچھ دیوارین باقی ہین - مقبرہ
اب تک بلا سقف محدود حالت مین موجود ہے - ۱۱ ربیع الاول کو ہر سال آپکا
عرس ہوتا ہے - حکیم ظہور الحسن سندیلی مصارف عرس اپنی ذات خاص سے
کرتے ہین - حکیم صاحب آپکی اولاد سے گیارہوین پشت مین ہین - اس وقت وہ
مینوسپل بورڈ سندیلہ سے پچیس روپیہ ماہوار پاتے ہین اور بطور چندہ رؤسا سندیلہ
سے تنخواہ ملتی ہے اور یہی مداخل ہین - بہت ہی خوش چلنی سے بسر اوقات کرتے
ہین - اہل سندیلہ کو اُن سے بہت ہی فیض پہونچ رہا ہے - ہر شخص کے ساتھ اُنکو
ہمدردی اور معالجہ امریضان مین بہت دلچسپی ہے - ایک مکان مطب کا قریب
مکان قاضی صاحب بنایا ہے اُسمین مطب کرتے اور غربا کو دوا اپنے پاس سے
مفت بھی تقسیم کرتے ہین - باغات اور مکانات کی ترمیم اور تعمیر مین کوشش
کررہے ہین - اس کتاب کی تصنیف کے وقت مجھکو اُن سے بہت مدد ملی -
بہت سے کاغذات جو اُنکے یہان تھے اور نیز اور لوگون کے یہان سے جمع

کردیے - ان سب باتون پر اُنکی وضع قدیم اور خیالات قدیمہ بہت ہی قابل قدر ہین -

ذکر مفتی معین الدین

بندگی شیخ مبارک کے چھوٹے بھائی تھے - سنہ ۹ ھ کی مہر کا ایک کاغذ حکیم صاحب کے پاس مین نے دیکھا - یہ زمانہ ہمایون کا ہے شاہ اکبر کے وقت تک یہ موجود تھے - اسکے بعد عہدہ مفتی کا اُنکے چچا میر نظام کی اولاد پر منتقل ہوا -

مفتی معین الدین کی اولاد بہ کثرت سندیلہ مین موجود ہے - جو کہ بہ لقب سوداگران سندیلہ مین مشہور ہے - از انجملہ میر آغا علی انسپکٹر و عنایت حسین تحصیلدار و حکیم سید اخلاق حسین - میر اکبر علی ریونیو ایجنٹ وغیرہ ہین -

اِس قدر اور لکھنا چاہتا ہون کہ مفتی معین الدین کا مزار محلہ سوداگران مین میر عنایت حسین سوداگر کے مکان مین واقع ہے بعد وفات مفتی صاحب شیخ احمد نبیرہ میر نظام عم حقیقی مفتی معین الدین بعہد اکبر شاہ عہدہ مفتی پر مامور ہوے اور پھر پشت در پشت یہ عہدہ اُنکے خاندان مین چلا آیا - جنکے نام درج ذیل کرتا ہون -

مفتی عبد السمیع - مفتی محمد شفیع - مفتی عبد الواحد - مفتی عبد الباقی - مفتی محمد اکرم - مفتی دلیل اللہ - اب صرف اِس خاندان مین سید حسن رضا موجود ہین جو بوجہ ملازمت باہر رہتے ہین - فرمان معافی دیہات بنام مفتی شیخ احمد - مفتی عبد السمیع - و مفتی محمد شفیع اب تک سید ظہور الحسن کے پاس موجود ہین -

ذکر حافظ سراج الدین عرف مولانا حافظ

آپ کا مزار آبادی سندیلہ سے جانب شمال بہ فاصلہ پاؤ میل واقع ہے۔ مولوی سرفراز علی صاحب مرحوم جو اولاد خاص مولانا حافظ صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے تھے۔ اپنی کتاب ممتاز الاذکار مطبوعہ مفید عام آگرہ مین آپ کا حال اس طور پر تحریر فرماتے ہین۔

مولانا حافظ صاحب کی ولادت ۶۶۶ھ مین ہوئی اور ۷۴۱ھ مین بعہد سلطان محمد تغلق آپ سندیلہ تشریف لائے۔ ۱۵ برس قیام فرما کر ۷۵۶ھ مین بعمر ۹۰ سال آپ نے رحلت فرمائی (عارف ہوشمند) آپکی وفات کا مادہ تاریخ ہے۔ آپ عالم اور اسم بامسمیٰ بزرگ تھے۔ آپ ہمعصر مخدوم علاء الدین قدس سرہ تھے۔ کتاب مذکورہ مین درج ہے کہ جس مقام پر مولانا صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا مزار ہے۔ وہین پر مکان تھا جس مین مولانا صاحب شغل عبادت مین مصروف رہتے تھے۔ اب اس وقت وہان پر چھوٹے چھوٹے ڈیہہ نظر آتے ہین۔ مزار آپ کا پختہ بلند چبوترے پر واقع ہے۔

ذکر قاضی بہاء الدین عرف پیر نورانی

یہ حضرت اپنے وقت کے ایک مشہور بزرگ تھے۔ لیکن یہ نہین معلوم

ہوتا ہے کہ قاضی کا لقب آپکو کیسے حاصل ہوا۔ آپ شیخ شہاب الدین سہروردی کی اولاد سے تھے۔ آپکی چھٹی پشت میں شیخ بڈھن گذرے ہیں۔ جن کے وقت میں شاہ بدیع الدین مدار (جن کا مزار مکن پور میں مرجع خلائق ہے) سندیلہ تشریف لائے اور شیخ صاحب کے مکان پر فروکش ہوئے۔ جن کے حالات حافظ امام بخش سندیلی اپنی کتاب میں اس طور پر تحریر فرماتے ہیں۔

شیخ بڈھن قدس سرہٗ کہ در عہد خود از مشاہیر کبار و مشائخ روزگار بود و سلسلہ پیری و مریدی خاندانی خود کہ بہ شیخ الشیوخ میرسد تا عہد او بعد ہم چندگاہ جاری ماند واضح باد کہ حضرت بدیع الدین قطب المدار قدس سرہٗ بوقت از اوقات در سندیلہ تشریف فرما شدہ بمکان شیخ بڈھن رونق افزا شدند و شیخ مذکور شرائط تعظیم و تکریم بجا آوردہ شاہ قطب المدار از راہ تفضلات خرقہ خلافت خود بہ شیخ بڈھن پوشانید چنانچہ بعضے تبرکات تا این وقت بخانہ شیخ عبداللہ ولد شیخ محمد ناصر از اولاد شیخ عبداللہ سقانی موجود است و این احوال را شیخ عبدالرحمن چشتی در رسالہ مراۃ المداری ثبت نمودہ آخر الامر چون قطب المدار از سندیلہ عازم بطرف دیگر شدند۔ شیخ بڈھن دو سہ کروہ برفاقت رفت۔

اس واقعہ کے بعد حافظ صاحب نے یہ بھی تحریر فرمایا ہے کہ حضرت قطب المدار کی کوشش سے موضع کلانوان واسطے مدد معاش شیخ بڈھن کے دربار بادشاہ دہلی سے معاف ہوا۔ کتاب سبع سنابل مصنفہ شاہ عبدالواحد بلگرامیؒ

ثابت ہوتا ہے کہ مدار صاحب سنہ ۹۰۰ھ مین تھے - اور یہی زمانہ شیخ بڈھن کا بھی شجرہ سے ثابت ہوتا ہے کہ شیخ بڈھن قاضی بہاءالدین کی چھٹی پشت مین تھے اس حساب سے ساڑھے پانسو برس کا زمانہ قاضی صاحب کو ہوتا ہے - آپکا مزار موضع حکیم پور متصل آبادی سندیلہ جانب شمال و مغرب واجد علی خان کے باغ مین جانب مشرق واقع ہے - موضع حکیم پور اور ملکانہ کے عوام الناس بجاے پیر نورانی کے آپکو پیر بنڈرانی کہتے ہین (بنڈرانی مزار مشہور ہے) شیخ بڈھن کی اولاد سندیلہ مین ابتک بکثرت موجود ہے - آپکی اولاد مین ایک شیخ سعداللہ تھے اُنکی اولاد سعدزئی مشہور ہے - دوسرے شیخ عبداللہ تھے - اُنھون نے خواب مین پیغمبر صاحب صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ کو حقانی کی لفظ سے مخاطب فرماتے ہین - اِس لیے عبداللہ حقانی مشہور ہو گئے - چنانچہ اب تک اُن کی اولاد حقانی مشہور ہے -

حافظ امام بخش مرحوم بھی کہ جنکا ذکر خیر سطور بالا مین ہو چکا ہے جو حافظ کریم احمد سندیلی کے جد امجد تھے اور شیخ بڈھن کی اولاد مین تھے - آپ نے جو کتاب متعلق حالات سندیلہ تحریر فرمائی - وہی ایک کتاب سندیلہ مین ہے - کہ جس سے چند خاندان ہاے اسلام کے حالات معلوم ہوتے ہین اور کوئی تواریخ سندیلہ کی نہین ہے -

چودھری مبارک حسین اسی خاندان سعدزئی سے تھے -

ذکر چودھری محمد سعدزئی

چودھری محمد مبارک بہت نامی شخص سندیلہ مین گذرے ہین۔ آبا و اجداد سے پیشہ زمینداری و چودھرائی انکے یہان چلا آتا ہے لیکن محمد مبارک چودھری نے بہت فروغ دیا۔ اُنکے فرزند چودھری محمد عرف کلو کا زمانہ ابتدائی اچھا رہا۔ لیکن آخر مین بہ عہد حضرت نصیرالدین حیدر بادشاہ سرکاری سوار اُن پر دستک آئے۔ یہ موضع ہیا مین بھاگ گئے۔ سوار وہان پہونچے۔ تکرار ہوئی۔ دو سوار مارے گئے۔ عتاب شاہی اور قہر الٰہی اُنپر نازل ہوا۔ تمام ضبطی اُن کی ہو گئی اور عمارت اُنکی جو بہت وسیع تھی وہ سب بہ حکم شاہی منہدم کر دی گئی۔ اُن عمارتو مین صرف مسجد باقی ہے جسکی تاریخ یہ ہے

زقربان علی بود بنیاد مسجد	براے عبادات اصحاب معنی
زسر کرد تعمیر آن بہر طاعت	مبارک کہ صدر جہان ہست نامی
پئے سال تعمیر آن چون ز ہاتف	نمودیم خواہش بصوری و معنی
بتاریخ آن گفت ہاتف کہ ہجری	ہزار و دو صد بست و یکسال دانی

اب کلو چودھری کی اولاد نے موضع سرہری بدست چودھری مقبول حسن و چودھری عبدالباسط فروخت کر ڈالا۔ گذارہ نقدی پاتے ہین۔

ایک دستاویز نوشتہ چودھری محمد دائم عرف کلو چودھری میرے دفتر مین

موجود ہے۔ جسکی نقل درج کتاب ہذا کرتا ہوں۔ اس دستاویز سے چودھریوں کی عملی کارروائی بخوبی ثابت ہوتی ہے کہ یہ لوگ کبھی ضمانت کرتے تھے اور کبھی کسی پرگنہ کا ٹھیکہ بھی لے لیتے تھے

باقرار محمد دائم چودھری مہر نمود در

خادم شرع

الشریف المتین

فیض

محمد ناصر الدین محمد زکریا بن شرف الدین

محمد سعید الدین ابن قاضی

گواہ شد منشی ... چودھری

گواہ شد ... چودھری

گواہ شد غلام محمد ... چودھری

گواہ شد جان محمد ... چودھری

منکہ محمد دائم چودھری پرگنہ سسند یلہ ام

چون متنقر ضلع و اس معمولہ پرگنہ مذکور را از ابتدائے ١٢٢٥ھ لغایت ١٢٢٦ف واجب دو سالہ از سرکار راجہ گوردھن لال صاحب تعہد کردہ بودم در سال اول ١٢٢٥ف زر سرکار تادام بیباق ساختہ مبلغ ہشت ہزار روپیہ بعوض بالضامنی ١٢٢٦ف بطریق پیشگی داخل سرکار نمودیم در ضمن بسبب مقدمات داد و ستد فوطہ داری ضلع مذکور از گنگا پرشاد تیواری مہاجن قضایا درمیان آمدہ متنقر بند و بست ضلع مذکور از دست خود ندیدہ در ماہ اگہن ١٢٢٦ف تحصیلداران خود را از ضلع برداشتہ کنارہ شدہ خود در لشکر بمقام بیرگانون نزد راجہ نارائن دھن صاحب حاضر شدیم راجہ صاحب

موصوف براے بدستور داشتن عمل و دخل در ضلع مذکور لغایۃ ۱۲۲۶ ف بموجب
نوشت خواند تاکید کردہ برمنقر سزاول فرمودند درین ضمن کارندہ ہاے منقر کہ در لکھنو
بودند عرضی استغاثہ مستردیافتن زر بیشگی و دعوی باقیات خود کہ در ۱۲۲۵ ف از
دست منقر وصول نہ شدہ بود از مہر منقر بہ حضور اقدس واعلی گذرانیدہ معہ چوبدار
ما را طلب حضور کردند چون ضلع مسطور از عملہ تحصیل خالی بود راجہ صاحب موصوف
عملہ تحصیل در ضلع مذکور مقرر کردہ مشخص نمودند بعد بند و بست پانزدہ در ضلع مذکور
از نوشت خواند منقر کمی افتاد عیوض آن بموجب اقرارنامہ منقر زر بیشگی مذکور در
سرکار ماندہ و در مابقی آن ہرچہ نانکار ما را مسدود نمودند لغایۃ ماہ صفر ۱۲۲۶ ف
منقر در لکھنو قیام داشتہ بموجب مشورت چند متعہدان خود انواع گفتگوہا داشتم و تاریخ
صدر سنہ الیہ بذات خود چون نیک تامل کردیم بہ واقع ذہن نشین و متحقق خاطر شد
کہ اینہا خاص دشمن دوست نماے منقر ہستند و از آنچہ مصلحت با امید ہنددہ بن
بناحق کوشی سراسر نقصان خود است لہذا از جملہ ناحق کرداری کہ مشورت باہم بودہ
است یک قلم دست برداشتہ و معاملہ او راستی بدل خود قرارداده برڈیوڑھی
سرکار آمد بخدمت راجہ پرم دھن صاحب حاضر شدیم و عرض حال جملہ بتقصیری
خود کردیم و مستدعی دستگیری شدیم راجہ صاحب موصوف از راہ خاوندی دستگیری
منقر نمودہ ہمراہ خود داشتند امروز تاریخ بستم صفر ۱۲۲۳ھ منقر استدعاے چیزے
زر از جملہ بہ بیشگی خود کردیم راجہ صاحب موصوف بجواب آن ارشاد کردند کہ خود را

حساب ایشان پاک کرده دادن به خاطر است و رضامندی شما مقدم از کرده
باقبال هر کرار رضای خود قرار دهند سرکار از ان انحراف نیست بلکه لوازمه
واسطه قدیمه تا بجا منظور که اگر ایشان خود حق و باطل را آریم جدا کرده هرچه
نوشته دهند ازان درگذر نه خواهد شد چنانچه منمقر برضا و رغبت خود راغنی برهمین
معامله شده فرد حساب گذرانیم بدین شرح که مبلغ هشت هزار روپیه پیشگی و یکهزار
دوصد و نود و دو روپیه بابته فرد تقاوی ۱۲۲۴ ف ویک هزار ششصد نود و
یک روپیه بابته نانکار سه ساله که از روی حساب می شوند از سرکار بنام سوای
آن مارا حالا بوجهی من الوجوه از باقیات و دیه رقومات که سابقا متعهدان منمقر
دعوی کرده بودند دعوی نمانده است پس از تعریفات بسیار آن همه معامله مجوزه
منمقر را قبول کرد مبلغ هشت هزار روپیه بابت پیشگی ویک هزار و ششصد و
نود و یک روپیه بابته نانکار سه ساله ویک هزار دو صد و نود و دو روپیه بابته سرِ
تقاوی ۱۲۲۴ ف که همگی مبلغ ده هزار نهصد هشتاد و سه روپیه شد منمقر داد ندادی
و درمی ازان منمقر ذمه راجه صاحب باقی نمانده بنابران این چند کلمه بطریق رسید
مبلغهای مذکور و لادعوی باقیات وغیره جمله دعوی نوشته دادیم که ثانی الحال
سند باشد و وقت حاجت بکار آید

بابته زر پیشگی ۱۲۲۶ ف در سرکار جمع بودند تمامشد مهر	بابته نانکار وجه ۱۲۲۶ ف لغایته آخر ۱۲۲۹ ف واجب سه ساله السالم [illegible]

بابتہ بیرد تقاوی ۱۲۲۴ف کہ وقت بہ عہد

در و تقاضاے سرکار مجرا گرفتہ بودند

المرقوم

تحریر تاریخ بست و یکم شہر صفر ۱۲۳۶ھ

محمد دائم چودھری مذکور آمدہ حسب ترقیم صدر اقرار کردند

گواہ شد

سید من اللہ مخدوم زادہ

من اللہ
سید
۱۱۸۸ھ

اب اس خاندان مین چودھری مقبول حسن اور چودھری عبدالباسط خلف چودھری عبدالباقی ہین۔ اگرچہ چودھری صاحب موصوف رئیس قدیم اونام کے ہین۔لیکن اُنکے والد ماجد چودھری عبدالباقی کا ننہال اسی خاندان چودھری محمد مبارک مین تھا۔ چودھری انعام اللہ اُنکے نانا تھے۔ اُنکے کوئی لڑکا نہ تھا۔ اِس لیے ننہالی حصہ اُنکو ملا اور علاوہ اسکے بذریعہ بیع و رہن جائداد موروثی ننہالی بڑھائی۔ چودھری مقبول حسن نے وکالت مین بھی فروغ حاصل کیا تھا میرے مقدمات سب انہین کے متعلق رہتے تھے نہایت غمخواری سے مقدمات

کرتے تھے۔ لیکن افسوس کہ امسال ۱۹۱۰ء مین اُنھون نے انتقال کیا اب چودھری عبدالباسط ریاست خاندانی پر قابض ہین۔

مین نے تاریخ وفات لکھی جسکی نقل داخل کتاب ہذا کیجاتی ہے۔

تاریخ وفات چودھری مقبول حسن صاحب وکیل و رئیس سندیلہ ضلع ہردوئی ۸ اکتوبر ۱۹۱۰ء

چو مقبول حسن حیف از جہان رفت
فغانِ ماتمش تا آسمان رفت

ز بیدادِ [illegible] باغ زندگانی
بصد حسرت ازین کون و مکان رفت

ز داغ مرگ او چون خون بگریم
عزیزِ غمگسار و مہربان رفت

چہ گویم حال خویشان و عزیزان
ز ہر یک طاقت و تاب و توان رفت

فتادہ بر یکے [illegible] است
تو گوئی از تنِ ہر کس روان رفت

ہزاران حسرت و افسوس و اندوہ
فروغِ شمع بزم خاندان رفت

نہالِ گلشن فرخندہ خوئے
دریغا حسرتا زین بوستان رفت

شگفتہ غمگسارے دل نوازے
چو بوے گل ز پیش دوستان رفت

عزیزے دور از مصرے نظر شد
دریغا یوسفے از کاروان رفت

چو فکر سال او آمد مرا پیش
ستم بر خاطر این خستہ جان رفت

فلک در گوش گفتم از روے الم گفت
کہ محبوبے ز بستان جہان رفت

۲۸ ۱۳ ھ

که حکم حق براتش ہمچنان رفت		مخور غم مہر از بہر وفاتش
	خدا صبرے دہد پس ماندگان را بماند گلشن از سرو روان رفت	
	ذکر خاندان امن زئیؒ	

سندیلہ مین یہ خاندان امن زئی کے نام سے مشہور رہے - یہ لوگ شیخ امن زئی کی اولاد مین ہین - اسی سے امن زئی مشہور ہوے - چودھری محمد رضا عرف بھگو چودھری وغیرہ اسی خاندان سے تھے - اِس خاندان مین صدہا سال سے چودھری اور زمینداری چلی آئی ہے - صدہا خانہ ہاے رعایاے و چند دیہات اِس خاندان کے ورثہ کے قبضہ مین ابتک موجود ہین - اِس خاندان کی جائداد سے ورثہ ناہنالی ہین نصف جائداد چودھری مقبول حسن وغیرہ کے قبضہ مین ہے اور نصف مختلف مقامات پر کچھ بذریعہ ہبہ وغیرہ کے منتقل ہو گئی ہے - اس خاندان کی بابت حافظ امام بخش صاحب نے جو کچھ اپنی کتاب مین لکھا ہے نقل اُسکی درج ذیل ہے -

شیخ امن زئی شیخ ادھن مردے بزرگ و کریم بود خدمت قضیائی گو پاموَ باؤ تعلق داشت بخطاب مفتخر الاکابر والاصاغر اشتہار داشت بدختر خواجہ مہین کہ ریاست چودھرائی وقانونگوئی پرگنہ سندیلہ داشت کتخدا

شدہ بود اولاد دار دہر یک اولاد او بر یاست چودھرائی پرگنہ قابض و متصرف اند۔ شیخ امن زئی بوراثت نانہالی در قصبۂ سندیلہ توطن گزیدند و اورا شش پسر تولد شدند یکے شیخ طاہا کہ مردے صاحب اقتدار بود او را عامل وقت ریختے درمیان آمد او را در برج قلعہ سندیلہ کہ جانب غرب و جنوب است زیر خشت ہا گرفتند جان بحق تسلیم نمودند ہنوز ہما بخا زیارتگاہ خلائق است۔

اس مقام پر برج بنا ہوا ہے جو کہ پیر شہید کے نام سے مشہور ہے اور اب وہ مقام بقبضۂ خانصاحب منشی مقبول احمد ہے۔

ذکر خاندان قاضی زادگان

سندیلہ مین خاندان قاضی زادگان معزز خاندان ہے۔ اوّل اس خاندان کی بود و باش محلہ ملکانہ مین تھی جسکا نام قاضی سرا تھا۔ اب وہ مقام غیر آباد ہے اور کھیت ہو گئے ہین۔ سندیلہ کی آبادی سے یہ مقام کچھ فاصلہ پر واقع ہے اور بہ قبضۂ خاص اولاد قاضی وجیہ الدین ہے۔ اِس خاندان کے مورث شیخ علی لاہوری حضرت فرید گنج شکر کی اولاد مین تھے وہ سندیلہ تشریف لائے۔ لیکن یہ امر پایہ تحقیق کو نہین پہونچا کہ شیخ علی لاہوری سندیلہ مین کب تشریف لائے۔ غالباً صدہا سال ضرور ہوئے ہون گے

اس واسطے کہ اِس خاندان مین اب جو کاغذات مثل فرامین معافی دیہات و فرامین
تقرر عہدۂ قضا وغیرہ موجود ہین - اکثر عہد شاہجہان اور عالمگیر کے ہین (جنکو مین نے
خود دیکھا ہے) بعض فرامین مین حوالہ اس بات کا بھی ہے کہ یہ معافی جو قدیم
سے چلی آتی ہے اب پھر معاف کیجاتی ہے - معلوم ہوتا ہے کہ کسی زمانہ مین یہ
معافیان ضبط بھی ہوگئی تھین - اور شاہجہان کے زمانہ سے پہلے ان معافیون
کا وجود تھا - عالمگیر کے عہد سلطنت مین اِس خاندان نے بہت کچھ عروج
عہدۂ قضا مین حاصل کیا اور اس وقت سے نسلاً بعد نسلاً عہدۂ قضا آخر عہد
سلطنت اودھ تک اِس خاندان مین قائم رہا - جسکے آخر وقت مین قاضی
وجیہہ الدین تھے اگرچہ قاضی زادگان کا خاندان وسیع تھا لیکن عہدۂ قضا اِسی
شاخ قاضی وجیہہ الدین مین عرصہ سے چلا آتا ہے - بعد انتزاع سلطنت اودھ
عہد انگریزی مین قاضی وجیہہ الدین بجاے عہدۂ قضا کے رجسٹراری سندیلہ
پر منجانب گورنمنٹ مقرر ہوگئے مگر بعد چند سال کے خود مستعفی ہوے قاضی
وجیہہ الدین کی اولاد دختری تھی اُسکی شادی قاضی عابد علی سے ہوئی جو آپ کے
ہمشیرزادہ تھے - ایک لڑکا آپکی دختر سے ہوا وہ جوان تعلیم یافتہ ہوکر فوت ہوگیا
اب دوسرے نکاح سے اولاد ہے وہی قاضی کی جائداد پر قابض و متصرف
ہے - موضع مسونہ ملکیت مین سے اور ریزہ ملکیت بھی ہے اور حق نکاحانہ
قصبہ وغیرہ دیہات سندیلہ سے اُنکو ملتا ہے - چودھری سرفراز علی خلف منشی نیاز علی کے

پاس اِس وقت تک کاغذات قدیمہ یعنی فرامین شاہی موجود ہین جنکو مین نے خود دیکھا ہے۔ جس سے ثابت ہوتا ہے کہ اِس خاندان کا اعزاز شاہان دہلی سے چلا آتا ہے۔ چودھری سرفراز علی اولاد دختری خاندان قاضی زادگان سے ہین۔ قاضی حبیب اللہ عالمگیر بادشاہ کے عہد سلطنت مین تھے۔ سندیلہ کے کنارے پچھم طرف آبادی کے قریب درگاہ میران معزالدین کے ایک محلہ آباد کیا جسکا نام حبیب نگر ہوا۔ کاغذات شاہی مین بھی یہی نام لکھا ہے۔ لیکن اب قاضی سرائے کے نام سے مشہور ہے۔

ذکر محمد علی خان بلوچ

عرصہ سو برس کا ہوا کہ جب محمد علی خان بلوچ کے پدر بزرگوار اصالت خان سندیلہ مین آکر متوطن ہوے۔ محمد علی خان بلوچ پہلے رسالدار تھے۔ بعدہ راجہ درشن سنگھ سلطنت جنگ کی نظامت مین اُنکی طرف سے چکلہ دار بہرائچ و نیز خیرآباد کے رہے۔ اُنھون نے اپنی ذات سے اپنے خاندان کو فروغ دیا سندیلہ مین املاک عمدہ بنوائی اور ایک تقریب بھی بہت عمدہ کی جواب تک مشہور ہے۔

آپکے بیٹے علی امجد خان ہوے یہ بھی چکلہ دار بہرائچ کے رہے غدر مین شریک باغیان ہوکر لڑے آخر عالم باغ مین مارے گئے اور نعش اُنکی سندیلہ مین

آئی - پھر اُنکے داماد نامدار خان غدر مین چند روزہ چکلہ دار سندیلہ کے ہوے وہ بھی مر گئے - سوائے ایک بیوہ علی امجد خان کے اب اِس خاندان مین کوئی نہین ہے ریزہ ملکیت اور بہت بڑی املاک موجود ہے -

انکے فروغ کے زمانے مین اکثر اعزا انکے آکر سندیلہ مین آباد ہوئے ازانجملہ حسن علیخان و فضل علیخان تھے حسن علیخان محمد علیخان کے بھانجے تھے اُنھون نے ایک گانون اور ریزہ ملکیت سندیلہ مین پیدا کی اور باغ قلمی بہت بڑا لگایا انکے صاحبزادے واجد علی خان اب موجود ہین - جنھون نے اپنی خوش انتظامی سے اپنی حالت نہایت ہی درست کی ہے - زمینداری اپنی بڑھا رہے ہین اور کاشتکاری مین نہایت ہی توجہ ہے - چہارم موضع جامون بھی حاصل کیا ہے بقیہ جائداد اور املاک محمد علی خان صاحب کے بعد بیوگان خانصاحب مالک ہین

ذکر خاندان ملک زادگان سندیلہ

یہ قدیم خاندان باشندگان سندیلہ سے ہے لیکن ان لوگون کے پاس کوئی ثبوت قدامت نہین پایا جاتا ہے - اکثر کاغذات قدیمہ مین اس خاندان کا ذکر دیکھا گیا ہے اِس لیے اسکی قدامت ثابت ہے - محلہ ملکانہ مین چونکہ اس خاندان کے لوگ زیادہ آباد تھے اور زمینداری بھی اِس محلہ مین انکی زیادہ تھی اِس لیے اِس محلہ کا نام ملکانہ ہو گیا - چودھری موسی رضا زمیندار

و نمبرداری ملکانہ بھی خاندان ملک زادگان سے ہین - لیکن اب - یہ خاندان چودھری کے لقب سے ملقب ہے - چودھری موسی رضا اب اِس خاندان مین سربرآوردہ شخص ہین - میونسپل کمشنر بھی ہین - زمینداری اس خاندان مین ابتک موجود ہے اور وہ ضلع اونام مین واقع ہے اور سندیلہ خاص مین ریزہ ملکیت اور نمبرداری ہے - ایک باغ نہایت عمدہ قلمی چودھری موسی رضا نے طیار کیا ہے -

ذکر خاندان خطیبان

اس خاندان مین عہدہ خطیب عرصہ سے چلا آتا ہے اگرچہ کوئی ثبوت اِس خاندان کے لوگون کے پاس نہین ہے لیکن ایک کاغذ ۹۶۵ھ حکیم ظہور الحسن کے پاس موجود ہے جس مین بہت سی گواہیان حسب ذیل اُن لوگون کی موجود ہین جو اِس خاندان خطیبان مین تھے -

بایزید خطیب - اسحاق خطیب - قاضی طاہر خطیب

یہ زمانہ اکبر بادشاہ کا تھا یہ لوگ اُس وقت موجود تھے - چونکہ سندیلہ مین سوا ایک خاندان خطیبان کے دوسرا خاندان نہ تھا - لہذا معلوم ہوتا ہے کہ اب جو لوگ اِس خاندان مین موجود ہین انہین کے بزرگ ہون گے - ان لوگون کا بیان ہے کہ ہم قاضی قطب کی اولاد سے ہین - قاضی قطب کا

مزار اشراف محلہ منگل بازار مین واقع ہے - اب میر اکرام علی اس خاندان مین موجود ہین جو اس وقت ہماری ریاست مین ملازم ہین -

ذکر شاہ اندراین صاحب

یہ ایک فقیر مجذوب تھے جنکا مزار قریب سیتلا دیبی کے پورب و اُتر جانب واقع ہے یہ بڑے سیف زبان تھے بہت لوگون کو آپکی ذات سے فیض پہونچا - تولا ساہ کلوار ایک غریب آدمی تھا وہ شاہ صاحب کی خدمت صدق دل سے کرتا تھا - ایک روز شاہ صاحب نے کہا کہ آج ہمارا جی چاہتا ہے کہ مجرا سنین - اُس روز صرف ۸ نقد اُسکے پاس تھے - اُسنے ارادہ کیا کہ ۸ راسمین سے صرف کرکے ایک طوائف کا مجرا شاہ صاحب کو سنوادون - یہ ارادہ جبکہ اپنی عورت کے سامنے اظہار کیا اُسنے بہت واویلا مچایا لیکن یہ اپنے ارادے سے باز نہ آیا اور ایک طوائف کو قریب شام کے لاکر بٹھلا دیا وہ گانے لگی - شاہ صاحب بہت خوش ہوے - تولا ساہ سے کہا کہ اسکو کچھ دو اُسنے ۸ نکال کر دینا چاہے شاہ صاحب نے کہا یہ نہ دو چٹائی کے نیچے سے روپیہ نکال کر دو - یہ کہکر چٹائی اُٹھادی اُس سے ایک مٹھی بھر روپیہ طوائف کو دلوائے - دوسرے مرتبہ پھر خوش ہوے اور مٹھی بھر روپیہ چٹائی کے نیچے سے اُسکو دلوا دیے

جب جلسہ برخاست ہوا تب بقیہ روپیہ اُٹھاکر تولا ساہ کو دیدیا اور کہا کہ اِس سے روزگار کرو۔ خدا تمہارے روزگار مین برکت دیگا۔ مگر لاکھ روپیہ سے زیادہ کام نہ بڑھانا اور مکان خام ہی رکھنا۔ چنانچہ اُسی روز سے تولا ساہ نے ترقی شروع کی علاوہ نقدی اور تجارتی کاروبار کے دیہات بھی اُسنے حاصل کیے۔ ایک صورت حال اُسی وقت کا میرے پیش نظر ہے اُس سے معلوم ہوتا ہے کہ موضع کودوری انکی زمینداری مین تھا۔ اور بھی گانون ہونگے جب اُسکی اولاد مین تنازع ہوا تو اُس وقت کے حاکم فتح معمور خان نے اسکا فیصلہ مولوی حمد اللہ و مولوی قائم علی و قاضی و مفتی محمد اکرم کے سپرد کیا اور اُنھون نے فیصلہ کیا۔ یہ واقعہ ۱۱۵۰ھ کا ہے۔

یہ بھی ذکر ہے کہ ایک مرتبہ بادشاہ دہلی اودھ مین آئے۔ جب قریب لکھنؤ کے پہونچے پوچھا کہ یہان کوئی مہاجن ہے۔ لوگون نے تولا ساہ کا نام لیا۔ فوراً طلبی ہوئی۔ بادشاہ نے کہا کہ ایک لاکھ روپیہ داخل کرو دہلی سے تمکو بھیجدیا جائیگا۔ تولا ساہ نے منظور کیا اور کہا کہ باربرداری سندیلہ روانہ کیجائے۔ روپیہ اُس پر لادکر داخل کرون۔ بادشاہ خوش ہوے اور تولا ساہ کو خلعت سے سرفراز کیا اور کہا کہ اب ہمکو ضرورت روپیہ کی نہین ہے۔

میرے خیال مین غالباً یہ وہ زمانہ ہوگا جب شاہ عالم ۱۱۷۱ع مین نواب شجاع الدولہ کے وقت مین براہ سہارنپور ملک اودھ مین تشریف

لائے اور بہ مقام موہان نواب شجاع الدولہ نے استقبال کیا۔

لوگ کہتے ہین کہ چونکہ لاکھ روپیہ سے زیادہ انکی اولاد نے بیوہار شروع کیا جو خلاف ہدایت شاہ اندرائن صاحب تھا لہذا اس خاندان پر زوال آگیا۔ ایک کٹرہ بھی تولاساہ نے قریب مزار شاہ اندرائن آباد کیا تھا جو اب بہ قبضہ محمد عزبی بیرسٹر ہے۔ کچھ نشان آبادی کا نہین رہا۔ صرف ایک کنوان اُسوقت کا باقی ہے۔ نہ اُسکی اولاد کا نام و نشان ہے۔ اس کاغذ صورت حال مین بھاگوت راجہ پسران تولاساہ لکھے ہین۔ لیکن ٹیکارام اُن کا عزیز بیان کرتا ہے کہ اُنکے کوئی اولاد نہ تھی۔ لڑکی بیشک تھی۔ درین صورت ممکن ہے کہ انہین دونون نواسون کو اُسنے اپنا لڑکا قرار دیا ہو۔

ہمارے خاندان کو بھی شاہ اندرائن صاحب سے بہت فیض پہونچا رائے جے سکھ رام صاحب کو آپکے ساتھ بہت اعتقاد تھا۔ آپکی خدمت مین جاتے تھے۔ ایک دن دعا دی کہ عنقریب تم وزیر سلطنت ہوا چاہتے ہو۔ اُسی ہفتہ مین نواب آصف الدولہ بہادر نے آپکو طلب فرمایا اور خدمت واصلباقی کل ممالک محروسہ سے سرفراز کیا۔ دربعد ازان بعہدہ دیوانی ممتاز ہوکر آپ مرجع انام و ذریعہ حل و عقد خواص و عوام ہوئے۔

حقیقتہً سچ ہے بزرگون نے اسکے مزار کی تعظیم کی ہے اور مزار کی مرمت ہمیشہ اسی ریاست سے ہوئی۔ مین بھی اکثر اوقات زیارت کو

جاتا ہون - جیسا کہ ایک مرتبہ بہ حالت سخت تردد کے مین نے یہ ایک نظم تصنیف کر کے آپکے مزار پر پڑھی خدا کے فضل وکرم سے مین اپنی مراد پر کامیاب ہوا۔

نظم

اے عربی خاندان من
شاہ اندرائن است نام پاک
گرچہ شد مدت از وصال تو
جبذا نور مرقد والا
مہر محصور لشکر الم است
خاطر از درد و فکر غمناک است
نظر لطف سوئے این خستہ

وے زمین تو آسمان من
شہرہ ات از زمین ست تا افلاک
لیکن لنون ہمان جلال تو
بخششِ فیضت از ہمہ بالا
چشم در راہ رحمت و کرم است
دامن صبر سر بسر چاک است
وا کن از لطف عقدہ بستہ

دور کن دور انتشار من
مہر فرما بحال زار من

ذکر خاندان چودھری کریم الدین منڈی

یہ محلہ منڈی کے زمیندار تھے - کتاب قسمت جمع عہد شاہی صفحہ ۱۱۲

پایا جاتا ہے کہ مواضعات بٹھواپنک دیہات ڈھکولی طرف منڈہی جمعی جاورسہ دام جسکے نقدی سالانہ ہوتے ہین سرکار شاہی سے انکے قبضہ مین تھے - انکے بیٹے خیرالدین اور خیرالدین کے بیٹے چودھری علی شیر مراد شیر ہوے - چودھری علی شیر کی اولاد مین میر عباس وغیرہ موجود ہین - چودھری مراد شیر کی دو لڑکیان تھین - ایک لڑکی چودھری محمد شیر خلف چودھری علی شیر کو بیاہی گئی اور دوسری لڑکی چودھری میر خورم علی ساکن ملیح آباد سے منسوب ہوئی -

میر خورم علی ملیح آباد کے چودھری تھے - انکے خاندان کے سردار خان گذرے ہین جنکو خانی کا خطاب تھا اور پھر چودھری حیات علی آپ کے جد امجد نے حیات گنج آباد کیا - جواب ریاست بہراون مین شامل ہے سو روپیہ نانکار کے ملتے تھے - چودھری خورم علی کے دو لڑکے ہوے ایک چودھری علی حسین دوسرے چودھری محمد امیر - مگر یہ اپنے ننہال سندیلہ مین رہے - یہین پرورش پائی اور اپنی جائداد ننہالی سندیلہ پر قابض رہے - اور میر خورم علی بذات خاص ملیح آباد مین تاحیات رہے سات سو روپیہ اُنکے خاندان مین نانکار شاہی سے تھے اور باغات بہت تھے نانکار ضبط ہو گئی - آمدنی باغات وزیرہ ملکیت سے بسر کرتے تھے -

چودھری علی حسن انکے بڑے لڑکے بھوپال مین ملازم رہے - انکے تین

بیٹے ہین - سید محمد حسن - سید احمد حسن - سید لطف حسن -

سید محمد حسن ڈیوڑھی خاص رئیسہ بھوپال کے سررشتہ دار رہے اب خانہ نشین ہین -

سید احمد حسن ریاست کھیری گڈھہ اور ریاست ملانپور مین مدت تک سربراہ کار رہے اب کورٹ ریاست کیٹیسر مین بمشاہرہ ماعـــہ سربراہ کار ہین - اور سید لطف حسن ضلع بستی مین ڈپٹی کلکٹر ہین - چودھری محمد امیر سرکار والدنا مدار مین معزز عہدون پر ملازم رہے اور خدمت تعلیم راقم اُنکے متعلق ہوئی تا حیات بہت نیکنامی کے ساتھ بسر کی - یہ بہت نیک مزاج اور ہر ایک شخص کے رنج و غم مین شریک ہوتے تھے - اُنھون نے اپنے خاندان کو بہت فروغ دیا - ۱۸۹۶ء مین بعارضہ ہیضہ ودیعت حیات کی اور اپنے قبرستان مین دفن ہوے -

اُنکی تاریخ وفات مین نے لکھی جو کہ درج ذیل ہے -

تاریخ وفات چودھری محمد امیر صاحب رئیس سندیلہ

بہ فیض سید محمد امیر	ازین دار فانی چو رحلت گزید
ز فرط غم و رنج و درد و تعب	دل پیر و برنا چو بسمل طپید
کہے نالہ بردہ بسوے فلک	دگر جامۂ خویش بر تن درید

یکی اشک ریزان بحال تباه ‌‌ یکی را زغم پشت طاقت خمید
من از صورت حالت خوشتن ‌‌ چه گویم رسیدا بچه بر من رسید
برفت از کفم نقد هوش و حواس ‌‌ بروز نشاط ظلم شب آمد پدید
مرا بود استاد آموزگار ‌‌ مرا بود در وقت مشکل کلید
فتوت سرشت و مروت شعار ‌‌ باخلاق یکتا به نیکی فرید
بدین نیکوی چشم و گوش جهان ‌‌ نه مثلش بدیده نه مثلش شنید
سبلی در جهان مادر روزگار ‌‌ نزاید دگر همچو پور رشید
دبیر فلک گر بگیرد قلم ‌‌ نیارد نوشتن صفات حمید
بسا حیف کان نامدار جهان ‌‌ ز بزم جهان رخت بیرون کشید
بسا حیف کز گلشن روزگار ‌‌ چنین عندلیب خوش الحان پرید
به تاریخ او مهر چون کرد غور ‌‌ به فکرش دمی سر به زانو کشید

بگوشش چنین مژده رضوان بگفت
به ایوان بستان جنت رسید

خاندان مولانا حمد اللہ

مولانا حمد اللہ ایک ایسے عالم اجل اس قصبہ مین گذرے ہین کہ سند علم
در باب علم و کمال علوم عربیہ جو انکی ذات پر ناز کرسکتا ہے وہ دعوی کسی

قصبہ و شہر کو اُنکے مقابلہ مین نہین ہو سکتا ہے۔

مولوی حمد اللہ ہی ایک ایسے شخص گذرے ہین کہ جنکا سکہ اہل عرب نے بھی مان لیا تھا اور اُنکی مصنفہ کتاب شرح سلم موسومہ حمد اللہ اسوقت تک وہان کے درس و تدریس مین جاری ہے۔ اُنکے خاندان مین بہت سے لوگ اسوقت حی القائم ہین مگر کوئی شخص اُنکی سوانح عمری سے واقف نہین ہے اسکے بعد بھی فی الواقع بعض اُنکی اولاد قابل ذکر اور باعث فخر خاندان گزرے ہے۔ مگر اُنکے پورے حالات سے بھی خاندان لاعلم ہے۔ اب ہمنے بڑی فکر و تجسس کے ساتھ دوسرے مقامات سے جستہ جستہ حالات لے کر اسقدر معلوم کیا ہے کہ مولانا صاحب بھی پیر تاج الدین کی اولاد سے ہین جنکا پورا ذکر خاندان چودھری عطاء اللہ مین کیا گیا ہے۔ تب بھی تحقیق نہین ہوا ہے کہ کس شاخ سے اُن کا سلسلہ نکلا ہے۔ اور سوا تین پشت کے اوپر کے نام بھی کسی کو نہین معلوم ہین۔ خلاصہ یہ کہ آپ حکیم محمد دانیال کے پوتے حکیم شکر اللہ کے بیٹے ہین۔ مولانا نظام الدین سہالوی سے آپنے تمام علوم درسیہ و عقلیہ و نقلیہ مین فراغ حاصل کیا۔ بیشمار شاگرد آپکے تھے اُنمین ایک نامی گرامی عالم مولانا باب اللہ جونپوری کا ذکر اُنکے پایہ فضیلت کو اور بھی اونچا کرکے دکھلاتا ہے آپ عہد دولت نواب ابو المنصور خان صفدر جنگ مین تھے۔ بعض کاغذات کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے

کہ ۱۱۵۰ھ میں آپ موجود تھے اور اُنکے شاہی مرحمتوں کے تذکرے میں
کہا جاتا ہے کہ نواب صاحب نے اُنکے بڑے بیٹے مولانا عسکر علی صاحب
کے نام سے ایک مدرسہ علوم عربیہ مدرسہ منصوریہ کے نام سے جاری کروایا
اور واسطے خرچ مدرسہ کے دیہات معافی میں دیے تھے۔ کتاب حقیقت
جمع عہد شاہی صفحہ ۳۵ و ۵۸ و ۹۹۹ سے معلوم ہوتا ہے کہ تین مواضعات
اُنکے والد حکیم شکر اللہ کے اور خود آپکے نام معافی تھے۔

	نام موضع	جمع بحساب دام	بحساب روپیہ بحساب فی روپیہ ۴۰ دام
بنام حکیم شکر اللہ	خود پور دیہات گگرالی	[illegible] دام	
مولوی حمد اللہ المخاطب	دیونا تھ پور		
مولوی فضل اللہ	دیونا تھ پور	[illegible] دام	

مدرسہ کی ٹوٹی ہوئی چہار دیواری ابھی تک اپنے اصلی وقت کی قائم تھی
اب وارثان حال نے اُسکی اینٹوں کو کھدواکر فروخت کر ڈالا اور اُسکے
حاصلات اور باقی ماندہ اینٹوں سے چھوٹی چھوٹی دیواروں کا احاطہ از سر
نو قائم کر دیا ہے۔ گر دیہات معافیات باقی نہیں ہیں اور نہ اُنکے خاندانیوں
کو اُنکے نام معلوم ہیں۔ ہم تعداد کی بابت کچھ نہیں کہہ سکتے۔ مگر معافی کا وجود
ضرور قابل تسلیم ہے۔ کیونکہ ایک پروانہ حسین علی خان چکلہ دار موسومہ
منشی حکومت رائے سے اس امر کی تائید ہوتی ہے کہ اس خاندان میں

ضرور معافی کے دیہات تھے۔ یہ پروانہ ہمکو اپنے خاندانی دفتر شاہی مین ملا ہے۔ تواریخ عماد السعادت مین بھی ان کا ذکر آیا ہے۔ انکے سات صاحبزادے بتلاے جاتے ہین۔ منجملہ انکے ایک مولوی حیدر علی تھے۔ اُنھون نے اور اُنکے سب بھائیون نے مولوی باب اللہ جونپوری سے تکمیل علوم کی تھی۔ مولوی حیدر علی بعہد حکومت نواب آصف الدولہ گذرے اور رائے بجے سکھ رائے برادر جد راقم کے ہمعصر تھے۔ مولوی صاحب کی اکثر ضروریات ہماری ریاست سے رفع ہوتی تھین۔ اُنکے اور اُنکی اولاد کے اکثر تمسکات بلا مودی میرے یہان دفتر مین اب تک موجود پاے جاتے ہین۔ یہ بھی بڑے نامی اور ذی علم گذرے ہین۔ انکی وفات سے اُنکے خاندانیون کا زیادہ سے زیادہ تعلق بسر اوقات ہمارے خاندان سے ہوتا تھا۔ اکثر لوگ بہ صیغہ ملازمت رہتے تھے۔ اکثر زیر مراعات تھے۔ شادی بیاہون کا بھی انتظام انہین کی امداد سے ہوتا تھا۔ مگر ایک شخص مظفر علی اُنکے خاندان مین ایسا ہوا کہ اُسنے ان سب احسانات کو بھلا دیا اور سخت آزار اپنے اور اپنے خاندان کے محسنون کو پہونچایا۔ تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ ہمارے مکانات اور املاک موجودہ کے سامنے اس وقت تک ایک احاطہ رعایا موسوم بہ احاطہ راجہ موجود ہے۔ جسکو ہمارے بزرگان نے زمین خرید کرکے مکانات پختہ و خام بنواے اور رعایا آباد کی اُسکے آگے کی

آراضیات پر بارہ دری اور شیوالہ اور کوٹھی اور کھنڈ سارا اور متعدد پھاٹکون
کی تعمیر کی جو بڑی قیمتی عمارتین تھین - خاندان مظفر علی کی بھی اکثر ملکیتین خریدی
گئی تھین - منجملہ اُنکے اُسنے ہمارے جد راجہ گوردھن لال سے ایک مکان کی
خواہش کی - اُسکے نامقبول ہونے پر اُسنے ایک بے بنیاد دعویٰ اُس
آراضی کے ایک جزو پر بعدالت مجتہدالعصر کر دیا - جس پر خاص شیوالہ
تیار کیا گیا تھا - یہ زمانہ امجد علی شاہ کا تھا - جو تعصب مذہبی کے واسطے
مشہور تھا اور مجتہد وقت کے ہاتھون مین عنان سلطنت تھی جو اُنکے پیرو
مرشد تھے - یہ دعویٰ اُسکا ڈگری کر دیا گیا اور اُسکو حکم نامہ انہدام شیوالہ کا
دیدیا گیا - جسوقت یہ حکم اجرا ہوا مہاراج مرلیدھر کی چکلہ داری سندیلہ مین تھی
۱۲ پلٹنین فوج شاہی کی یہان پر اپنی جنگی قوتین دکھلا رہی تھین اُنکے افسر
راجہ صاحب کے پاس حاضر ہوے اور کہا کہ ہم لوگ مع تمام فوج کے
تیار رہین - رعایاے علاقہ اور زمینداران و تعلقداران ضلع اُس مقابلے کے
لیے مور و ملخ کی طرح اُٹھ کھڑے ہوے اور جوش مذہبی مین آ گئے - اُس
زمانہ مین بہت سے غلام زر خرید یہان پرورش پا رہے تھے - جو شہ زور
اور بے فکرے تھے یہ سب آمادہ جانفروشی ہو گئے - پُرانے لوگ بیان کرتے
ہین کہ اُسوقت ایسا معلوم ہوتا تھا کہ یہ طوفان سخت آثار محشر برپا کریگا
مگر راجہ صاحب کی بردباری اور انجام بینی اور حق شناسی نے اِس

نائرہ غضب کو ٹھنڈا کر دیا۔ اُنھون نے حقوق بادشاہ جو رعایا پر ہوتے
ہین سب کو سمجھا دیے اور کہا مظفر علی کی تنبیہ کو ایک آدمی ہی میرا کافی ہے
مگر یہ حکم پیرایۂ شاہی سے حکم مین آیا ہے اور ہمارا جان و مال حکم شاہی پر
نثار ہے۔ ہم اسکے خلاف کوئی کارروائی نہین کر سکتے۔ اِس فیصلہ نے یہ تاثیر
پیدا کی کہ مقابلہ سے ایک بڑی تعداد آدمیون کی ہٹ گئی۔ آخر کچھ جزو
شیوالہ کا کھد کر حکم شاہی کی تعمیل ختم ہوئی۔ خلاف اُسکے اُسکی روشنی مین
کل شیوالہ کھدوا ڈالا گیا بارہ دری کوٹھی مکانات کھنڈسار بھنڈسار سب
عمارتون پر قبضہ کر لیا گیا۔ لکھو کھا روپیہ کا اسباب لُٹ گیا۔ راجہ صاحب کو
یہ سب برداشت کرنا پڑا۔ مگر حکم شاہی کے سامنے اپنا سر تسلیم بدستور خم
رکھا۔ اُسی پُر آشوب زمانے مین جب دوست اور دشمن کی آزمائش کا
وقت تھا۔ ایک خط فقیر محمد خان صاحب بہادر رئیس اعظم ملیح آباد و
رسالدار و مصاحب وزیر اعظم نے چودھری حشمت علی صاحب کے نام
لکھا ہے۔ اُسکا مین اِس جگہ پر درج کرنا واسطے عبرت ناظرین اور تمیز نیک
و بد کے مناسب سمجھتا ہون۔

(نقل خط)

برخوردار من چودھری حشمت علی صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ۔

از تحریر راجہ گوردھن لال بدریافت رسید کہ میمان مظفر علی وغیرہ

ساکنان سندیلہ از راہ تعدی و زبردستی مکان مملوکہ راجہ موصوف انہدام میسازند و ممانعت احدے بہ خیال نمی آرند ہرچند اسناد طرفین موجود اند۔ لیکن از راہ چیرہ دستی عمل بر آن نمی سازند۔ چنانچہ شقہ نواب نامدار دام اقبالہ درباب فیصلہ از روے ثالثی نزد آن برخوردار رسیدہ باشد۔ لہذا بہ تاکید مزید قلمی میرود کہ مقدمۂ راجہ صاحب واحد است۔ نظر باتحاد ہمدگر متعدیان را از کندیدن مکان باز دارند و میگوئید کہ ہر جا کہ تصفیہ مقدمہ متنازع مذکور باشد حسب الحکم سرکار ہمدیگر فیصلہ کردہ گیرند ورنہ در حق متعدیان بہتر نہ خواہد شد۔ بتاکید تمام چشم نمائی کردہ دہند تاکید دانند فقط

نقل دستخط از قلم خانصاحب بہادر۔ حیف است کہ آن برخوردار را نظر بر اتحاد قدیم نہ باشد و چنین جبر بہ چشم خود ملاحظہ نماید و بہ نسبت دیگران حکام را چنین افعال روا داشتن نہ شاید چہ جا کہ براجہ موصوف چنین جبر رود وایشان گوارا کنند اول بہ نوعے فہمانیدہ دہند اگر بر گفتہ ایشان عمل نہ نمایند پنج نفر بھرمار بر مکان مذکور مقرر کردہ دہند اگر نا مبردگان درازدستی نمایند بر ایشان بزنند و فیصلہ خود از روے ثالثی کردہ گیرند ورنہ سزاے معقول دہند تا از بیہودگی دست کشند درین باب زنہار اہمال نرود فقط

مظفر علی بلا اولاد نرینہ مر گئے۔ ایک لڑکی اُس نے چھوڑی تھی جو نثار علی ساکن باون کے ساتھ بیاہی گئی جو اب بیوہ ہے ریاست بھی جو

اس جبر سے حاصل کی گئی تھی تباہ و برباد ہو گئی۔ ناظرین کو انصاف سلطنت اودھ کے سامنے انصاف سلطنت انگلشیہ کا مقابلہ کرنا چاہیے۔ مصرع (ببین تفاوت رہ از کجا ست تا بہ کجا) اور دل سے دعاے قیام اس سلطنت کی صبح و شام مانگنا چاہیے۔

ذکر خاندان حکیم حافظ علی

اس خاندان کے مورث اعلیٰ پیر محمد ابراہیم ہاشم خراسانی ہیں۔ جنکا القاب مفخر الاکابر والاماجد لکھا دیکھا گیا ہے۔ سنہ ۹ھ میں موضع جکدیش پور جمکرا کا بیع نامہ اُنکے نام پانچ سو روپیہ پر ہوا ہے اُس بیع نامہ کی نقل بہ مہر قاضی وجیہہ الدین سندیلہ اسوقت میرے پیش نظر ہے۔ ان کا زمانہ بہ عہد جلال الدین محمد اکبر بادشاہ ہند گذرا ہے۔ اُنکی اولاد میں حکیم غلام حسین و میر رعایت علی تھے۔ بہ عہد نواب آصف الدولہ بہادر حکیم غلام حسین پہلے سواروں کے زمرہ میں ملازم تھے۔

روایت ہے کہ کسی بیگم کی طبیعت علیل ہوئی جسکے معالجے سے حکماء وقت قاصر ہو گئے تھے۔ انکا ذکر افسر فوج کے ذریعہ سے دربار تک پہونچا۔ فوراً طلب ہوئے۔ خدا کو انکی ترقی منظور تھی لہذا انکی دوا سے بہت جلد صحت بیگم صاحبہ کو ہو گئی۔ اس صحت پانے پر اُنکی بہت قدر

ہوئی اور حکماء شاہی مین داخل ہوے - انکے بیٹے حکیم حافظ علی ہوے حکیم غلام حسین نے اپنے عہد مین سندیلہ مین ایک امام باڑہ ایک دیوان خانہ ایک محلسرا اور ایک مکان اور ایک مقبرہ بنایا - ان سب عمارات کو اپنے بیٹے حافظ علی کے نام سے مشہور کیا - چنانچہ اب تک یہ عمارت باوجود امتداد دوران حکیم حافظ علی کے نام سے مشہور ہے - حکیم حافظ علی کے کوئی اولاد نہین تھی - لہذا اُنکے چچا رعایت علی کی اولاد اس جائداد پر قابض ہو رعایت علی کے تین بیٹے ہوے - تیغ علی - وارث علی - تراب علی - تراب علی کے کوئی اولاد نہ تھی - تیغ علی کے بیٹے میر محمد حسن ہوے جنھون نے عہدہ تحصیلداری سے بعہدہ ڈپٹی کلکٹری ترقی کی - یہ بہت ممدوح شخص تھے - مخیر اور خلیق اور شاعر بھی تھے - صاحب دیوان تھے - شیفتہ تخلص تھا - سندیلہ مین ایک مسجد بھی اپنے دروازے پر بنوائی ہے - رعایت علی سے وارث علی تھے اور وارث علی سے حسین علی اور حسین علی کے بیٹے سید عابد علی وتصدق حسین تھے - جنھون نے جمرہ کو بہت بڑی رونق دی - اب اُسکے بیٹے میر عاشق علی ہین جو نہایت منتظم اور نیک چلن ہین - اب تک اپنی زمینداری پر قابض اور متصرف ہین - اور ابھی بہت لوگ حصہ دار ہین جنمین محمد عوض علی تحصیلدار پنشنر بھی ہین -

یہ موضع اپنی زمینداری کی حالت مین حکیم حافظ علی نے سلطنت اودھ سے

معاف کرا لیا تھا۔ چنانچہ اس وقت ہمارے دفتر ریاست مین ایک پروانہ حسین علی چکلہ دار سندیلہ کا بنام منشی حکومت رائے مورخہ ۲۱ ذی الحجہ سنہ ۱۱۸۱ھ موجود ہے۔ جسمین حکم معافیات کا اکثر لوگون کی بابت لکھا ہے اسی صفحہ مین یہ موضع جکرہ بھی بنام سید حافظ علی معافی مین درج ہے۔

ذکر خاندان منشی یوسف علی

منشی یوسف علی حقیقی چچازاد بھائی مولوی باسط علی کے ہین۔ شیخ غلام مرتضیٰ کے چار بیٹے بطن مسماۃ لامعہ دختر تاج الدین ثانی سے تھے غلام مجتبیٰ۔ مولوی شرافت علی۔ شفاعت علی۔ نصیر الدین۔

شرافت علی کے بیٹے منشی یوسف علی ہین۔ جن کی پیدائش ۱۲۱۰ھ اور وفات ۱۲۸۰ھ مین بعمر ۷۰ سال واقع ہوئی۔ آپ کانپور کی طرف عملداری انگریزی مین منصف رہے۔ آخر حیات مین خانہ نشین ہوے جس زمانہ مین میری دس سال کی عمر تھی۔ اکثر میرے مکتب مین آیا کرتے تھے۔ اور سبق سنتے تھے۔ بہت قابل شخص تھے۔ نثاری مین یگانۂ روزگار تھے۔ شاعری کا بھی مذاق تھا۔ سیکڑون شاگرد ہوے اور یہ فیض تھا کہ جس نے تھوڑے دنون کچھ لکھا عمدہ نثار ہو گیا۔ اکثر اُنکی تصانیف لوگون نے چرا کر اپنے نام سے مشہور کی جیسا کہ مین نے اپنے ذکر مین

یہ دو تین شعر غالب کے لکھے ہین جو مناسب حال ہین -

غالب درین زمانہ بہر کس کہ وا رسی	مضمون غیر و لفظ خودش بر زبان اوست
ارے نہ چک بود نمتک نہ ہر کہ نیست	نے دستخط و نہ مہر و نہ نام و نشان اوست
مضمون شعر نوٹ بود فی زماننا	یعنی بدست ہر کہ فتاد از آن اوست

آپکے بیٹے منشی کاظم علی تھے - بڑے نثار تھے - اُنکے بھی بہت شاگرد ہین ۱۲۳۹ھ مین یہ پیدا ہوے اور (۶۷) برس کی عمر مین ۱۳۰۵ھ مین وفات پائی - آپکے بیٹے منشی عالم علی ہین - محکمۂ دیوانی منصفی ریاست حیدرآباد مین سر رشتہ دار ہین - شعر و سخن مین پیروی طرز غالب کی کرتے ہین - شوخی تخلص انکا ہے

ذکر خاندان مولوی باسط علی

مولوی باسط علی کے آبا و اجداد کاکوری کے رہنے والے تھے - شیخ غلام مرتضیٰ کے آپ پوتے اور مولوی شفاعت علی کے آپ بیٹے تھے - غلام مرتضیٰ کے ساتھ مسماۃ لامعہ کا عقد ہوا جو تاج الدین ثانی کی دختر تھین اور یہ تاج الدین ثانی پیر تاج الدین فاریابی سے تیرھوین پشت مین تھے اسی وجہ سے مولوی شفاعت علی نے سندیلہ مین بود و باش اختیار کی کہ اُنکی والدہ سندیلہ کی رہنے والی تھین - مولوی شفاعت علی نے ۱۲۳۵ھ مین بعہد نظامت ہمارے جد راجہ گوردھن لال کے تھانہ دار سندیلہ تھے

انکے بیٹے مولوی باسط علی ہوے۔ جنکے نام سے سرخی اس خاندان کی لکھی گئی ہے۔ مولوی صاحب ۱۲۲۹ھ مین پیدا ہوے ۱۳۱۳ھ مین بعمر ۸۴ سال وفات پائی۔ محافظ دفتری صدر منصری تحصیلداری کے عہدہ سے گئے۔ بہت ہی قابل اور انشا پرداز اور صاحب تیز اور نفیس مزاج تھے آپکے دو صاحبزادے ہوے۔ مولوی واجد علی۔ و مولوی مصطفےٰ علی۔

مولوی واجد علی پہلے ہمارے علاقہ مین بحالت کورٹ آف وارڈس سربراہ کار رہے۔ پھر تحصیلداری پر ترقی کی بعد ازان ڈپٹی کلکٹر ہوگئے۔ کئی سال تک ڈپٹی کلکٹری کی۔ لیکن بوجہ ناکامی امتحان کے پھر تحصیلداری پر واپس آئے۔ بزمان تحصیلداری پوروہ مین وہ دفعتاً انتقال کر گئے۔ مولوی مصطفےٰ علی کی صاحبزادی کی اُس روز شادی تھی۔ عین نکاح کے وقت یہ خبر آئی۔ مجلس شادی کی بدل بہ بزم ماتم ہوئی اور قول نظامی راست آیا۔

درین صندل سرائے آبنوسی	گہ گاہے ماتم وگاہے عروسی

مولوی مصطفےٰ علی دوسرے بیٹے رجسٹرار گورکھپور ہین اُنکی تنخواہ ماہوار ہی اُنکے دو لڑکے ہین۔ دونون تعلیم یافتہ ہین۔

ذکر خاندان مولوی جعفر علیخانصاحب بہادر میر منشی رزیڈنٹی گوالیار

مولوی صاحب بہادر کا اصلی وطن کاکوری ہے۔ آپکے پردادا شیخ غلام نجف کی شادی چودھری روح الامین کی بہن کے ساتھ سندیلہ مین ہوئی اُن سے شیخ مظہر علی پیدا ہوے۔ مظہر علی کی شادی اپنے ماموں روح الامین کی بیٹی سے ہوئی جس سے شیخ کرم کریم پیدا ہوے۔ شیخ کرم کریم کی پہلی شادی فقیر اللہ ساکن ہرگام کی بیٹی سے ہوئی۔ اُن سے دو بیٹے جعفر علی۔ ممتاز علی پیدا ہوے۔ جب زوجہ اول کا انتقال ہو گیا تب شیخ کرم کریم نے دوسری شادی قاضی یقین اللہ شاہ کی بیٹی سے کی اُنسے دو بیٹیاں دو بیٹے پیدا ہوے۔ اعظم علی۔ نیاز علی۔ شیخ کرم کریم نے ۸ رجب ۱۲۵۰ھ مین انتقال کیا۔ مولوی جعفر علی منجانب سرکار انگریزی میر منشی رزیڈنٹ گوالیار مقرر ہوے۔ مدتون تک اِس خدمت پر سرفراز رہے۔ بہت نیکنامی کے ساتھ زمانہ اُن کا گذرا۔ ہزارون آدمیون کے ساتھ رعایت کی اور جو کچھ سرمایہ حاصل کیا وہ دوست احباب و خاندان کے نذر کیا۔ بہت قصص اُنکی سخاوت کے اِس شہر مین مشہور ہین۔ اکثر رؤسا رعظام کو بوقت ضرورت ہزارون روپیہ قرض دیا اور پھر روپیہ کسی سے نہ لیا نہ پایا۔ علاوہ اُسکے اکثر اہلیان وطن کو نوکری دلوا کر اپنا ہم پلہ بنایا۔ جب گوالیار مین سرکار انگلشیہ اور مہاراجہ دولت راؤ سے لڑائی واقع ہوئی۔ تو اُس وقت بہ جلدوی خیرخواہی نواب گورنر جنرل کشور ہندنے

سات پارچہ کا خلعت اور خان بہادری کا خطاب مع سند عطا فرمایا وہ سند
اب تک اس خاندان مین موجود ہے۔

مولوی صاحب بہادر نے روز دوشنبہ ۸ رمضان المبارک ۱۳۱۲ھ
مین مقام سندیلہ انتقال فرمایا اور بہ مقام بیرون گومٹا قریب ناکہ مینو سپلٹی
ہردوئی مدفون ہوے۔ یہ مقبرہ منہدمہ گومٹا متصل درگاہ میران معزالدین
وناکہ ہردوئی واقع ہے۔ یہ مزار پیر گومٹا کے نام سے مشہور چلا آتا ہے
چہار دیواری پتھرون کی ابھی باقی ہے۔ ایک قبر بھی اُس مقبرے کے
اندر ہے جو پتھر اُسمین لگے ہین وہ ہنودانی مندر کے پتھر معلوم ہوتے ہین
جس سے یہ امر اخذ ہوتا ہے کہ پُرانا مندر توڑکر یہ مقبرہ بنایا گیا ہے۔ اُسکی
حالت دیکھنے سے بہت پُرانا یہ مقام معلوم ہوتا ہے

تاریخ وفات عنایت حسین بلگرامی نے یہ لکھی۔

محمد جعفر علی خان بہادر از دنیا　　بسوے خلد برین رفت آہ واویلا
براے مصرعہ تاریخ ہاتفِ غیبی　　دوشنبہ بود و ہشتم صیام داد ندا

شادی آپکی چودھری غلام مخدوم پسر چودھری نظام کی بیٹی سے ہوئی
جس سے دو بیٹیان اور دو بیٹے صادق علی و فرزند علی پیدا ہوے۔ فرزند علی لاولد فوت ہوے
صادق علی کے بیٹے عنایت علی موجود ہین۔ جو خیرآباد مین رہتے ہین۔
چودھری اعظم علی کا انتقال کئی سال ہوے ہوگیا۔ اور منشی نثار علی نے

بعد تین ماہ اِس واقعہ کے بمقام حیدرآباد انتقال کیا۔ حیدرآباد مین وکیل درجہ اول کے تھے۔

اب دو فرزند آپکے موجود ہین۔ سرفراز علی ۔ سجاد علی ۔ سجاد علی تحصیلدار اجنیٹہ ضلع اورنگ آباد ریاست حیدرآباد مین ہین (اجنیٹہ جاگیر نواب سرسالار جنگ مدارالمہام حیدرآباد مین شامل ہے) چودھری سرفراز علی صاحب سندیلہ مین اپنی ریاست خاندانی اور ننہالی پر قابض اور متصرف ہین علاوہ اِس ریاست کے ایک موضع لکرٹیامؤ ضلع سیتاپور تحصیل مصرکھ مین بہ صیغہ جہیز شادی مین پایا اور وہ اسوقت مینوسپلٹی سندیلہ مین مینوسپل کمشنر ہین۔

ذکر خاندان مولوی صادق حسین

شیخ مومن علی پدر مولوی صادق حسین خاندان شیخ زادگان لکھنؤ سے ہین۔ جنکے بزرگ نواب شیخ عبدالرحیم خان صوبہ دار اودھ تھے لکھنؤ سے کاکوری اور کاکوری سے سندیلہ آئے۔ شیخ صاحب کی شادی دختر مولوی شفاعت علی پدر مولوی باسط علی کے ساتھ ہوئی۔ اسی سے سندیلہ مین بود و باش اختیار کی۔

شیخ صاحب کے دو بیٹے ہوے۔ مولوی صادق حسین مولوی ضامن حسین۔ مولوی ضامن حسین بہت ذی علم اور انشاپرداز تھے۔

پہلے ہمارے علاقہ کورٹ مین سربراہ کار رہے - بعد ازان علاقجات کورٹ بلگرام مین سربراہ کار رہے - نواب سالارجنگ مرحوم وزیر حیدرآباد دکن نے بہ سفارش نواب اکرام اللہ خان رئیس کاکوری (جو اُس زمانہ مین بہ عہدۂ صوبگی گلبرگہ سرفراز تھے) آپ کو حیدرآباد طلب فرمایا اور خاص بلدۂ حیدرآباد مین انکو ناظم فوجداری کیا - آخر مین بیمار ہو کر سندیلہ آئے اور یہین وفات پائی - عبدالرحمن انکے صاحبزادے تھے اُنھون نے عین عالم جوانی مین بہ مقام حیدرآباد انتقال کیا - کوئی اولاد اُن کے نہ تھی -

مولوی صادق حسین بھی انشاپردازی مین مشہور تھے - بعد غدر پیشکار تحصیل سندیلہ رہے - پھر راجہ بہراون کے یہان بزمانہ راجہ رندھیر سنگھ تاحیات سررشتہ داری کی - انکے تین بیٹے ہین - بڑے بیٹے عبدالغفار جو اسوقت شہر گلبرگہ ملک دکن مین ضلع کے سررشتہ دار ہین منشی عبدالغفار کا ایک لڑکا مسمّی عبدالستار ہے جو تعلیم یافتہ نہایت ہوشیار اور لائق ہے اِس سال اُسنے ایم - اے - پاس کیا - اور قدردانی گورنمنٹ عالیہ انگلشیہ کے باعث سے بصرف گورنمنٹ بہ غرض تکمیل علم عربی لندن بھیجا گیا ہے وہان سے جرمن مین تکملہ کرکے بعد مدت تین سال واپس ہوگا - دوسرے عبدالغفور کورٹ آف وارڈس ریاست سرسالارجنگ مین

سر شتہ دار ہین - تیسرے بیٹے منشی عبدالودود جو اسوقت ممبر ڈسٹرکٹ بورڈ ہردوئی و مینو سپل کمشنر بورڈ سندیلہ اور بنچ مجسٹریٹ و آنریری منصف بنچ سندیلہ ہین - موضع لکرالی اُنکو بذریعہ ہبہ مسماۃ امام النساز وجہ حافظ شوکت علی سے ملا ہے اور نیز ثلث بھرکمنہ حافظ شوکت علی صاحب نے خود ہبہ کر دیا تھا - اور ایک ثلث خود بذریعہ رہن لیا - ان سب پر وہ قابض اور متصرف ہین - اور ترقی کرنے والے شخص ہین -

ذکر خاندان سکندر خان افغان

یہ خاندان سندیلہ مین بہت قدیم معلوم ہوتا ہے - مگر کاغذات موجودہ سے صرف شیخ محمد نصیر کے وقت سے پتہ لگتا ہے -

ایک فرمان نورالدین جہانگیر بادشاہ ۱۰۲۷ھ کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ سوائے اُس آراضی کے جو کہ پروانہ ہذا کی رو سے عطا کی گئی تھی - اور بھی آراضی اِس خاندان مین عطیہ سرکار شاہی تھی اور یہ بھی کاغذات سے پتہ لگتا ہے کہ محمد نصیر نے کئی مسجدین اپنے محلہ مین بنوائین - اُسمین سے ایک مسجد سواتالی دس پندرہ سال ہوئے کہ منہدم ہوگئی - دو مسجدین اِس وقت تک موجود ہین - اُسمین سے ایک مسجد ابھی درست ہے - ان تمام مسجدون مین کنکر زیادہ دیا گیا تھا جو بہت صاف کر کے لگایا گیا تھا - محلہ

ترین سرائے بھی محمد نصیر کا آباد کردہ تھا۔ جو اب بروتی کے نام سے مشہور ہے
تالاب خام بھی انہین کا بنوایا ہوا ہے۔ سنگ بختہ مین ہے۔ اب اُنکی
اولاد مین سکندر خان ہین جو اسوقت صیغہ پولیس سے پنشن پاتے ہین اور
اب تک اُسی محلہ مین رہتے ہین۔ ایک فرمان بحکم مہدی علیا یعنی نواب
نورجہان بیگم محل جہانگیر شاہ مین نے دیکھا۔ جسمین ۱۸ بیگہ زمین اس
خاندان کی معافی درج ہے۔ ان کاغذات سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ
سندیلہ مین عالمگیری محلہ شیرہ حوض کے پاس تھا جو گنج عالمگیر کے نام
سے مشہور تھا اور وہین تالاب تھا۔ یہ کاغذات بہت ہی معتبر اور اسوقت
تک درست ہین۔ عیدگاہ بھی محمد نصیر نے بنائی تھی۔ لیکن منہدم ہو گئی
تھی۔ سنہ ۱۲۴۶ھ مین کالیخان بلند خان نے باجازت سیف خان سکندر خان
بذریعہ تحریر سند اس عیدگاہ کی مرمت کرائی۔ اب چند سال ہوئے کہ
اول منشی فضل حسین تعلقدار نے اور بعد ازان چودھری محمد جان تعلقدار نے
اُس کی مرمت کرائی۔

ایک تقسیم نامہ مین نے اس اراضی کا باہم بزرگان سکندر خان کے
دیکھا۔ جسمین دیوان ممریز خان مہمند کی شہادت اور بہت لوگون کی گواہیان
موجود ہین۔ اُس سے جائداد کی کیفیت بخوبی ثابت ہوتی ہے کہ اس
خاندان مین اُسوقت جائداد سندیلہ تلوی و شیخوپور تھی اور اس جائداد کی

بابت نزاعات باہمی انکی تھی - چنانچہ ایک پروانہ ہمارے جدنامدار راجہ گوردھن لال ناظم سندیلہ وغیرہ بنام کنور جمعیت رائے پسر جناب موصوف مین نے دیکھا - جسکی نقل اس موقع پر درج کرتا ہون -

نقل پروانہ مُہری راجہ گوردھن لال ناظم سندیلہ بنام کنور جمعیت رائے پسر خود مورخہ بست و ششم شوال ۱۲۴۴ھ

برخوردار نورچشم اقبال نشان مداللہ عمرہٗ

سابق برین تنازعہ املاک وغیرہ مفصلہ عبارت ذیل فیما بین لطف اللہ خان وغیرہ درمیان بود چنانچہ فریقین را حسب الحکم بردر دولت ابد مدت حاضر کردہ شدہ بود روبکاری آنہا شنیدہ حسب الحکم سرکار قلمی میشود کہ لطف اللہ خان وسیف اللہ خان می گویند کہ بزرگان الف خان ورحم خان املاک موروثی خود را نزد بزرگان انعام اللہ چودھری فروختہ وتامبردگان ازین انکار دارند از چودھری مذکور کاغذ حسابجات طلبیدہ نقل آن بہ الف خان و رحم علیخان دہانیدہ شود وبرہرکس کہ برحوض عالمگیری وگنج بران درخت ثمر معروف جملہ را قابض ہستند تحقیقات آن بمواجہ چپراسی سرکار گردانیدہ انچہ کہ بہ تحقیق رسد ازان اینجانب را اطلاع سازند توقف نہ شود -

راجہ گوردھن لال

ذکر خاندان مولوی محمد اعظم

انکے خاندان کے کاغذات سے ثابت ہوتا ہے کہ انکے بزرگ پہلے سندیلہ کے رہنے والے تھے۔ لیکن چندروز یہ لوگ جاکر بہانی مین رہے اور وہان جائداد ریاست پیدا کی۔ ایک صورت حال مورخہ ۱۰۶۲ھ سے جسپر مہر مرتضیٰ خان پسر میران صدر جہان پہانوی کی ثبت ہے تصدیق اس مضمون کی بخوبی ہوتی ہے۔

شیخ بھکھن کے فرزند شیخ کمال ہوے۔ علاوہ جائداد بہانی کے اُنکو موضع بچھول مین دوسو بیگہ زمین بہ عہد اورنگ زیب عالمگیر ملی۔

سندیلہ مین پورب طرف محلہ ہتوانہ مین ہرسال میلہ صحبت سالار مسعود غازی کا ہوتا ہے۔ اُسی باغ مین یہ مدفون ہوے۔ لہٰذا یہ صحبتیا پیر کے نام سے اب تک مشہور ہین۔ اُنکے بیٹے فیض اللہ ہوے عہد اورنگ زیب عالمگیر بادشاہ مین اُنکو سگہ زمین سندیلہ مین اور (مالسگہ) زمین پرگنہ بردر سرکار خیرآباد مین عطا ہوئی۔

شیخ کریم انکے فرزند کو دروبست موضع پیگرانوان بہ عہد اورنگ زیب عالمگیر معاف ہوا۔ انکے بیٹے مولوی محمد اعظم ہوے۔ یہ بڑے عالم و فاضل تھے۔ علاوہ معافیات سابقہ موضع مہرانیا دروبست بعہد محمد شاہ

بادشاہ دہلی اُنکی مدد معاش مین ملا اور اسی عہد مین مسکہ زمین سندیلہ مین عطا ہوئی لیکن اب پتہ نہین ملتا ہے کہ یہ جائداد اُنکے گھر سے کب نکل گئی۔ اُن کے خاندان والے کہتے ہین کہ نواب امین الدولہ سعادت علی خان بہادر فرمانروائے اودھ کے وقت مین جب سب لوگون کی معافی ضبط ہوئین یہ بھی ضبط ہوئی۔

ریزہ ملکیت، چھوٹی مسجد اور بڑا مکان پختہ اب بھی موجود ہے۔ مولوی محمد اعظم کی اولاد مین مولوی عبد الرزاق بہت قابل شخص تھے۔ پہلے سرکار انگریزی مین ملازمت کی۔ اخیر مین ریاست بھوپال مین ناظم رہے ۱۹۰۸ء مین انتقال ہوا۔ اب اس خاندان مین منشی لیاقت علی ہین جو بھوپال مین منصرم مکانات ہین اور دختری اولاد سے محمد ہادی ہین جو صدر امین ریاست بھوپال ہین۔ مولوی حشمت علی بھی دختری اولاد سے اس خاندان مین ہین۔ صاحب وضع و نیک مزاج ہین۔ ہر شخص کے ہمدرد اور ہر ایک کے رنج و غم مین شریک ہین۔ انکے خاندان مین بکثرت فرامین ہین۔ بطور نمونہ دو نقلین داخل کتاب ہذا کرتا ہون۔

نقل فرامین

گماشتہا سے جاگیرداران و کروریان حال و استقبال پرگنہ سندیلہ سرکار لکھنؤ مضاف اودھ از اعلام آنکہ۔

چونکه موازی سه صد بیگه زمین بموجب فرمان عالی شان حضرت
خلد مکان عالمگیر چهارم شعبان المعظم سنه جلوس مدد معاش شیخ کمال معه فرزندان
در پرگنه مذکور مقرر بود - مشارالیه ودیعت حیات سپرده و پسرانش شیخ کریم الله
وغیره ورثه متوفی مزبور کمر همت بسته حاضر آمدند شهود به شهادت دادند که همان
اشخاص حی و قائم و قابض و متصرف اند بنابران حسب الحکم جهان مطاع
آفتاب شعاع گردون ارتفاع به تصدق فرق مبارک بندگان حضرت خدیو
جهان خداوند زمان باعث امن و امان مظهر اتم پروردگار رحمت اعم
آفریدگار محی شریعت غره مسند بیضا خلیفة الرحمانی آراضی مذکوره بدستور
سابق بشرط قبض و تصرف حسب الضمن آنها مقرر و مسلم داشته شد می باید
که آراضی مزبور از جاگیر و کرور مستثنی دانسته به تصرف آنها واگذارند
که حاصلات آنرا فصل بفصل سال بسال صرف معیشت خود نموده به دعا
گوے دوام مشغول باشند

دیگر

گماشتهاے جاگیرداران وکروریان پرگنه سندیله سرکار لکهنو مضاف
صوبهٔ اودهه را اعلام آنکه -

وکیل مولوی اعظم بدیوان الصدرات العالیه التماس نمود که موضع
تهرنیا در وبست اصلی یا داخلی پرگنه مذکور بموجب سند امین الله خان صدر

جزو در وجه مدد معاش موکل با فرزندان بلاقید اسامی و قسمت مقرر است
امید وارست که پروانه بحالی عهد معافی تصدیق و یادداشت و فرمان والاشان
مرحمت شود حکم شرف نفاذ یافت که بفضل بقدر ما نفع به اللکاف حق محتاجیں
بر سلاطین است ارباب استحقاق که بموجب نشان سعادت عنوان و اسناد
حکام مدد معاش دارند متعرض احوال آنها نه شوند لهذا حسب الحکم الاعلی قلمی
می گردد که موضع مذکور را در وبست اصلی یا داخلی حسب الضمن در وجه مدد معاش
مشار الیہ با فرزندان معافی و تصدیق و یادداشت و فرمان والاشان و سند
مجدد بلاقید اسامی و قسمت دیده و دانستہ بتصرف آنها واگذارند و حاصلات
آنرا صرف معیشت خود ها نموده بدعاے دوام دولت ابد مدت اشتغال
نموده باشند اگر در محل دیگر حریے می نباشد آنرا اعتبار نه کنند درین باب قدغن
دانستہ حسب المسطور بہ عمل آرند

بتاریخ چهاردہم شهر رمضان المبارک سنہ جلوس والا قلمی شد

ذکر خاندان بھگوشاہ وبندوشاہ

یہ لوگ جنید روحانی کی اولاد میں ہیں۔ بھگوشاہ کا ۱۹ سنہ ء میں انتقال
ہوا۔ بندوشاہ موجود ہیں۔

خاندان بھگوشاہ و بندوشاہ یہ خاندان درویش کا ہے۔ بہت اچھے

اچھے لوگ اس خاندان مین گذرے ہین - جاگیرین معافیان سلطنت مغلیہ سے انکو ملین - چنانچہ اس وقت ایک فرمان میرے سامنے پیش ہے جسکو سید واجد علی خلف میر عباس علی نے پیش کیا - یہ فرمان شاہ عالم بہادر شاہ کا مورخہ دہم شہر محرم سنہ ۲۰ ۱۱ھ کا ہے - جسمین دوسو بیگہ زمین بنام درویش محمد سندیلہ مین دی گئی ہے اور وہ فرمان ابھی تک درست اور مسجل ہے - درویش محمد کی اولاد مین شاہ جنید روحانی ہوے - اُنکے نام کی معافی کے مواضعات مہامؤ وغوث پور اب تک موجود ہین - املیا باغ مین شاہ صاحب مدفون ہین یہ املیا باغ اُنھین کا لگایا ہے -

ایک کتاب مجھے محمد ہادی خلف بندو شاہ نے دکھلائی جسمین کلام جنید روحانی کا تھا - عبارت نہایت لطیف کلام نہایت پاکیزہ چند اشعار انکی تصنیفات سے لکھتا ہون - اُس کتاب سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ یہ کتاب حضرت شاہ جنید روحانی نے ۲۶ سنہ ع مین تصنیف کی تھی -

ہر کہ دزد صدق در راہ خدا صدیق اوست	بالیقین بیجا تصور صاحب تصدیق اوست
ہر کسے اندر شریعت راسخ و گوید سخن	ازمعارف فی الحقیقت یافتہ توفیق اوست
گرندارہ در طریقت کس طریق حق نگاہ	ازفریق باطلانست واجب التفریق اوست

چار منزل یک بیک ہر کو رعایت می کند
اے جنید اندر دو عالم شیخ بالتحقیق اوست

ذکر خاندان منشی عبدالحی خوشنویس

یہ خاندان خاندان قاضی زادگان سندیلہ سے ہے۔ اِس خاندان ین خوشنویسی مین بڑے بڑے یگانہ روزگار ہوے۔ تمام سندیلہ بلکہ ملک اودھ مین فیض اِس خاندان کا پہونچا۔

منشی عبدالستار مہاراج الدہراج نراند ربہادر مہاراجہ ٹکیت رلے دیوان سلطنت اودھ کی سرکار فیض آثار مین ملازم تھے جب مہاراجہ بہادر نے پُل بتیا کا قریب کاکوری بنوایا۔ اُس وقت منشی صاحب نے تاریخ طیاری پُل کی لکھی جواب تک سنگ مرمر پر کندہ اور پُل کی عمارت مین لگی ہے منشی صاحب کے تین بیٹے تھے منشی امین الدین۔ منشی فریدالدین منشی عبدالحی۔

منشی امین الدین ہمارے جد نامدار کی سرکار مین معزز ملازمان سے تھے۔ کنور جمعیت رلے صاحب اور ہمارے والد راجہ دہنپت رلے بلکہ کل خاندان آپ کا شاگرد تھا۔ منشی فریدالدین بہ عہد چکلہ داری علی حسن خان بہادر تحصیلدار قصبہ مہونہ کے تھے۔ منشی عبدالحی صاحب کے صفات خارج از اظہار بیان ہین۔ جیسے ہی وہ ذی اخلاق اور نیک مزاج تھے ویسے ہی فن خوشنویسی مین یکتاے روزگار تھے۔ باوجودیکہ لکھنؤ مین بڑے

بڑے خوشنویس موجود تھے۔ لیکن آپکے سامنے خط عجز لکھدیا تھا۔ بالآخر
حضرت سلطان عالم واجد علی شاہ بادشاہ اودھ کی شرف ملازمت سے
مشرف ہوے اور بوقت انتزاع سلطنت وہنگام سفر کلکتہ بادشاہ کی رفاقت
مین کلکتہ گئے اور وہین تاحیات سرکار شاہی کی خدمت مین بسر کی۔ بعد
اُنکے آپکے صاحبزادے منشی عبد العلی صاحب اپنے والد کی جگہ پر مرحمت
شاہی سے سرفراز رہے۔ آخر مین نوکری چھوڑ کر واپس تشریف لاے۔
منشی صاحب کے تین صاحبزادے ہین۔ عبد السمیع جو اس وقت
ڈپٹی کلکٹر اور رشتہ ونزول لکھنؤ کی خدمت پر سرفراز ہین۔ اور امسال بتقریب
تاجپوشی حضرت شہنشاہ عالم جارج پنجم ادام اللہ ملکہ وسلطنتہ بمقام دہلی خطاب
خان بہادر سے ممتاز ہوے ہین۔
منشی عبد الرحمٰن وکیل ہائیکورٹ وقائم مقام منصف اناؤ ہین۔
منشی عبد الحلیم ڈپٹی کلکٹر شاہجہانپور ہین۔
شکر خدا کہ مثل بزرگون کے اولاد نے بھی اس خاندان کی نام آوری
حاصل کی اور ہر ایک پیرایۂ علمی اور اخلاق سے آراستہ وپیراستہ ہے۔ لیکن
افسوس ہے کہ بود وباش سندیلہ کی بالکل ترک کردی اور اسیون مین قیام
اختیار کیا۔

ذکر خاندان میر شوکت علی

میر شوکت علی محلہ منڈی کے رہنے والے تھے - چونکہ میر فرزند علی ساکن اشراف ٹولہ زمیندار عمر تالی کے یہان یہ منسوب تھے - اِس لیے اشراف ٹولہ مین جاکر رہے اور مکانات اور خانہ ہاے رعایا اور موضع عمر تالی مین آپکے صاحبزادے میر منصب علی نے حصہ پایا -

میر منصب علی بہت ہی قابل شخص تھے - فارسی مین منشی کاظم علی صاحب بن منشی یوسف علی صاحب کے اور اُردو مین آفتاب الدولہ قلق کے شاگرد تھے - بڑا وقت اپنا ملازمت گورنمنٹ مین گذرانا - سررشتہ سب ججی رہے - بالآخر پنشن لیکر خانہ نشین ہوے -

شعر و سخن کا بہت شوق تھا - شائقین سخن جمع رہتے تھے اور مذاکرہ اور اسی صحبت سے اُنکو دلچسپی رہتی تھی - اُنکی نظم و نثر کی نقل درج ذیل ہے -

نقل خط میر منصب علی ہنر بنام راقمؔ

ہنر دوست دارا ے فرخندہ فر	بہ گیتی گزین قدردان ہنر

ماہ نیم ماہ سپہر جاہ و جلال مہر نیم روز آسمان سحر ہلال حضرت مہر دام اقبالہٗ

از مہر نیم روز روشن تر است کہ فکر رسا ے حضرت مہر را بمقام عالی

داده اند۔ ذکرش اندیشہ راچہ یارا در فرازستان سخنوری بآن پایہ بہاده اند کہ عنقاے وہم وخیال درنیم راہش بال می شکند چون این قضیہ مسلم ہست لہذا ہر سخنور را لازم بلکہ واجب است کہ کلام خود را بغیر ملاحظہ اقدس و داعلی مشتہر نہ گرداند وبزعم باطل مبتلا گردیده خود را رسواے معانی نہ سازد نظر برآن قطعہ تاریخی کہ دیروز سیاہی زده ام سوادش برداشتہ ارسال خدمت بابرکت می کنم وعرضہ میدہم کہ بنگاه ژرف ملاحظہ نمایند۔ وجائیکہ خامہ لاوبالی پوی من بے لجام رفتہ باشد براه ذره نوازی ومہر ورزی عنان گیری نموده مرہون منت فرمایند وہمروزه پاسخ عریضہ عنایت سازند وبس۔

عریضہ نگار حقیر منصب علی ہنر۔ معروضہ ۲۲ فروری ۱۹۰۹ء

ایک مرتبہ بیماری کی حالت مین مین نے انکو دو رباعیان لکھکر بھیجین۔

رباعی

دل از شکایت طبعت ملول ومحزون است
بگو بگو کہ مزاج شریف تو چون است
شود بتمامت تو رامست خلعت صحت
امید زود ز فضل خداے بیچون است

دیگر

شنم کہ با تو ارادت بہانہ دارم
ہوا ے دیدن روبت بغایتے دارم

تاسف است کہ معذورم از عیادت تو | چرا کہ خود ز طبیعت شکایتے دارد

میر صاحب نے پھر اسکا جواب اُردو نظم مین لکھا۔

کیا عجب تاثیر تھی فریاد کی | ہوگئی باعث خود اُسکی یاد کی
کیون نہو ماہی سے شہرت تا بماہ | مہر نے کیا کیا مری امداد کی
کیا کہون کیا کیا ہی مرحمت | ہر عطا مین اک نئی ایجاد کی
کاغذی لیمو بھی تھے امرود بھی | ایک شیشی روغن گلشاد کی
ذرۂ ناچیز ہون تلمیذ مہر | کیون بھلا شفقت نہو اُستاد کی
خوش دلی سے کیون نہ دون اُسکو دعا | شاد کیسی خاطر ناشاد کی
اے ہنر امید نے یہ عنقریب | دے صدا صحت مبارکباد کی

افسوس کہ بتاریخ ۶ ستمبر ۱۹۰۹ء آپ نے انتقال فرمایا۔ مین نے تاریخ وفات لکھی۔

برفتہ از جہان منصب علی حیف | ز نیکی قرب بود و از بدی دور
بہ خوشخوے و ہم نیکو مزاجی | بہر سو بود او معروف و مشہور
سخن را بود با ذاتش نیازے | دلش بود از شراب علم مخمور
ہمیشہ بزم اُنس خویشتن را | ز جمع نکتہ سنجان داشت معمور
سخن فہم و سخن سنج و سخن گو | ز شغل علم و فن می بود مسرور
پے سال وفاتش مہر خستہ | بگفتا از سر افسوس مغفور
۱۳۲۷ھ

ذکر خاندان محمد زمان افغان کاشانی

یہ خاندان محلہ (بڑے کی سرائے) منحلات اشراف ٹولہ مین آباد ہے اِس خاندان مین زمینداری ریزہ ملکیت وخانہ ہاے رعایا کی قدیم چلی آتی ہے اگرچہ بذریعہ بیع ورہن وغیرہ کے منتقل بھی ہوگئی ہے۔ لیکن تاہم بہت سے قطعات مزروعہ اور بہت قطعات خانہ ہاے رعایا اصغر خان وغیرہ خاندانی لوگون کے قبضہ مین ہین۔

محمد زمان خان بہت ہی لائق شخص تھے۔ بڑی بڑی نوکریان کین ہفت قلم تھے۔

بلند خان

یہ خاندان محلہ چوک منحلات اشراف ٹولہ مین آباد ہے۔ اِس خاندان کی بھی قدیم زمینداری ریزۂ ملکیت وخانہ ہاے رعایا اب تک قبضہ مین ان خاندان والون کے ہین۔ مگر زیادہ سے زیادہ حصہ فروخت ہوگیا ہے یہ لوگ بہت قدیم باشندہ وزمیندار اِس محلہ کے ہین۔

بلند خان کالے خان وغیرہ ہمارے جدنامدار کی سرکار مین معزز ملازمان سے تھے۔ اب اس خاندان مین محرم علی خان وغیرہ ہین۔

ذکر ڈاکٹر ظفر حسین خان

یہ خاندان بھی محلہ چوک منحلات اشراف ٹولہ مین آباد ہے - زمینداری ریزہ ملکیت و خانہ ہاے رعایا بھی قدیم سے اس خاندان کے حصہ مین چلی آتی ہین - جس پر ڈاکٹر صاحب اور اُنکے بھائی موج حسین قابض و متصرف ہین اور ذاتی بھی جائدادین جدید ان صاحبان نے پیدا کی ہین - ڈاکٹر صاحب پنشن بھی گورنمنٹ سے پاتے ہین - موج حسین خان نے ایک کتاب موسوم بہ جامع التواریخ تحریر کی ہے - ان صاحبان کا بیان ہے کہ ہمارے بزرگ دیوان ممریز خان فیروز شاہ تغلق کے وقت مین اُنکے ساتھ سندیلہ مین آئے اور بہ حکم شاہی سندیلہ مین قیام کیا اور نوسو نواسی مواضعات بطور جاگیر اُنکو ملے - اب تک اُسمین سے مسلم محلہ چوک مع متفرق ریزہ ملکیت قصبہ سندیلہ مین قبضہ مین موجود ہے اور مزار دیوان ممریز خان کا اُسی محلہ مین ہے -

ذکر خاندان میر فرزند علی

یہ خاندان سندیلہ مین مغلون کے نام سے مشہور رہے اشراف محلہ مین ایک محلہ مغلسرا ے انہین کے بزرگون کا آباد کردہ موجود ہے - یہ محلہ کل

اسی خاندان کے قبضہ مین چلا آتا ہے - عمارت بارہ کھمبہ انہین کے مورثون کی ہے - اِس عمارت کے دیکھنے سے ثابت ہوتا ہے کہ کئی سو برس سے یہ خاندان سندیلہ مین آباد ہے - یہ عمارت عمدہ ابتک موجود ہے - اِس خاندان مین میر فرزند علی شاہزادہ عظیم الشان خلف محمد علی شاہ بادشاہ کے عہدۂ داروغگی پر ملازم تھے - اُنھون نے اپنے عہد مین موضع عمرتالی حاصل کیا جو ابتک خاندان مین موجود ہے - میر اولاد علی اُنکے بیٹے ہین -

خاندان مُلا دایم

یہ خاندان مخدوم علاء الدین گورستان کی اولاد سے ہے - مخدوم صاحب موصوف کا مزار موضع اسھی دیہہ علاقہ راقم مین واقع ہے - عرصہ سے اِس خاندان کی سکونت محلہ مھتوانہ مین قریب عمارت راقم چلی آتی ہے -

ملا دائم داماد شیخ کمال سندیلی کے تھے - جنکا مزار صحبتیا باغ مین ہے اور صحبتیا پیر کے نام سے مشہور ہین - اِس خاندان مین لوگ ذی علم گذرے ہین - آخر وقت مین مولوی محمد واصل و مولوی محمد طاہر تھے - ان دونون صاحبان نے ایک محلسراے اور ایک دیوان خانہ بنایا جو ابتک موجود ہے - اور مختصر عمدہ عمارت ہے -

اب اس خاندان مین مولوی محمد حسن وغیرہ موجود ہین - مولوی محمد حسن

پہلے ملازم گورمنٹ تھے - داروغہ جیل رہے - اب ریاست رامپور میں معزز ملازموں سے ہین -

ذکر خاندان شاہ ولایت

آپ اپنے وقت کے مشہور درویش باکمال تھے - آپکے بہت خلیفہ تھے - تاریخ وفات آپکی یہ ہے -

قطب حق بود آن ولایت شاہ	کرد رحلت بہ منزل عالی
سال تاریخ از خرد جستم	گفت ہاتف کہ شہر شد خالی

آپکی اولاد مین شاہ عباس شاہ اور شاہ نہال الدین و شاہ قمرالدین گذرے ہین - سلطنت دہلی سے دیہات اور معافیان اِس خاندان کو ملی تھین جسکے فرمان اسوقت تک موجود ہین - جسکو مین نے بہ چشم خود ملاحظہ کیا ہے اُنکی اولاد مین اعلی حضرت ولایت علی کے بیٹے اسوقت موجود ہین - شاہ ولایت کا مقبرہ اُنکے تکیہ مین واقع ہے جو محلہ ملکانہ مین داخل ہے -

ذکر خاندان میر غلام امام

آپ نواب آصف الدولہ بہادر کے وقت مین شاہجہانپور وبریلی وغیرہ مین چکلہ دار رہے - محلہ منڈی مین ایک عالیشان عمارت محل سرا

وغیرہ تعمیر کرائی ہے جو ابتک موجود ہے۔ آپ میر ہاشم شاہ مہندی و میر دیکھا کی اولاد سے تھے۔ اب آپکی اولاد مین میر تصدق حسین و میر اکرام حسین موجود ہین۔ میر اکرام حسین میری ریاست سرسوا واقع ضلع کھیری مین دس سال تک بہ عہدہ تحصیلداری ملازم رہے۔

ذکر خاندان دیوان شیخ محمد علی

آپ باندہ مین بہ عہدہ دیوانی ملازم تھے۔ بذریعہ ملازمت بہت تمول حاصل کیا۔ آپکی اولاد نرینہ نہ تھی۔ صرف ایک صاحبزادی تھین۔ جنکی شادی مین آپ نے زر کثیر صرف کیا تھا۔ جس کا ذکر اب تک باشندگان سندیلہ کی زبانون پر جاری ہے۔ آپ نے ایک عمدہ محل سرائے و دیوانخانہ محلہ ملکانہ مین لب سڑک تیار کیا تھا جو اسوقت تک موجود ہے اور باندہ مین بہت بڑی عمارت بنوائی۔ آپکی صاحبزادی کی شادی ممتاز الزمان شیخ زادگان لکھنؤ کے ساتھ ہوئی۔ آپکے صاحبزادے شیخ فہیم الزمان و شفیع الزمان تھے۔

شفیع الزمان باندہ مین رہتے تھے اور آپ سندیلہ مین۔ آپ کو علم تواریخ مین بہت دخل تھا۔ نفاست مزاجی و خوش اخلاقی مین بہت مشہور اور معروف تھے۔ مین نے آپ کا ذکر اپنی تواریخ بوستان اودھ مین کیا ہے۔

اب آپکے صاحبزادے شیخ بشیر الزمان اور نعیم الزمان ہین - سندیلہ کی جائداد اور باندہ کی جائداد پر قابض اور متصرف ہین - شیخ شفیع الزمان کے صاحبزادے شیخ یوسف الزمان صاحب ہین جو باندہ کی ریاست و املاک پر قابض و متصرف ہین

ذکر خاندان منشی عزیز الدین

آپکے آبا واجداد قصبہ ہرگام ضلع سیتاپور کے رئیس تھے بوجہ قرابت ورشتہ مندی کے سندیلہ مین سکونت اختیار کی - آپ ملک متوسط ضلع ساگر وغیرہ مین عرصہ تک اکسٹرا اسسٹنٹ - و اسسٹنٹ کمشنر رہے - ایام غدر مین خیرخواہی کی - جسکے جلدو مین موضع اٹوا ضلع ہردوئی تحصیل بلگرام گورنمنٹ سے پایا اور بعد حصول پنشن چند سال سندیلہ مین خانہ نشین رہے - ۸ مئی ۱۸۹۲ء مین وفات پائی - اب آپکے صاحبزادہ منشی مقبول احمد وغیرہ ہین -

منشی مقبول احمد اس وقت مینوسپل کمشنر اور بنچ مجسٹریٹ قصبہ ہذا اور سکریٹری دیہاتی بنک ہین - امسال گورنمنٹ سے خطاب خانصاحب کا پایا ہے

ذکر خاندان مولوی مہدی حسن

آپکے آبا واجداد رئیس کاکوری تھے - بوجہ قرابت خاندان مخدوم زادگان اشراف ٹولہ سندیلہ مین سکونت اختیار کی - آپکے والد مولوی

فضل علی عرف مولوی فضل صاحب عرصہ تک لکھنؤ مین بعہدۂ مفتی مامور رہے۔ ۱۸۵۰ء مین وفات پائی۔ مولوی مہدی حسن صاحب ملک متوسط مین عرصہ تک ملازم رہ کر عہدۂ تحصیلداری پر پہونچے۔ آخر مین پنشن لیکر حج کو تشریف لے گئے اور بعد واپسی حج قریب ۳۰ سال زندہ رہے آپ کا وقت عزیز یادِ خدا مین گذرتا تھا۔ نہایت متقی اور پرہیزگار اور بےنفس آدمی تھے۔ اہل سندیلہ بہت قدر کی نگاہ سے آپکو دیکھتے تھے۔ ۱۹۰۹ء مین آپ نے انتقال کیا اور بہ مقام کربلا دفن ہوے۔ آپکی اولاد مین کوئی نہین ہے۔ اب صرف آپکے خاندان مین محمد عربی بیرسٹر آپکے برادرزادے موجود ہین۔

ذکر خاندان مولوی کریم الزمان

یہ خاندان سندیلہ مین قدیم سے آباد ہے۔ قوم شیوخ سے ہین بنجارون کے نام سے مشہور ہین۔ بعض بعض مکانات اِس خاندان کے اب تک قدامت بتلاتے ہین۔ بعض لوگ اِس خاندان مین عالم و فاضل بھی ہوے۔ از انجملہ مولوی کریم الزمان عربی کے عالم تھے اور درس کتب عربی کا دیا کرتے تھے۔ آخر عمر مین مدرسہ انگریزی مین نوکری کی۔ اِس خاندان کے لوگ ہمیشہ سے دوکانداری پیشہ رہے ہے۔ اب موجودہ زمانہ مین

واجد علی نبیرہ مولوی کریم الزمان نے پیشہ تجارت مین بہت ترقی حاصل کی
اور دوکان اور مکان عمدہ پختہ بنوایا ہے۔

ذکر خاندان مولوی ضامن علی

جو کیفیت مولوی ضامن علی نے اپنے خاندان کی پیش کی اُس سے
معلوم ہوتا ہے کہ اس خاندان کے مورث اعلیٰ شیخ غلام محمد مکہ معظمہ سے
بہ عہد بہادر شاہ ہندوستان مین آئے۔ بہ عہد سعادت خان صوبہ دار اودھ
بہ عہدۂ سفارت منجانب بادشاہ دہلی مین پہونچے۔ و بہ عہد شجاع الدولہ
بخطاب خانی ممتاز ہوئے۔ اور سندیلہ مین آکر بود و باش اختیار کی۔ اور
ایک باغ نصب کیا کہ جو اب تک موجود ہے۔ اُنکی شادی خاندان
میر دریا و میر داراب باشندگان ملکانہ منڈی کے یہان ہوئی۔ اُن سے
تین صاحبزادے پیدا ہوئے۔ احمد علی۔ روشن علی۔ فضل علی۔

روشن علی کا عقد دختر لعل محمد کے ساتھ کہ جو ہمراہ شیخ غلام محمد آئے
تھے ہوا۔ اُن سے شیخ اکبر علی تولد ہوئے۔ یہ ایک لائق اور ذی علم شخص

شیخ سالم علی پسر شیخ اکبر علی کے تین لڑکے شیخ عالم علی۔ شیخ حافظ علی۔ شیخ خادم علی۔ شیخ عالم علی بہت قابل شخص تھے۔ نواب عظمت الدولہ بہادر خویش حضرت واجد علی شاہ بادشاہ کے استاد تھے۔ انکے چار فرزند ہوے۔ طالب علی۔ غالب علی ضامن علی۔ ثامن علی۔ بحالت موجودہ ثامن علی حیدرآباد مین وکالت کرتے ہین۔ مولوی ضامن علی سندیلہ مین اپنی ریاست موجودہ کے منتظم ہین اور صاحب دانش و علم ہین۔

ذکر خاندان چودھری سبحان عطا

یہ خاندان پیر تاج الدین کی اولاد سے ہے۔ پیشہ زمینداری اس خاندان کا آبائی ہے۔ اب موجودہ حالت مین زمینداری بہت کم باقی ہے اب اس خاندان کے لوگ ملازمت پیشہ ہین۔ متھوانہ کی زمینداری مین چودھری عطار اللہ کا خاندان اور یہ خاندان بوجہ ہم جدی ہونے کے شریک

[illegible] حصہ تک بعہدہٗ

صاحب وغیرہ موجود ہیں۔ منشی اصغر علی صاحب چودھری حشمت علی صاحب
کے داماد ہیں۔

تمام شد

الحمد للہ والمنت کہ این کتاب نادر و نایاب و نسخہ بے مثل ولا جواب
یعنی **تاریخ سندیلہ** امروز بہ تاریخ ۲۵ ماہ نومبر ۱۹۱۳ء باتمام رسید

غرض نقشیست کز ما یاد ماند | کہ ہستی را نمی بینم بقائے
مگر صاحبدلے روزے بہ رحمت | کند در حق این خستہ دعائے

الحمد للہ والمنتہ کہ این کتاب **تاریخ سندیلہ** از تصنیفات و تالیفات
مسند نشین ایوان ریاست متکی آرائے دولت و امارت راجہ درگا پرشاد
صاحب بہادر تعلقدار و آنریری مجسٹریٹ [illegible]
[illegible]